سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے مناقب پر مشتمل مجموعۂ کلام

جگر گوشۂ بتول

انتخابِ مناقب

تحقیق و ترتیب

محمد عارف جاوید نقشبندی

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے مناقب پر مشتمل مجموعۂ کلام

جگر گوشۂ بتول

اپنی نوعیت کی ایک منفرد کتاب

تحقیق و ترتیب

محمد عارف جاوید نقشبندی

علم و عرفان پبلشرز
الحمد مارکیٹ، 40-اُردو بازار، لاہور۔
فون: 37232336'37352332 فیکس: 37223584
www.ilmoirfanpublishers.com
E-mail: ilmoirfanpublishers@hotmail.com

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں

نام کتاب ——— جگر گوشۂ بتول

مرتب ——— محمد عارف جاوید نقشبندی

معاون ——— حافظ محمد مختار علی

پروف ریڈنگ ——— صاحبزادہ محمد نجم الامین فاروقی

کمپوزنگ ——— التاج لائبریری واپڈا ٹاؤن گوجرانوالہ

ڈیزائننگ ——— القمر ایڈورٹائزرز گوجرانوالہ

اہتمام ——— علم و عرفان پبلشرز

تعداد ——— 1100

قیمت ——— -/300 روپے

ملنے کا پتہ

التاج لائبریری جامع مسجد سرکارِ مدینہ B-1 واپڈا ٹاؤن گوجرانوالہ

0300-7440640,0333-4625184

Marfat.com

انتساب

اپنی یہ کاوش بصد عجز و نیاز، محبوبِ محبوبِ خدا، شہزادۂ گلگوں قبا، راکبِ دوشِ مصطفیٰ

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

اور شہدائے کرب و بلا کی بارگاہ میں بصد عجز و نیاز پیش کرتا ہوں

یہ انتساب ہے سرمایۂ ثبات مرا
کہ خود کو آلِ نبی کا غلام کہتا ہوں

ثمر

جامع مسجد سرکار مدینہ کے فارغ التحصیل حافظ قرآن

حافظ عبید اللہ رحمۃ اللہ علیہ

کے نام

جو گذشتہ سال دس محرم کے دن ہم سب کو داغ مفارقت دے گئے

اللہ تعالیٰ اپنے نبی ﷺ کے پیاروں کے صدقے ان کی بخشش فرمائے

آمین بجاہ النبی الامین

Marfat.com

قطعۂ تاریخ اشاعت جگر گوشۂ بتول

ہیں عارفِ جاوید اک مردِ سعید
میدانِ علم و ذوق کے فردِ وحید

کی ہے مرتّب خوب یہ نادر کتاب
اہلِ عقیدت کے لئے ہوگی مفید

مدحِ امامِ پاک پر ہے مشتمل
الفت ہے جن کی کامرانی کی کلید

ان کی رگوں میں تھا رواں خونِ بتول
مضبوط تھی ان کی خودی مثلِ حدید

وہ محسنِ اسلام ، امامِ عاشقاں
پائی حیاتِ جاوداں ہو کر شہید

خلدِ بریں میں جائے گا ان کا محب
ایندھن بنے گا نار کا ان کا عنید

خدمت میں ان کی یہ محبت کا خراج
ہے خوب ، ارفع ، بہتریں ، یکتا ، مجید

فیض الامیں کو دی خرد نے یوں صدا
سالِ رسا اس کا کہو "ذکرِ رشید"
۱۴۳۴ء

صاحبزادہ فیض الامین فاروقی

Marfat.com

اوصاف علی بگفتگو ممکن نیست
گنجائش بحر در سبو ممکن نیست
من ذات را بواجبی کے دانم
الا دانم کہ مثلِ او ممکن نیست

شاہ است حسین پادشاہ است حسین
دین است حسین ، دیں پناہ است حسین
سر داد ، نہ داد دست در دستِ یزید
حقا کہ بنائے لاالہ است حسین

اے باجِ نبی بر سرِ تو تاجِ نبی
اے دادِ شہنشہ تیغ تو باجِ نبی
اے کہ معراجِ تو بالا شد
یک قامت احمدی زِ معراجِ نبی

کارے کہ حسین اختیارے کردی
در گلشنِ مصطفیٰ بہارے کردی
از ہیچ پیمبراں نیابد ایں کار
واللہ کہ اے حسین کارے کردی

خواجہ معین الدین چشتی اجمیری

Marfat.com

آں امامِ عاشقاں پورِ بتول — سروِ آزادے زِ بستانِ رسول
اللہ اللہ بائے بسم اللہ پدر — معنیٔ ذبحِ عظیم آید پسر
بہر آں شہزادۂ خیر الملل — دوشِ ختم المرسلیں نِعمَ الجَمَل
سرخ رو عشقِ غیور از خونِ او — شوخیٔ ایں مصرع از مضمونِ او
موسیٰ و فرعون ، شبیر و یزید — ایں دو قوت از حیات آید پدید
زندہ حق از قوتِ شبیری است — باطل آخر داغِ حسرت میری است
خاست آں بر جلوۂ خیرالامم — چوں سحابِ قبلہ باراں در قدم
تا قیامت قطعِ استبداد کرد — موجِ خونِ او چمن ایجاد کرد
بہرِ حق درخاک وخوں غلطیدہ است — پس بنائے لاِالٰہ گردیدہ است
عزمِ او چوں کوہساراں استوار — پائدار و تند سیر و کامگار
تیغ بہرِ عزتِ دین است و بس — مقصدِ او حفظِ آئین است و بس
خونِ او تفسیرِ ایں اسرار کرد — ملّت خوابیدہ را بیدار کرد
نقش الا اللہ بر صحرا نوشت — سطرِ عنوانِ نجاتِ ما نوشت
رمزِ قرآں از حسین آموختیم — ز آتشِ او شعلہ ہا اندوختیم
شوکتِ شام و فرِ بغداد رفت — سطوتِ غرناطہ ہم از یاد رفت
تارِ ما از زخمہ اش لرزاں ہنوز — تازہ از تکبیرِ او ایماں ہنوز

اے صبا اے پیکِ دور افتادگاں
اشک ما بر خاکِ پاکِ او رساں

علامہ محمد اقبال

Marfat.com

لایا مہندی خُون اجل دی اے
ایہہ مہندی روز ازل دی اے

ایہہ مہندی فاطمہ سَین دی اے
خُون پاک شہید حُسین دی اے

ایہہ ہوراں نال نہ رلدی اے
لایا مہندی خون اجل دی اے

نبی ، علی دا دُرِ یگانہ
فاطمہ مائی دا مال خزانہ

نانا پاک دا پہن کے بانا
طرف مقتل دے تِھیا روانہ

جُنبش ہوئی زمین اسماناں
نالے عرش عظیم پئی ہلدی اے

لایا مہندی خون اجل دی اے

آکھے نبی ، علی تے فاطمہ زہرا
فرزند حسین تو ویہلا آ

سانوں سِک تیری پل پل دی اے
لایا مہندی خون اجل دی اے

شاہ تیری مہندی دا پتّر ساوا
کُوفیاں رَل مِل کیتا دھاوا

اینویں لِکھّی ہوئی ازل دی اے
لایا مہندی خون اجل دی اے

شاہ تینڈی مہندی دا پتر پیلا
سوپیوئی رب نُوں خویش قبیلہ

تینوں پئی مُصیبتِ کربل دی اے
لایا مہندی خون اجل دی اے

شاہ تینڈی مہندی دا رنگ ڈلارا
روندا تینوں عالم سارا

ساری خلقت تلیاں مل دی اے
لایا مہندی خون اجل دی اے

Marfat.com

جگر گوشۂ بتول

شاہ تینڈی مہندی دا رنگ سُوہا — اُمتّ نُوں ہے تیرا بُوہا
ساری اُمتّ جلدی بَلدی اے — لایا مہندی خون اجل دی اے
ایہہ مہندی سوہنے باگ دی اے — وَیُطَہِّرُکُم والی لاگ دی اے
تاہیں ہوراں نال نہ رَلدی اے — لایا مہندی خون اجل دی اے
اُدھر پاک معصوم پیاسے ترسن — جنہاں تے مینہ تیراں دے برسن
اِدھر تیغ حسین تے چلدی اے — لایا مہندی خون اجل دی اے
رب نُوں آہا ایہو بھانڑاں — رتبہ شہیدی تینوں دِوانڑاں
نہیں تاں تھوڑ اُتھے کیہڑی گل دی اے — لایا مہندی خون اجل دی اے
سبحان اللہ تیرے رنگ اِلٰہی — اوہ سوہنی صُورت فاطمہ جائی
آج خاک وچ پئی رلدی اے — لایا مہندی خُون اجل دی اے
مہرؔ علی شاہ ! ایہہ جھوک فنا دی — دائم قائم ذات خدا دی

تیری وسدی بھی پل جھل دی اے
لایا مہندی خون اجل دی اے

پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی

Marfat.com

نمبر شمار	کلام	شاعر	صفحہ
ا	شعلۂ رقصاں	علامہ رب نواز خاں اجمیری	25
ب	دیباچہ	محمد عارف جاوید نقشبندی	27
1	آپ ہیں، ہم ہیں، زمانہ ہے ثنا خوانِ حسین	محمد اسلام شاہ	39
2	آج تک ساحلوں پر سر ہے پٹختا پانی	نثار علی اجاگر	40
3	آ غمِ شبیر آ! سینے لگا کر چوم لوں	صائم چشتی	41
4	آ کے دشت شاہ پر مخصوص جادہ کر لیا	سید وحید الحسن ہاشمی	42
5	آل احمد کی عظمت پہ لاکھوں سلام		43
6	آیا نہ ہوگا اس طرح حسن و شباب ریت پر	ادیب رائے پوری	44
7	ابن حیدر دین کی پشت و پناہ	حافظ چشتی تونسوی	45
8	ابھی نشانۂ غم ہائے بے سبب ہے حسین	سید وحید الحسن ہاشمی	46
9	اٹھا نگاہ میں اک عزم بے پناہ لئے	حافظ مظہر الدین	47
10	اس شخص کی کونین میں توقیر بہت ہے	ابو ظفر صہبا	48
11	اس قدر تیری حرارت مرے ایمان میں آئے	مظفر وارثی	49
12	اسی کا ذکر جمیل کرنا، اسی کے رخ کی کتاب پڑھنا	حسن عسکری	50
13	اک درد دل و جان کو زنجیر کرے ہے	شفیق احمد خان	51
14	اگر یہ علم نہیں، غم ہے کیا، خوشی کیا ہے	سید وحید الحسن ہاشمی	52
15	السلام ابن علی، اے سیدہ زہرا کے لال	خلیل آتش	53
16	السلام اے صداقت کے پیغامبر	ماہر القادری	54
17	السلام اے نور اول کے نشاں	واصف علی واصف	55
18	اللہ رے اوج بختِ بیابانِ کربلا	عابد رضوی	56

Marfat.com

19	اللہ اہل بیتِ پیمبر کے ساتھ ہے	پیر سید نصیر الدین نصیر	57
20	امام اہل طریقت حسین ابن علی	قمر یزدانی	59
21	امام برحق اہلِ رضا! سلام علیک	حسرت موہانی	60
22	اونچے لقب ہیں جن کے اور اونچے خطاب ہیں	ایاز احمد	61
23	اہل بیت مصطفیٰ سے جب محبت ہوگئی	تاثیر نقوی	62
24	اے ابنِ علی، سبطِ نبی، عظمتِ پیہم	علی یاسر	63
25	اے امامِ عاشقاں! اے سیدِ عالی تبار	پروفیسر محی الدین خلوت	65
26	اے بادشاہِ دینِ وفا! سیدی سلام	شکیل جاذب	66
27	اے بدخشانِ نبی کے لعل احمر! السلام	میر تقی میر	67
28	اے حسین ابنِ علی! اے حریت کے تاجدار	ناصر زیدی	68
29	اے حسین ابنِ علی نورِ نگاہِ مصطفیٰ	مولانا نسیم بستوی	69
30	اے دشتِ کربلا تری کھدر زمین پر	صادق جمیل	71
31	اے زمین کربلا تیری فضاؤں کو سلام	پیر سید خضر حسین چشتی	72
32	اے کربلا کی خاک اس احسان کو نہ بھول	مولانا ظفر علی خان	73
33	ایک قطرے کو جو دوں بسط تو قلزم کر دوں	میر انیس	74
34	ایمان کی ہے جان محبت حسین کی	پیر سید غلام معین الحق گیلانی	76
35	ایمان و آگہی کا یہ روشن اصول ہے	پروفیسر محمد اکرم رضا	77
36	باغ جنت کے ہیں بہرِ مدح خوانِ اہل بیت	مولانا حسن رضا خان بریلوی	78
37	بڑا وقار بڑا احترام ہے تیرا	ساغر جعفری	79
38	بڑھے جو کر کے وہ سوئے شہِ انام سلام	منور بدایونی	80
39	بساطِ نور، بچھاتے ہیں کربلا والے	سید علی متعال اشعر	81
40	بس ایک رخس کہ معیارِ حق نظر میں نہیں	سید وحید الحسن ہاشمی	82

Marfat.com

41	بلند شان، فلک مرتبہ امام حسین	انور فیروز پوری	83
42	بنیادِ قصرِ دیں ہے محبت حسین کی	ساغر جعفری	84
43	بہاروں پر ہیں آج آرائشیں گلزارِ جنت کی	مولانا حسن رضا خان بریلوی	85
44	بیان کون کرے منصب و مقامِ حسین	علی یاسر	87
45	بے نوا تھی زندگی، ذوق نوا دے کر گیا	صوفی غلام مصطفیٰ تبسم	88
46	بادشاہِ دین و ایماں تاجدارِ کربلا	علامہ محمد عبدالصبور بیگ منشور	89
47	پارہ و لختِ دل سید دارین، حسین	بشیر حسین ناظم	90
48	پہچان لی ہے جس نے بھی عظمت حسین کی	ریاض ندیم نیازی	91
49	پور بتول بھی حسین، ابنِ امام بھی حسین	حکیم سرو سہارنپوری	92
50	پوشیدہ شہادت میں حیاتِ ابدی ہے	اثر صہبائی	93
51	پوری امت کے لئے ہے جو بشارت کی مثال	علی اکبر عباس	94
52	پیارے نبی کی بات کا اقرار چاہئے	ایاز احمد	95
53	پیاس کی ہمت ٹوٹ چکی ہے اور پیاسا باقی ہے		96
54	پیام دیتی ہے اب بھی یہ کربلا کی زمیں	حافظ محمد مظہر الدین	97
55	تاریخ مثال ایسی کوئی ڈھونڈ کے لائے	اعزاز احمد آذر	98
56	تجلّیٔ عرش ہی مکمل جہاں میں بن کر امام آئے	مولانا صابر براری	99
57	تجھ پر سلام، تیری وفا پر سلام ہو	طاہر شادانی	100
58	تذکرہ سنیے اب ان کا دلِ بیدار کے ساتھ	پیر سید نصیر الدین نصیر	101
59	تذکرہ کوئی کرے جس پل تمہارا کربلا	ارشد محمود ارشد	103
60	ترے عزم وفا پر استقامت ناز کرتی ہے	عزیز حاصل پوری	104
61	تڑپاتی ہے پھر یاد امام الشہداء کی	مولانا ظفر علی خان	105
62	تڑپ اٹھتا ہے دل، لفظوں میں دہرائی نہیں جاتی	پیر سید نصیر الدین نصیر	106

Marfat.com

63	تسکینِ جان فاتحِ خیبر حسین ہے	صاحبزادہ فیض الامین فاروقی	107
64	تشنگانِ حق پہ یوں احساں کیا شبیر نے	ثاقب علوی	108
65	تمہارے سجدے کو کعبہ سلام کہتا ہے		109
66	توحید پر محیط ہے، قربانی حسین	مظفر وارثی	110
67	تو سازِ زندگی کی صدا ہے، تجھے سلام	ناز حسین ناز	111
68	تو لباس خوں پہن کر، یوں صفائی دے گیا	حنیف ساجد	112
69	تیری نسبت سے بہت روشن ہے تاریخِ بشر	انور مسعود	113
70	ٹل نہیں سکتا کسی حالت میں فرمانِ حسین	شورش کاشمیری	115
71	ثنائے ذکر محمد ﷺ کا باب زندہ رہا	رخشندہ نوید	116
72	جا غم، نہیں جو شام کا لشکر ہمارے ساتھ	واجد امیر	117
73	جانِ بتول، قوتِ حیدر حسین ہیں	صائم چشتی	118
74	جانِ رسول وقوت خیبر شکن حسین	صائم چشتی	119
75	جب آ کے رکا شام کا لشکر لبِ دریا	احسان دانش	120
76	جب بڑھا سوئے گریبان بشر ظلم کا ہات	محسن نقوی	121
77	جب بھی شام کو سورج ڈوبنے لگتا ہے	عطاء الحق قاسمی	122
78	جبینِ وقت پہ نقشِ بقا نشانِ حسین	ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد	123
79	جرات، فصیلِ صبر گرانے کو چاہیے	مظفر وارثی	124
80	جس کے بھی دل میں ہوگی محبت حسین کی	شاعر علی شاعر	125
81	جس کا دشتِ بلا میں ڈیرا ہے	سید ناصر حسین ناصر چشتی	126
82	جس کی جرات پر جہانِ رنگ و بو سجدے میں ہے	پیر سید نصیر الدین نصیر	127
83	جس کے خوں سے چہرہ ایام لالہ فام ہے		129
84	جس نے نانا کا وعدہ وفا کر دیا		130

Marfat.com

85	جسے صرف حق ہی قبول ہو، یہی جس کا اصلِ اصول ہو	احمد ندیم قاسمی	131
86	جلتے تھے ہونٹ پیاس سے، دریا تھا سامنے	امجد اسلام امجد	132
87	جلو میں رہ عشق کے چندراہی، زرہ کی جگہ جن کا ملبوس سادہ	حافظ محمد مظہر الدین	134
88	جلوۂ جنت ہے عقل و ذہن چمکانے کا نام	کوثر الہ آبادی	135
89	جنت کی ہے نوید رفاقت حسین کی	علامہ محمد عبدالصبور بیگ منشور	136
90	جہاں بھی حق پر چلے گا خنجر، ترا لہو بولتا رہے گا	مظفر وارثی	137
91	جہانِ عشق و محبت ہے آستانِ حسین	اعظم چشتی	138
92	جھکایا ہے زمانے کو شجاعت ہو تو ایسی ہو	ثمینہ گل	139
93	جو تشنہ لب رہا لبِ دریا وہ کون تھا؟	رفعت سلطان	140
94	جو خالقِ گلشن تھے وہی وقف خزاں تھے	احمد ندیم قاسمی	141
95	جو دہکتی آگ کے شعلوں پہ سویا وہ حسین	جوش ملیح آبادی	142
96	جور و ستم کی ابتری کا نام ہے حسین	صائم چشتی	144
97	جو کٹ کے سربلند ہے، وہی سرِ نیاز ہے، حسین سرفراز ہے	پروفیسر ڈاکٹر رؤف امیر	145
98	جو گل ہوا تھا کبھی حق کے راستے کا چراغ	سید وحید الحسن ہاشمی	146
99	چاند گردوں پہ محرم کا نمودار ہوا	سید افتخار حیدر	147
100	چراغ خانہ دل میں جلا دیئے تو نے	کوثر حجازی	148
101	چہ چاہے جہاں میں تری تسلیم و رضا کا	حفیظ تائب	149
102	چشمِ خرد سے دیکھئے گر شوق دید ہے	خالد بزمی	150
103	چشمِ رسولِ پاک کا تارا حسین ہے	نواز دانش	151
104	حاصل رہے گی ان کو قرابت حسین کی	علی یاسر	152
105	حسنِ ازل کا جلوہ ہے چہرہ حسین کا	پروفیسر محمد حسین آسی	153
106	حسنِ تخلیق کا شہکار، حسین ابنِ علی	پیر سید نصیر الدین نصیر	154

Marfat.com

107	حسین ابنِ علی تجھ پر شہادت ناز کرتی ہے	حافظ محمد حسین	155
108	حسین ابنِ علی نے کیا حسیں منظر دکھایا ہے	پروفیسر فیض رسول فیضان	156
109	حسین اسمِ گرامی ہے، حسن فطرت کا	شاہ انصار اللہ آبادی	157
110	حسین بحرِ سخا ہے عطا کے رستے میں	توصیف تبسم	158
111	حسین تو کہ مہِ آسمانِ ہستی ہے	اقبال ارشد	159
112	حسین درسِ بقا رہے گا، حسین درسِ بقا رہا ہے	سجاد بلوچ	161
113	حسین راکبِ دوش رسول، فخرِ بتول	ناصر زیدی	162
114	حسین، زبدہ نسلِ رسول، ابنِ رسول	پیر سید نصیر الدین نصیر	163
115	حسین قوتِ حیدر، حسین جانِ بتول	نرگس شیخ	165
116	حسین کرب و بلا کے مسافروں کا امیر	ضیاء نیر	166
117	حسین! کیوں نہ کہیں تجھ کو آفتابِ رسول	مشکور حسین یاد	167
118	حسین مصحفِ ناطق، خطیبِ نوکِ سناں	محسن نقوی	168
119	حسین نے وہ سجایا جہان مٹی کا	شوکت رضا شوکت	169
120	خاندانِ نبی نثار ہوا	صاحبزادہ محمد نجم الامین فاروقی	170
121	خداشناسوں کو دیں روشنی قتیل حسین	پروفیسر فرخ حسن راجہ	171
122	خداشناسی و خود آگہی حسین سے ہے	اثر جلیلی	172
123	خدا کے دین پر جب لمحہ خوف گزند آیا	ہوش عابدی	173
124	خدا کی راہ میں شبیر سر کٹا کے چلے	شمس بریلوی	174
125	خدائے ذوالجلال کی رضا سے ہے بندھا ہوا	شورش کاشمیری	175
126	خلق کا رہنما حسین، دین کا پیشوا حسین	سید راحت حسین راحت	176
127	خلوص کی روشنائی لے کر بہ دیدۂ تر حسین لکھنا	سید راحت حسین راحتؔ	177
128	خونِ سرور سے رنگیں قبا، کربلا	سید ضمیر جعفری	178

Marfat.com

129	دامِ دنیا نہ کوئی پیچِ گماں لایا ہے	پروفیسر جلیل عالی	179
130	دردوالم کی داستاں، صبر ورضا کی داستاں	ثاقب علوی	180
131	درک تھا کس کو خداوندا تری تقریر کا	ہوش عابدی	181
132	درود تجھ پہ ہو، گل کر کے اپنے گھر کے چراغ	ماہر القادری	182
133	دس محرم ہے اور ہم ہیں، حسین	کامران قمر	183
134	دشت سے اٹھی جو خوشبو، چار سو پھرتی رہی	زاہد بخاری	184
135	دشتِ غربت میں لہو رو تا ستارا دیکھے	جنید آزر	185
136	دشت کو لہو دے کر کیا سے کیا بنا ڈالا	منظر بھوپالوی	186
137	دشت میں سوختہ سامانوں پہ رات آئی ہے	فیض احمد فیض	187
138	دشمن دیں کے مقابل نعرۂ تکبیر ہے	عثمان قیصر	188
139	دل شکستہ وخوش کام سے وہ کام لیا	ساجد رضوی	189
140	دلیلِ بیعتِ فاسق روا رکھی گئی تھی	افتخار عارف	190
141	دنیا کے سامنے لب ولہجہ ہی اور ہے	شاہد ماکلی	197
142	دورِ حیات آئے گا قاتل قضا کے بعد	مولانا محمد علی جوہر	192
143	دہر میں جتنی ضیا ہے اے شہیدِ کربلا	پروفیسر فیض رسول فیضان	193
144	دینِ احمد کے فلک کے چاند تارے ہیں حسین	پروفیسر محمد احمد شاد	195
145	دینِ حق سجدے میں ہے اور جستجو سجدے میں ہے	اعجاز احمد اعجاز	196
146	دینِ متیں کو کر کے امر، خاکِ کربلا	محمد علی صابری	197
147	ذکر جو روز وشب حسین کا ہے	ناصر زیدی	198
148	راہِ خدا میں شوق سے سر کو کٹا گئے حسین	سید ریاض الدین سہروردی	199
149	راہِ وفا میں سر کو کٹایا حسین نے	عزیز الدین خاکی	200
150	رخِ حیات لہو سے اجالنے والا	ضیاء نیر	201

Marfat.com

151	رکھا اس شان سے کس نے سرِ تسلیم سجدے میں	شاہدہ حسن	202
152	رگ رگ میں ہے بسی ہوئی الفت حسین کی	مانوس ناطقی	203
153	رنجِ دنیا سے کبھی چشم اپنی نم رکھتے نہیں	میر انیس	204
154	رواں سلام سے جب تک قلم نہیں ہوتا	سعید عاصم	205
155	روشن انہی کے نور سے اکثر چراغ ہیں	اعجاز رحمانی	206
156	رہِ حق وصداقت پر رواں ہیں کربلا والے	طاہر ناصر علی	207
157	زخم سے کھلتا ہے جو، وہ گلبدن ہے کربلا	سید ضمیر جعفری	208
158	زندۂ جاوید ہے لختِ دل زہرا کا نام	شورش کاشمیری	209
159	زیبِ عرشِ فنا، امام حسین	پروفیسر محمد حسین آسی	210
160	سب اہلِ درد، سبھی خاص وعام پیش کریں	علی یاسر	211
161	سبطِ رسول، لختِ دلِ مرتضیٰ سلام	ادب سیمابی	212
162	سختی حالات ہے، ہم ہیں، فراز دار ہے	معراج فیض آبادی	213
163	سخی شبیر، سبطِ مصطفیٰ تھا، ابنِ حیدر تھا	حافظ محمد حسین	214
164	سراپا شمعِ حقیقت، حسین ابنِ علی	ادب سیمابی	215
165	سربلندی کی روایت سر کٹانے سے چلی		216
166	سردے کے تو نے رکھ لیا دیں کا بھرم حسین	صائم چشتی	217
167	سرکربلا میں اپنا کٹایا حسین نے	جسٹس (ر) محمد الیاس	218
168	سرکو شبیر نے کٹوایا عبادت کرتے	سید شریف الدین نیر	219
169	سرمایہ حیات ہے الفت حسین کی	حافظ ظہور الحق ظہور	220
170	سرِ نیزہ جو روشن ہو گیا ہے	نجیب احمد	221
171	سلام اس پر کہ جو نیزوں کی جھنکاروں سے کھیلا تھا	شمیم ہمت نگری	222
172	سلام اس پر لقب جس نے شہیدِ کربلا پایا	افسر بہزاد	223

Marfat.com

173	سلام ان پر، شہیدِ کربلا کہتے ہیں سب جن کو	شکیل بدایونی	224
174	سلام ان کے نام پر، نبی کے نورِ عین ہیں	عبدالمجید چٹھہ	225
175	سلام اے ساقیٔ مستاں، سلام اے پیرِ میخانہ	بیدم وارثی	226
176	سلام اے فاطمہ کے چاند! جانِ فاتح خیبر	صائم چشتی	227
177	سلطانِ دو جہاں کا تھا نورِ نظر حسین	مطلوب حسن مطلوب	228
178	سلطانِ سلاطین، حسین ابنِ علی ہے	سید ناصر حسین ناصر چشتی	229
179	سلطانِ کربلا کو ہمارا سلام ہو	سید ناصر حسین ناصر چشتی	230
180	سوارِ دوشِ محمد کا رتبۂ عالی	انور مسعود	231
181	سوچ کے پہلو میں دشتِ کربلا جب آ گیا	شفیق آصف	233
182	سوزِ الفت بھی ہے اشکوں کی فراوانی بھی	سید وحید الحسن ہاشمی	234
183	سید نے کربلا میں وعدے نبھا دیئے ہیں	حافظ محمد حسین	235
184	سینکڑوں سال ہوئے جب نہ ملا تھا پانی	مظفر وارثی	236
185	سینے میں عشق رکھو خدارا حسین کا	سعد اللہ شاہ	237
186	شاہ نے مسکن بنایا کربلا کی خاک پر	عبدالخالق تبسم قادری	238
187	شبِ اسرا ادھر رحمت کے بادل چھائے جاتے ہیں	ہاشم ضیائی	239
188	شبیر پہ جو آنکھ کبھی تر نہیں ہوتی	حافظ سید ظہور علی شاہ	240
189	شبیرِ نامدار پہ لاکھوں سلام ہوں	حفیظ تائب	241
190	شرف کے شہر میں ہر بام و در حسین کا ہے	افتخار عارف	242
191	شرف ہو عشق کو جس سے وہ ہے مقام حسین	سید بشیر محمد ترمذی	243
192	شمعِ حریمِ حرم، کون؟ ہمارا حسین	پروفیسر محمد حسین آسی	244
193	شہا! ہمیشہ ترے بندگانِ عالی کے	مرزا محمد رفیع سودا	245
194	شہیدِ کربِ وبلا کیا مقام تیرا ہے	حافظ محمد مظہر الدین	246

Marfat.com

195	شہید مر نہیں سکتا حسین زندہ ہے	نثار علی اجاگر	2247
196	صبا کا سینہ بنے سفینہ، ذرا طبیعت رواں دواں ہو	محسن نقوی	248
197	صبحِ ازل سے کربلا نازشِ دو جہاں کہو	نور محمد ہمدم	249
198	صبحِ یثرب سر بسر تنویرِ ایوانِ حسین	حکیم عبدالکریم ثمر	250
199	صبر و استقلال کی روشن سحر ہے کربلا	ڈاکٹر صغریٰ صدف	251
200	صبر و رضا سراپا، دمِ امتحاں حسین	جمال احمد جمال	252
201	صد بار اس کی سیرت و گفتار پر سلام	ڈاکٹر صغریٰ صدف	253
202	ظلمتوں پر لپک پڑا تنہا	سید منظور الکونین	254
203	عاشقانِ خالقِ اکبر کا ہے افسر حسین	پروفیسر محمد حسین آسی	255
204	عاشور کی ہے شب، شبِ غربت حسین کی	راجہ رشید محمود میانوی	256
205	عزم و استقلال کا پیکر حسین ابنِ علی	حفیظ تائب	257
206	عظمتِ کردار سے تشریحِ قرآں ہیں حسین	خادم کیتھلی	258
207	عظمتوں کی دھرتی پر، بے نشان پانی کی	اقبال ندیم	259
208	عکسِ جمالِ یار ہے صورت حسین کی	راشد رؤف عطاری	260
209	عکسِ نبی ہے صورت و سیرت حسین کی	طارق سلطان پوری	261
210	علی کا لعل زہرا کا پسر کربل کو جاتا ہے	سید محمد صابر حسین چشتی صابری	262
211	علی کے عشق کا بیمار بیمارِ محمد ہے	اعظم چشتی	263
212	غازۂ روئے صداقت ہے شہادت تیری	صاحبزادہ سید فیض الحسن شاہ	264
213	غمِ آلِ نبی نے کر دیا ہر غم سے دور آخر	سلطان محمود	265
214	غمِ حسین کا سینے میں داغ لیتا جا	کوثر حجازی	266
215	غمِ شبیر میں آنکھوں میں آنسو آئے جاتے ہیں	ماہر القادری	267
216	غمِ شبیر وہ غم ہے کہ چھپائے نہ بنے	نصیر ترابی	268

Marfat.com

217	غم کے صحراؤں میں گھنگھور گھٹا سا بھی تھا	قتیل شفائی	269
218	فاطمہ کی آنکھ کے تارے حسین	عارف قادری	270
219	فخرِ عالم، شہ زمین وزماں	اعظم چشتی	271
220	فرات، کرب وبلا کا ہے رازدار اب بھی	ضیاء نیر	272
221	فرازِ نیزہ، لبِ تشنہ کام اور وہ کلام	اختر عثمان	273
222	فطرتِ آدم کو کر دیتی ہے قربانی بلند	مہندر سنگھ بیدی سحر	274
223	فلک نے جھک کے کیا جن کی خاکِ پا کو سلام	صوفی غلام مصطفیٰ تبسم	275
224	فنا کے دشت میں راہ بقا حسین سے ہے	مقبول زیدی	276
225	قافلہ کربلا کے جاں نثاروں کو سلام	حافظ غلام رسول ساقی	277
226	قتل گاہِ شاہ میں کیسی اداسی چھا گئی	کامران باسر	278
227	قدم تو میرے ہیں، رستہ مگر حسین کا ہے	جواز جعفری	279
228	قرآن کی توہین کو شبیر نہ مانے	صائم چشتی	280
229	قطرۂ اشکِ مودت ہے سمندر کی طرح	پرویز محب فضلی	281
230	کب رائیگاں گئی ہے یہ محنت حسین کی	راؤ وحید اسد	282
231	کبھی تجھے کبھی دشتِ بلا کو دیکھا ہے	ریاض قمر	283
232	کتابِ زیست کا رنگین باب، کرب وبلا	پروفیسر محمد ریاض احمد شیخ	284
233	کتنی نورانی حسیں تصویر ہے شبیر کی	مولانا ضیاء القادری	285
234	کربلا! تقدیسِ انسانی پہ مر جانے کا نام	سید ضمیر جعفری	286
235	کربلا زندہ ہے جینے کی لگن زندہ ہے	سہیل شاہ	288
236	کربلا کے جاں نثاروں کو سلام	مولانا محمد الیاس عطار قادری	289
237	کربلا کی خاک پر کیا آدمی سجدے میں ہے	افتخار عارف	290
238	کربلا معراجِ انساں، کربلا معیار ہے	ناصر علی	291
239	کربلا میں جب چراغِ کربلا روشن ہوا	انجم خلیق	292

Marfat.com

240	کربلا میں سر دیا شبیر نے	کوثر الہ آبادی	293
241	کربلا میں لٹنے والے تاجداروں کو سلام	صائم چشتی	294
242	کربلا میں ہیں نشانِ رفتگاں دیکھو ذرا	اعجاز فیروز	295
243	کر کے نظامِ شر، تہ و بالا حسین نے	انجم خلیق	296
244	کرم کے بادل برس رہے ہیں دوام اس پر، سلام اس پر	حسن عباسی	297
245	کروں میں کیوں نہ ادب سے تجھے سلام، حسین		298
246	کس کی زباں سے پیاس نے پائی ہے آبرو؟	مرزا دبیر	299
247	کسی نے جا کے گلچیں سے یہ پوچھا، روزِ عاشورا	مولانا محمد خلیل کچھوچھوی	300
248	کون ناموس رسالت کا نگہباں ہو گیا	شورش کاشمیری	301
249	کوئی بتائے، کوئی کہیں ہے حسین سا؟	اعظم چشتی	302
250	کوئی چراغِ تخیل نہ میری راہ میں رکھ	نقاش کاظمی	303
251	کوئی شبیر سا خالق کا پرستار نہیں	پیر سید نصیر الدین نصیر	304
252	کہاں سے لاؤں میں ایسی زباں امام حسین		306
253	کھول دے عقدے نئے ہو کر پرانی، دیکھئے	عابدہ تقی	307
254	کہو نہ، حاجتِ ذکرِ شہِ ہدیٰ کیا ہے	سید وحید الحسن ہاشمی	308
255	کیا بتائیں؟ کیا ہوا تھا، درمیانِ کربلا	عزیز حاصل پوری	309
256	کیا جلوہ کربلا میں دکھایا حسین نے	پروفیسر فیض رسول فیضان	310
257	کیا عہد عبودیت تھا رضا، اک حرف بھی پورا ہو نہ سکا	سید آل رضا	311
258	کیا قیامت کا سماں تھا دوستو	عابد شاہ عابد	312
259	کیا کہوں کیا کربلا کے خونچکاں منظر میں ہے	صوفی عبدالوہاب زاہد چشتی	324
260	کیا منزلت و شان تری ابنِ علی ہے	سید راحت حسین راحت	315
261	کیسی پیشِ رب جھکی تھی تیری پیشانی حسین	کوثر نقوی	316
262	کیسے زباں پہ لاؤں فسانہ حسین کا	رفعت سلطان	317

Marfat.com

263	کیسے کروں بیان میں رتبہ حسین کا	عاکف غنی	318
264	کیوں خدائی ہو نہ جان و دل سے قربانِ حسین	شاغل نظامی	319
265	گرد ہے اکسیر، خاکِ کربلا کے سامنے	میر انیس	320
266	لباس ہے پھٹا ہوا غبار میں اٹا ہوا	ابوالاثر حفیظ جالندھری	321
267	لبِ فرات جو پیاسا دکھائی دیتا ہے	عارف شفیق	323
268	لبِ فرات شہِ تشنگاں کو سوچتا ہوں	علی رضا	324
269	لکھا شبیر نے خوں سے خدا کا نام سجدے میں	ساجد لطیف چشتی	325
270	لکھا ہے عجزِ بیاں میں تمہارے نام سلام	حلیم قریشی	326
271	لکھا یا مسکرا کر اصغرِ بے شیر نے فتویٰ	سید افتخار حیدر	327
272	لہو تیرا جوان آنکھوں کے آتش دان تک آیا	مظفر وارثی	328
273	لہو لہو ہے زبانِ قلم بیاں کے لئے	ناصر کاظمی	329
274	لہو میں ڈوبے ہوئے خاک میں نہائے ہوئے	قمر رضا شہزاد	330
275	ماورئ الفاظ کے نرغے سے ہے شانِ حسین	شورش کاشمیری	331
276	متاعِ منزلِ کونین تیرا صبرِ جمیل	علامہ محمد عبدالصبور بیگ منشور	332
277	مثالی ہے سچ کو یہ معیار دینا	محشر بدایونی	333
278	محبتوں کے چراغ روشن حسین سے ہیں	عظیم انجم	334
279	محراب کی ہوس ہے نہ منبر کی آرزو	جوش ملیح آبادی	335
280	محفلِ نور عقیدت سے سجا رکھی ہے	پیر سید خضر حسین چشتی	336
281	مجھے فریب نہ دے کوئی شمر، کوئی یزید	حافظ محمد مظہر الدین	337
282	مری زبان پہ ہے نامِ دلکشائے حسین	رشید عثمانی	338
283	مری مجال ہے کیا! کر سکوں ثنائے حسین	عزیز حاصل پوری	339
284	مژدہ اے ضبطِ فغاں! ماہِ محرم آ گیا	پروفیسر فیض رسول فیضان	340
285	مسلمانوں کے دل میں جذبۂ اسلام باقی ہے	مولانا ظفر علی خان	341

Marfat.com

286	معراجِ یقیں، عہدِ ذبیح اللہ کی تفسیر، قربانیٔ شبیر	جنید آزر	342
287	مقبولِ بارگاہِ نبوت پہ سو سلام	عبرت صدیقی بریلوی	344
288	مقتل کی سمت صورتِ خیبر شکن چلے	اسد اعوان	345
289	منسوب جو ہوئی ہے شہادت کے نام سے	تابش دہلوی	346
290	منظر وہ شامِ غم کا، لہو منظروں میں تھا	ڈاکٹر طاہر تونسوی	347
291	میٹھا میٹھا ہے میرے محمد ﷺ کا نام	حافظ محمد حسین	348
292	میدان میں جو اترا وہ بے باکِ کربلا	ثاقب علوی	350
293	میرا حسین باغِ نبوت کا پھول ہے		351
294	نام تیرا ہوا ہلال، حسین	پروفیسر صدف چنگیزی	352
295	نام و نسب حسین کا جرات حسین کی	گستاخ بخاری	353
296	نبی کی آنکھ کے تارے حسین ابن علی	حاجی محمد حنیف نازش	354
297	نبی کی بیٹی کے گھر میں خوشی حسین سے ہے	سید طاہر ناصر علی	356
298	نبی کے لعل کا کچھ یوں خیال رکھا ہے	سید وحید الحسن ہاشمی	357
299	نشاطِ نشہ صبر و رضا میں رہتا ہے	ریاض حسین زیدی	
300	نظامِ کن کی روانی ترے وجود سے ہے	مرتضیٰ حسن سید	358
301	نقشِ کربِ بلا اور ابھرا ابھر	ماہر القادری	359
302	نگاہوں میں بیمار بیٹی کا چہرہ، غمِ دل کو دل میں چھپانا تو دیکھو	صائم چشتی	360
303	نمازِ دل کی سچی داستاں سجدے کے نیچے ہے	جان کاشمیری	361
304	نورِ چشمِ رحمۃ للعالمیں، ابنِ علی	طارق سلطان پوری	362
305	نوعِ انساں کے لئے ہے یہ پیام کربلا	ضیاء نیر	363
306	نہیں ملتا ہمیں اب کوئی ایسا در نہیں ملتا	کوثر الہ آبادی	364
307	واقف شہِ امم کی دعا سے حسین ہیں		365
308	وجہِ ناموسِ امم توقیر ہے شبیر کی	صوفی عبدالوہاب زاہد چشتی	366

Marfat.com

309	وہ اندھیروں کو پسِ دیوار کرتا جاتا ہے	احمد خیال	367
310	وہ سرفروشِ چمن سبطِ مصطفیٰ بھی ہے	ڈاکٹر طاہر سعید ہارون	368
311	وہ شمع آج ظلم کے جھونکے بجھا گئے	شہزاد احمد	370
312	وہ فدائے ابنِ حیدر جو بہتر لوگ تھے	عبدالخالق تبسم قادری	371
313	وہی سفر وہی صحرا دکھائی دیتا ہے	شمشیر حیدر	372
314	ہالۂ نورِ نبوت ہیں حسین	قمر تابش	373
315	ہجومِ غم میں بھی توفیق مسکرانے کی	ماہر القادری	374
316	ہر ایک عہد ترا "تب سے نا تمام تلک"	بیرام گوہر	375
317	ہر جا ہے ذکرِ عام امام حسین کا		376
318	ہر وقت امامِ کربل کو پابندِ شریعت پاتا ہوں	غیاث الدین قریشی	377
319	ہوائے ظلم سے جب بجھتے جا رہے تھے چراغ	فراست رضوی	378
320	ہوتا ہے عرش و فرش پہ چرچا حسین کا	سید راحت حسین راحت	379
321	ہو رہی ہے پھر لہو میں ابتدائے کربلا	شاہین عباس	380
322	ہوئے ہیں گل سبھی ظلم و ستم جفا کے چراغ	عبدالخالق تبسم قادری	381
323	ہے ظلم کی شکست، صداقت حسین کی	ماہر القادری	382
324	ہے عبث ہر ذکر حمدِ کبریا کے سامنے	سید راحت حسین راحت	383
325	ہے قولِ پاکِ رسولِ اکرم، حسین مجھ سے جدا نہیں ہے	رشید عثمانی	384
326	ہیں کربلا کی زمیں پر محبتوں کے چراغ	سید ذوالفقار حسین	385
327	یاد پیاسوں کی جو آئی تو نہ ٹھہرا پانی	رائے عابد	386
328	یارب! سرِ حسین کہاں، طشتِ زر کہاں	اصغر علی ندیم	387
329	یا شہیدِ کربلا! فریاد ہے	مولانا محمد الیاس عطار قادری	388
330	یزید تو نے تو کچھ دیر زندگانی کی	اختر رضا سلیمی	389
331	یزید شہر میں سہمے دلوں کی آس، حسین	شکیل اختر	390

Marfat.com

332	یزید نقشہ جور و جفا بناتا ہے	غلام محمد قاصر	391
333	یوں نبھائی حق سے اپنی دوستی شبیر نے	سید ناصر حسین ناصر چشتی	391
334	یہ اختیار کتنا وسیع و بلند ہے	سید وحید الحسن ہاشمی	393
335	یہ بحث کیا کہ کہاں پر نہیں، کہاں پہ حسین	سید وحید الحسن ہاشمی	394
336	یہ جو محفل میں اشک باری ہے	نصیر ترابی	395
337	یہ خانوادہ اور ہے، شجرہ کچھ اور ہے	فرتاش سید	396
338	یہ کس کے ظلم و ستم کی اساس بولتی ہے	مقصود عامر	397
339	یہ کون لوگ ہیں حق کا علم اٹھائے ہوئے	شبنم شکیل	398
340	یہ کیوں کہوں نہ ملا تشنہ کام کو پانی	محشر بدایونی	399
341	یہ ہجوم دشمناں، سبطِ پیمبر کے لئے	معراج فیض آبادی	400
342	ضمیمہ		401
343	منظوم محبت نامہ	پروفیسر فیض رسول فیضان	402
344	اشقیا کے نرغے میں یوں حسین تھا تنہا	حفیظ تائب	403
345	حسین ابن علی ماہ مطلع ارشاد	حفیظ تائب	404
346	حکایت غم ہستی تمام کہتا ہوں	حفیظ تائب	405
347	لرزے نہ عزم کا علم خونِ حسین کی قسم	حفیظ تائب	406
348	اہل کوفہ نے جو دھوکے سے بلائے ہوئے ہیں	پروفیسر فیض رسول فیضان	407
349	دنیا کو سرخوشی کا حوالہ پسند ہے	پروفیسر فیض رسول فیضان	408
350	دیکھ کر نیزے پہ تیری حق بیانی یا حسین	پروفیسر فیض رسول فیضان	409
351	سر کربل عجب منظر دکھایا ابن حیدر نے	پروفیسر فیض رسول فیضان	410
352	منزل قلب حزیں آب و ہوائے کربلا	پروفیسر فیض رسول فیضان	411
353	مومن وہی ہے دل سے جو اس کا غلام ہے	پروفیسر فیض رسول فیضان	412

Marfat.com

شعلۂ رقصاں

فاضلِ انیق (علامہ) محمد عارف جاوید نقشبندی کی تالیف لطیف مسمّیٰ بہ ''جگر گوشۂ بتول'' نظر نواز ہوئی، زہے خوب!

ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند

مؤلف نے گزرے واقعات کو وفورِ عقیدت کے ساتھ صفحۂ قرطاس پر بکھیر کر، ان پر اپنے جذباتِ صادقہ کی مہر ثبت کر کے پہلے سے معلوم شدہ باتوں کے گلدستہ کو ایسے دلفریب، دلکش اور فنکارانہ انداز میں پیش کیا ہے جس کی عطر بیزیاں، اہلِ محبت کے مشامِ جاں کو تادیر معطر کرتی رہیں گی۔ اس میں قطعاً کوئی دو رائے نہیں ہوسکتیں کہ محبت والفت آفاقی وسرمدی ہوتی ہے۔ اس چراغ کو آندھیاں کبھی بھی بجھا نہیں سکتیں۔

ہوائیں زور کتنا ہی لگائیں آندھیاں بن کر
مگر جو گھر کے آتا ہے وہ بادل چھا ہی جاتا ہے

زیرِ نظر مجموعہ ''جگر گوشۂ بتول'' میں غم کے گہرے پردوں کے باوجود کائنات کے جمال کی ایک خوبصورت تصویر مل جاتی ہے۔ اس کتاب میں ذوقِ سلیم رکھنے والی طبیعتوں اور مُنصِف مزاج قارئین کے لئے ایسے ذائقے موجود ہیں جن سے تادیر روحانی آسودگی کے فائدوں کا ذائقہ محسوس ہوتا رہے گا۔

فرزندِ رسولِ عربی، جوانانِ جنت کے سردار امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں اتنے سارے شعراء کے نذرانہ ہائے عقیدت کو کتابی صورت میں پیش کر کے مؤلف محترم نے حُبِّ امام حسین کا جو اچھوتا کارنامہ سرانجام دیا ہے کم از کم میری نظر سے آج تک ایسا نذرانۂ خلوص نہیں گزرا۔

کتاب کے مطالعہ سے پتا چلتا ہے کہ مؤلف کا مخصوص میدان واردات عشق ہے جو زندگی کو معنیٰ اور مقصد، سمت اور جہت، گہرائی اور گیرائی دیتا ہے۔ عارفِ شیراز، شیخ سعدی شیرازی نے کہا تھا کہ قحط سالی کے زمانے میں دمشق میں لوگ عشق کو فراموش کر گئے تھے۔

Marfat.com

چناں قحط سالی شد اندر دمشق
کہ یاراں فراموش کردند عشق

سعدی نے محض ایک پر لطف بات کہہ دی تھی ورنہ قحط سالی ہو یا فاقہ مستی، عشق کا سایہ سر سے نہیں جاتا۔

کوہکن کیا پہاڑ کاٹے گا
عشق کی زور آزمائی ہے

زیرِ نظر کتاب ''جگر گوشۂ بتول'' بڑا رنگین، دلآویز اور لطیف مجموعۂ کلام ہے، قارئین جب جب ان اشعار کی تسبیح رانی کرتے رہیں گے، شجاعتِ ابنِ حیدر کو داد دے کر سر دھنتے رہیں گے اس لئے کہ مصور کی تخلیق کردہ تصویر کا تصور عین تصویرِ ذات ہوتا ہے۔

چشم، ابرو، ناز و خوبی، زلف و کاکل، خال و خط
دیکھئے کیا ہو، بلائیں اتنی ہیں، دل ایک ہے

از قلم

یکے از طلاب جامعہ محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف

علامہ محمد رب نواز خاں اجمیری

متوطن: نگری امام بری کاظمی (موضع کرسال) تحصیل و ضلع چکوال
حال مقیم: منڈیالہ روڈ کاموکے ضلع گوجرانوالہ

0334-4518021

پیر، ۱۹ ذوالحجہ ۱۴۳۳ھ بمطابق، 5 نومبر 2012ء

Marfat.com

دیباچہ

تاریخِ حق وباطل میں خیر اور شر کے لاکھوں معرکے برپا ہوئے جن میں ہزاروں شہادتیں ہوئیں۔ خصوصاً اسلام کا اولین دور تو لاتعداد عظیم شہادتوں سے مزّین ہے۔ بعض انبیاء کرام اور جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی شہادت کی نعمت سے بہرہ ور ہوئے مگر حیرت انگیز امر ہے کہ جو شہرت حضرتِ امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کو حاصل ہوئی وہ کسی اور کو نصیب نہ ہو سکی۔ ساڑھے تیرہ سو سال گزر جانے کے باوجود بھی شہادتِ امامِ حسین رضی اللہ عنہ کا ذکر زندہ و تابندہ ہے۔ اس کی شہرت اور تذکروں میں آج تک کمی نہیں ہوئی، بلکہ اب تو صورتحال یہ ہے کہ حسینیت ہر طبقہ میں حق اور یزیدیت ہر طبقہ میں فتنہ وفساد کی علامت بن گئی ہے۔

اسلام میں ہر شہادت کی اہمیت اور افادیت مسلم ہے مگر شہادتِ امامِ حسین رضی اللہ عنہ کی دوسری شہادتوں کے مقابلے میں اہمیت اور شہرت کی وجہ یہ ہے کہ اس میں شہید ہونے والوں کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے خاص نسبتیں ہیں۔ پھر یہ داستان گلشنِ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی ایک پھول کی شہادت پر مشتمل نہیں بلکہ یہ سارے کے سارے گلشن کی قربانی ہے۔ باقی واقعاتِ شہادت ایک، دو، تین یا چار نفوس کی شہادت پر مشتمل ہیں مگر واقعۂ کربلا گلشنِ نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کے بیسیوں پھولوں کے مسَلے جانے کی داستان ہے۔ لہٰذا تاریخ کے کسی بھی دور میں امتِ مسلمہ واقعۂ کربلا، اس کی تفصیلات اور اس کی اہمیت کو فراموش نہیں کر سکتی۔

کربلا میں کیا ہوا تھا؟..... کن کے ساتھ ہوا تھا؟..... خاک وخون میں تڑپتے ہوئے بے گور وکفن لاشے کن کے تھے؟..... کاٹ کر نیزوں پر چڑھا دیئے جانے والے سر کن معزز ہستیوں کے تھے؟..... ان سوالوں کے جوابات جتنے تلخ ہیں اسی قدر ضروری ہیں۔

فضائلِ اہلِ بیت اطہار رضی اللہ عنہم

اہل اسلام کی بدقسمتی ہے کہ موجودہ دور میں اہلِ بیتِ اطہار کی عظمت بھی متنازعہ بنا دی گئی ہے۔ سوچئے! اگر اس موضوع پر کوئی آیت یا روایت نہ بھی ہو، تو بھی ان کی تعظیم کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والے ہیں۔ اگر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم عظیم اور محبوب ہیں تو ان کے گھر والے بھی مومن کی نظر میں عظیم اور محبوب ہوں گے۔ یہ سوچ فطرتِ ایمان کا حصہ ہے مگر منافقت یہاں بھی اپنا رنگ دکھانے سے باز نہیں

Marfat.com

آتی اور جو شخص اہلِ بیت سے محبت والفت کا دم بھرے اس پر رافضیت کا لیبل چسپاں کردیا جاتا ہے۔ سیدنا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ ایسے لوگوں کو مخاطب کر کے فرماتے ہیں:

لو کان رفضا حب ال محمد

فلیشھد الثقلان انی رافضی

''اگر آلِ محمد ﷺ کی محبت ہی کا نام تمہارے نزدیک رافضی ہونا ہے تو جن وانساں گواہ ہو جائیں کہ اس معنی میں، میں بھی رافضی ہوں''۔

حدیثِ رسول ﷺ کا بغور مطالعہ کرنے سے یہ حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے اہلِ بیتِ اطہار کی محبت کو لازمی قرار دیا ہے۔

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن نبی اکرم ﷺ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان غدیرِ خم کے مقام پر خطاب فرمانے کے لئے کھڑے ہوئے، اللہ تعالیٰ کی حمد ثناء اور کچھ نصیحت کے بعد فرمایا:

اَمَّا بَعْدُ اَلَا اَیُّھَا النَّاسُ ! فَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ یُوْشِکُ اَنْ یَاْتِیَ رَسُوْلُ رَبِّیْ فَاُجِیْبَ وَاَنَا تَارِکٌ فِیْکُمْ ثَقَلَیْنِ اَوَّلُھُمَا کِتَابُ اللّٰہِ فِیْہِ الْھُدٰی وَالنُّوْرُ فَخُذُوْا بِکِتَابِ اللّٰہِ وَاسْتَمْسِکُوْا بِہٖ فَحَثَّ عَلٰی کِتَابِ اللّٰہِ وَ رَغَّبَ فِیْہِ ثُمَّ قَالَ وَ اَھْلُ بَیْتِیْ اُذَکِّرُکُمُ اللّٰہَ فِیْ اَھْلِ بَیْتِیْ ، اُذَکِّرُکُمُ اللّٰہَ فِیْ اَھْلِ بَیْتِیْ ، اُذَکِّرُکُمُ اللّٰہَ فِیْ اَھْلِ بَیْتِیْ۔ (صحیح مسلم ، فضائل صحابہ ، باب فضائل علی)

''[اے لوگو! میں ایک انسان ہوں، ممکن ہے کہ میرے رب تعالیٰ کی طرف سے بلانے والا میرے پاس آجائے اور میں لبیک کہہ دوں۔ میں تم میں دو اہم چیزیں چھوڑ کر جارہا ہوں، ان میں سے ایک تو اللہ کی کتاب ہے، جس میں ہدایت اور روشنی ہے اس لئے اللہ تعالیٰ کی کتاب کو مضبوطی سے پکڑے رکھنا]۔ پھر آپ ﷺ نے لوگوں کو کتاب اللہ کی طرف رغبت دلائی۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا[دوسری چیز میرے اہل بیت ہیں میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں، میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں، میں تمہیں اپنے اہل بیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دیتا ہوں]''۔

یہاں اس بحث کا موقع نہیں ہے کہ اہل بیت میں کون کون شامل ہے۔ لیکن صحیح مسلم سے دو احادیث مبارکہ نقل کی جارہی ہیں جن کو پڑھنے کے بعد بہت سی باتیں واضح ہو جائیں گی۔

حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں:

Marfat.com

خَرَجَ النَّبِیُّ ﷺ غَدَاۃً وَ عَلَیْہِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِنْ شَعْرٍ اَسْوَدَ فَجَاءَ الْحَسَنُ ابْنُ عَلِیٍّ فَاَدْخَلَہٗ ثُمَّ جَاءَ الْحُسَیْنُ فَدَخَلَ مَعَہٗ ثُمَّ جَاءَتْ فَاطِمَۃُ فَاَدْخَلَھَا ثُمَّ جَاءَ عَلِیٌّ فَاَدْخَلَہٗ ثُمَّ قَالَ اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا۔
(صحیح مسلم ، کتاب فضائل الصحابہ ،باب فضائل اھل بیت النبی)

''ایک دن نبی اکرم ﷺ تشریف لائے، آپ ﷺ نے سیاہ بالوں کی بنی ہوئی ایک منقش چادر اوڑھ رکھی تھی، اتنے میں حضرت حسن بن علی آئے، آپ ﷺ نے ان کو چادر میں داخل فرمالیا۔ پھر حضرت حسین آئے تو وہ بھی ساتھ داخل ہوگئے۔ پھر حضرت فاطمہ آئیں تو آپ ﷺ نے انہیں بھی چادر میں داخل کرلیا، پھر حضرت علی آئے تو آپ ﷺ نے انہیں بھی داخل فرمالیا، پھر فرمایا[اے اہل بیت! اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ تم سے ہر بری چیز دور فرما کے تمہیں اچھی طرح سے پاک وصاف کردے''۔

صحیح مسلم میں اسی مضمون کی ایک اور روایت حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، آپ روایت کرتے ہیں:

لَمَّا نَزَلَتْ ھٰذِہِ الْاٰیَۃُ (قُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَاءَنَا وَاَبْنَاءَکُمْ)دَعَا رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ عَلِیًّا وَ فَاطِمَۃَ وَ حَسَنًا وَ حُسَیْنًا فَقَالَ اَللّٰھُمَّ ھٰؤُلَاءِ اَھْلِیْ۔ (صحیح مسلم ، کتاب فضائل الصحابہ ،باب فضائل علی بن ابی طالب)

''جب یہ آیت مباہلہ نازل ہوئی (آؤ! ہم اپنے بیٹوں کو بلاتے ہیں اور تم اپنے بیٹوں کو بلاؤ) تو رسول اللہ ﷺ نے علی، فاطمہ اور حسن وحسین کو بلایا، پھر فرمایا[اے اللہ! یہ میرے اہل (بیت) ہیں]''۔

بلاشبہ نبی اکرم ﷺ کی ازواج واولاد تو اہل بیت میں شامل ہی ہیں لیکن سیدنا علی اور حسنین کریمین رضی اللہ عنہم کو نبی اکرم ﷺ نے خود اپنے اہل بیت کہا ہے اور قرآن مجید میں جن آیات میں اہل بیت کا ذکر آیا ہے ان کا مصداق قرار دیا ہے۔

عظمتِ اہلِ بیت اور ہمارے اسلاف

ابتدائی سطور میں عرض کیا گیا ہے کہ فی زمانہ عظمت ومحبت اہل بیت کو بھی متنازعہ مسئلہ بنادیا گیا ہے اور خارجیت سے متاثرہ ذہن اس کی نفی کرتے دکھائی دیتے ہیں، حالانکہ ہمارے اسلاف میں عظمت وتعظیم اہل

Marfat.com

بیت کے حوالے سے کوئی اختلاف موجود نہیں تھا، وہ قرآن وحدیث کے احکامات کی روشنی میں محبتِ اہلِ بیت اطہار کو اپنے ایمان کا حصہ سمجھتے تھے۔ سیدنا امام شافعی رضی اللہ عنہ اہل بیت اطہار کی محبت میں فرماتے ہیں:

یـــا اهـل بیـت رسـول اللـه حبکم

فـــرض مـــن الـلـــه فـــی القرآن انزلـه

کـفـــاکـم مـــن عـظیـم القدر انکـم

مـــن لـــم یـصـل علیکم لا صلوۃ له

''اے نبی کے اہل بیت! اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں تمہاری محبت کو فرض قرار دیا ہے۔ تمہاری عظمت وشان کے لئے یہ کافی ہے کہ جس نے تم پر درود نہیں پڑھا اس کی نماز ہی قبول نہیں''۔

آپ محبت اہل بیت سے منہ موڑنے والوں پر تنقید کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

لـمـا رایـت الـنـاس قد ذهبت بهم

مـــذاهبهـــم فـی البـحـــر الغی والجهل

وامـسـکـت حبـل الـلـه و هو ولائهم

کـمـا قـد امـــرنا باالتـمـسك بالحبل

''جب میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ ان لوگوں کی روش پر چل رہے ہیں جو جہالت اور ہلاکت کے سمندر میں غرق ہیں تو میں نے اللہ کی رسی کو تھام لیا اور وہ ان (اہل بیت) کی محبت ہے جیسا کہ ہمیں اس رسی کو مضبوطی سے تھامنے کا حکم دیا گیا ہے''۔

سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی المعروف بہ سیدنا غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ عرض گزار ہوتے ہیں:

غلام حلقہ بگوش رسول ساداتم — زہے نجات نمودن حبیب و آیاتم
ز غیر آل نبی حاجتے اگر طلبم — روا مدار یکے از ہزار حاجاتم
دم ز عشق محمد پر است وآل مجید — گواہ حال من است ایں ہمہ حکایاتم

Marfat.com

چوذرہ ذرہ شودایں تنم بخاکِ لحد　　تو بشنوی صلوات از جمیع ذراتم
کمینہ خادم خاندانِ تو ام　　ز خادمیٔ تو دائم بود مباہاتم
سلام گویم و صلوات بر تو ہر نفسے
قبول کن بہ کرم ایں سلام وصلواتم

''میں سادات کے سردار کے غلام کا حلقہ بگوش ہوں، میرا ان کے توسل سے نجات پا جانا ہی میری بخشش کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔ اے اللہ! میں اگر آل نبی کے سوا کسی اور سے کوئی حاجت طلب کروں تو تو ہزار حاجات میں سے کسی ایک حاجت کو بھی پورا نہ کرنا۔ میری ہر سانس عشق محمد ﷺ اور ان کی آل اطہار کی محبت سے رواں دواں ہے، میری ساری مناجات میرے حال کی گواہ ہیں۔ جب میرا یہ تن لحد کی خاک میں ریزہ ریزہ ہو جائے تو (اے مخاطب!) میرے تمام ذراتِ بدن سے درود وسلام ہی سنے گا۔ میں تیرے خاندان کے خادموں کا ادنیٰ خادم ہوں، تیری خدمت کے منصب سے ہمیشہ میری آن بان بڑھتی ہے۔ میری ہر سانس تجھے سلام کہتی ہے، تیری ذات پر درود بھیجتی ہے از راہ بندہ نوازی میرا یہ درود وسلام قبول فرمالے''۔

حضرت شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

فلا تعدل باھل البیت خلقا
فاھل البیت من اھل السیادۃ
فبغضھم من الانسان خسیس
حقیقی و حبھم عبادۃ

''اہل بیت کرام کے ساتھ کسی مخلوق کو برابر نہ سمجھو، کیونکہ تمام روحانی سعادتیں اہل بیت ہی کا حصہ ہیں۔ ان کی دشمنی اور عداوت میں انسان کے لئے سراسر خسارہ و ہلاکت ہے اور ان کی محبت وعقیدت سراپا عبادت کا درجہ رکھتی ہے''۔

حضرت ملا جامی رحمۃ اللہ علیہ کا انداز محبت بھی ملاحظہ فرمائیں:

خوشا مسجد و منبر و خانقاہے
کہ در وے بود قیل و قالِ محمد
بصدق و صفا می تواں گشت جامی
غلام غلامانِ آلِ محمد

Marfat.com

''اس مسجد و منبر و خانقاہ کی اوجِ قسمت کا کیا کہنا کہ جہاں آقائے دو جہاں ﷺ کی صفات عالیہ کا تذکرہ ہوتا ہے۔ صدق و صفا کے ساتھ جامی آل محمد ﷺ کے غلاموں کا حلقہ بگوش ہے''۔

عظمت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ

در نوائے زندگی سوز از حسین
اہل حق حریت آموز از حسین

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی ذات اقدس وہ ذات ہے جو بلاشبہ نبی اکرم ﷺ کی محبوب ذات تھی آپ ﷺ نے اکثر مقامات پر سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ گہری محبت کا اظہار فرمایا، حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:

طَرَقْتُ النَّبِیَّ ﷺ ذَاتَ لَیْلَةٍ فِیْ بَعْضِ الْحَاجَةِ فَخَرَجَ النَّبِیُّ وَهُوَ مُشْتَمِلٌ عَلٰی شَیْءٍ لَا اَدْرِیْ مَا هُوَ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْ حَاجَتِیْ قُلْتُ مَا هٰذَا الَّذِیْ اَنْتَ مُشْتَمِلٌ عَلَیْهِ فَکَشَفَهُ فَاِذَا حَسَنٌ وَ حُسَیْنٌ عَلٰی وَرِکَیْهِ فَقَالَ هٰذَانِ ابْنَایَ وَ ابْنَا ابْنَتِیْ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُحِبُّهُمَا فَاَحِبَّهُمَا وَ اَحِبَّ مَنْ یُحِبُّهُمَا۔
(جامع ترمذی ، کتاب المناقب باب مناقب ابی محمد الحسن بن علی)

''میں ایک رات نبی اکرم ﷺ کے پاس کسی کام کی غرض سے گیا۔ چنانچہ آپ ﷺ (باہر) نکلے اور اپنی پیٹھ پر کچھ لپیٹے ہوئے تھے۔ میں نہیں جانتا تھا کہ وہ کیا چیز ہے۔ جب میں اپنے کام سے فارغ ہوا تو میں نے عرض کیا: یہ کیا ہے؟۔ آپ ﷺ نے (دامن) کھولا تو آپ کے کولہے پر حسن اور حسین رضی اللہ عنہم تھے اور آپ ﷺ نے فرمایا[یہ میرے بیٹے ہیں اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں۔ اے اللہ! میں ان کو دوست رکھتا ہوں سو تو بھی ان کو دوست رکھ اور جو ان کو دوست رکھے اس کو بھی دوست رکھ]''۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اپنی صحیح میں نقل کرتے ہیں:

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے ایک عراق کے رہنے والے نے پوچھا کہ اگر احرام والا آدمی مکھی کو مار دے تو اس کا کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا:

اَهْلُ الْعِرَاقِ یَسْئَلُوْنَ عَنِ الذُّبَابِ وَ قَدْ قَتَلُوْا ابْنَ ابْنَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَ قَالَ النَّبِیُّ ﷺ هُمَا رَیْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْیَا۔ (صحیح بخاری ، کتاب المناقب ، باب مناقب الحسن و الحسین)

Marfat.com

''عراق والے مکھی مارنے کے بارے میں پوچھتے ہیں، حالانکہ انہوں نے نبی ﷺ کے نواسے کو قتل کر دیا ہے اور نبی ﷺ نے ان کی نسبت فرمایا تھا [یہ دونوں دنیا میں میرے دو پھول ہیں]''۔

حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے مجھے فرمایا:

حُسَیْنٌ مِنِّیْ وَاَنَا مِنْ حُسَیْنٍ اَحَبَّ اللّٰہُ مَنْ اَحَبَّ حُسَیْنًا حُسَیْنٌ سِبْطٌ مِنَ الْاَسْبَاطِ۔

(جامع ترمذی ، کتاب المناقب ،باب مناقب ابی محمد الحسن بن علی)

''حسین مجھ سے ہیں اور میں حسین سے ہوں جو حسین سے محبت رکھے اللہ اس سے محبت رکھتا ہے اور حسین تو نواسوں سے ایک نواسہ ہیں''۔

بلاشبہ حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کے بے شمار فضائل ہیں جن کو احاطۂ تحریر میں لانے کے لئے ایک ضخیم کتاب کی ضرورت ہے۔ یہ وہ عظیم ہستیاں ہیں جن کے لئے نبی اکرم ﷺ نے کبھی خطبہ ادھورا چھوڑا اور کبھی سجدہ لمبا کر لیا..... کبھی پشت انور پر سواری کرائی اور کبھی مبارک شانوں پر بٹھایا..... کبھی ان کو چومتے اور کبھی سونگھتے..... ان کی پیاس سے بے قرار ہو کر اپنی زبان مبارک ان کے منہ میں دے دیتے ہیں۔ یقیناً یہ ایسی خصوصیات اور ایسی فضیلتیں ہیں جو صرف حسنین کریمین رضی اللہ عنہما ہی کا مقدر تھیں اور کسی کے حصے میں یہ سعادت نہ آسکی۔

ایں سعادت بہ زور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

کیا کربلا اقتدار کی جنگ تھی؟

بعض بے باک اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی عظمت سے بے بہرہ لوگ کہتے ہیں کہ کربلا اقتدار کے حصول کی جنگ تھی، حاشا و کلا ایسا ہرگز نہ تھا۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا مقصد غلبۂ حق کے سوا اور کچھ نہ تھا۔ ان کے پیش نظر اقتدار کا حصول یا سلطنت پر قبضہ نہ تھا۔ بات صرف اتنی تھی کہ وہ ظلم و جبر کے ہاتھوں حقوق انسانیت کا خون برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ اقبال کہتے ہیں کہ اگر آپ کا مقصد اقتدار کا حصول ہوتا تو آپ

Marfat.com

یوں قلیل تعداد اور بے سروسامانی کی حالت میں نہ نکلتے۔ اقبال اپنی اس دلچسپ دلیل کو یوں پیش کرتے ہیں۔

مدعایش سلطنت بودے اگر
خود نکردے باچنیں ساماں سفر
دشمناں چوں ریگ صحرا لاتعد
دوستانِ او بہ یزداں ہم عدد

''اگر آپ کا مقصد سلطنت کا حصول ہوتا تو آپ اس بے سروسامانی کے عالم میں عازم سفر نہ ہوتے۔ ان کے دشمنوں کی تعداد بیاباں کی ریت کے ذروں کی طرح بے شمار تھی تو ان کے دوست یزداں کے ہم عدد تھے''۔

شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ پر غور کرتے وقت اس بات کو کبھی نہیں بھولنا چاہئے کہ خلافت راشدہ کے پورے دور اور اس کے بعد حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانے تک بھی حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا خاندان کبھی کشت وخون پر آمادہ نہیں ہوا اس لئے کربلا کی جنگ کو محض اقتدار کی جنگ سمجھنا ناانصافی اور غلطی ہوگی۔ اس حقیقت کو سمجھنے کے لئے سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے مقابلے میں سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی خلافت سے دستبرداری کی مثال کافی ہے۔ بلاشبہ کربلا حق وباطل کا معرکہ تھا، حضرت اقبال رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

بہر حق در خاک و خوں غلطیدہ است
پس بنائے لاالہ گردیدہ است

امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت ایک نہ ختم ہونے والا معاملہ ہے اور ہر دور میں اہل دل نے اس عَلَم کو بلند رکھا اور قربانیوں کی لازوال داستانیں رقم کرتے رہے۔ یہ سلسلہ امام مالک، امام اعظم، امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے ہوتا ہوا برصغیر میں آن پہنچا جہاں حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ سنت حسینی کے امین بنے اور آپ کے بعد یہ سلسلہ آج تک جاری وساری ہے۔

حیف صد حیف! وطن عزیز کی سرزمین پر امام حسین رضی اللہ عنہ کو آج (نعوذ باللہ) باغی قرار دیا جارہا ہے، یزید کی خلافت اور فضیلت پر کتابیں لکھی جارہی ہیں۔ یزیدیت اور بغض اہل بیت فروغ پاتے پاتے اس انتہا تک جا پہنچا ہے کہ لوگ اپنا اور اپنے بیٹوں کا نام یزید رکھنے لگے ہیں۔ کچھ لوگ جنہیں برسرعام تو کچھ کہنے کی

Marfat.com

ہمت نہیں ہوتی مگر وہ چپکے چپکے لوگوں کے ذہنوں میں یہ بات ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں کہ واقعۂ کربلا کے حوالے سے جو کچھ بھی کہا جاتا ہے وہ سب من گھڑت باتیں ہیں اور ان کا حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ اس طرح کی باتیں کر کے وہ معاذ اللہ آپ کی اس عظیم جدوجہد اور قربانی پر پردہ ڈالنے کی مذموم کوشش کرتے ہیں۔

کربلا کے کردار بدل چکے ہیں مگر یہ معرکہ اب بھی جاری وساری ہے۔ ہر وہ شخص جو اہل بیت اطہار کے ساتھ محبت ومودت کو جزو ایمان سمجھتا ہے ایسی صورتحال میں اس کی ذمہ داری ہے کہ ان لوگوں کے نظریات کے ردّ کے لئے ہر ممکن کوشش کرے۔ عظمت اہل بیت اور بالخصوص سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی عظمت اور کربلا میں آپ کی عظیم جدوجہد اور قربانی کو لوگوں کے سامنے بیان کرے اور مودت کا حق ادا کرتے ہوئے کربلائے وقت میں اپنا کردار ادا کرے۔

غم و ابتلائے حسین کا ابھی اختتام نہیں ہوا
میرے نینوا کے مسافرو! یہ سفر تمام نہیں ہوا
سر رہگزر ہے مکالمہ، ابھی اک شریر سپاہ ہے
ابھی سنگ موم نہیں ہوا، ابھی حر غلام نہیں ہوا

بلاشک وشبہ عظمت امام حسین رضی اللہ عنہ اور واقعہ کربلا کے موضوع پر نثر میں بہت سی کتب موجود ہیں لیکن یہ بھی امر واقعہ ہے کہ شعرائے کرام بھی منقبت اور سلام کے عنوان سے بارگاہِ حسینی میں اپنی عقیدتوں کا خراج پیش کرتے رہے ہیں مگر یہ جواہر پارے الگ الگ اور بکھرے ہوئے تھے۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ ان بکھرے ہوئے موتیوں کو ایک لڑی میں پرو دیا جائے۔ شاعری کی طرف طبعی رجحان، امام عالی مقام سے اپنی غلامی کے اظہار اور چند محترم دوستوں کے مشورے پر راقم نے اس کام کا بیڑا اٹھایا اور ایک سال کی محنت کے بعد ایک مہکتا ہوا گلدستہ آپ کی خدمت میں پیش کر دیا گیا ہے، جس میں عقائد اہلسنت کی رعایت کے ساتھ عظمت امام حسین رضی اللہ عنہ اور واقعہ کربلا کے پس منظر میں لکھے گئے کلام شامل کر دیئے گئے ہیں۔ میں اس کوشش میں کس حد تک کامیاب ہوا ہوں اس کا فیصلہ آپ نے کرنا ہے۔

یہاں یہ بات بھی ضرور کرنا چاہوں گا کہ میرے لئے میرے عقائد اور میری سوچیں بہت اہمیت کی

Marfat.com

حامل ہیں، کتاب کی ترتیب کے دوران بھی میں انہی کے زیر اثر رہا ہوں اس کے باوجود اگر کسی دوست کو اس حوالے سے کہیں شکایت ہو تو وہ مجھے اس کے ازالے کے لئے ہر وقت تیار سمجھے۔ اللہ تعالیٰ اس کوشش کو شرف قبولیت عطا فرمائیں۔ آمین بجاہ النبی الامین۔

کتاب کی ترتیب و تدوین کے دوران بہت سی شخصیات کا تعاون میرے شامل حال رہا جن میں صاحبزادہ سید احمد فاروق شاہ مجددی امیر مرکزی ادارہ فیضان ابوالبیان پاکستان، معروف ثناء خوان، صاحبزادہ سید زبیب مسعود شاہ (واہ کینٹ) جانشین حضرت صائم چشتی صاحبزادہ ساجد لطیف چشتی (فیصل آباد) پروفیسر فیض رسول فیضان، مدیر ماہنامہ دعوت تنظیم الاسلام حافظ تنویر حسین مجددی، قاری احمد رضا جماعتی، جناب جاوید اقبال قادری قلندری، علامہ پیر محمد اشرف شیرازی، علامہ خالد عثمان القادری (ایم فل) محمد اویس خان اور محترمی و مجبی جناب محمد عمران حیدر نت صاحب قابل ذکر ہیں۔

پیکر شفقت و محبت، استاذی و استاذ العلماء، حضرت علامہ مولانا رب نواز خاں اجمیری حفظہ اللہ نے کمال بندہ نوازی فرماتے ہوئے کتاب کو حرف بحرف پڑھا اور اغلاط کی نشاندہی فرمائی علاوہ ازیں اپنی بیش قیمت تحریر سے بھی نوازا۔

افتخار اہلسنت، شاعر دین و ملت حضرت صاحبزادہ پیر فیض الامین فاروقی حفظہ اللہ نے محبت فرماتے ہوئے قطعۂ تاریخ اشاعت عنایت فرمایا۔

علامہ صاحبزادہ محمد نجم الامین عروس فاروقی (جو گذشتہ جمعرات یکم نومبر 2012 کو حقیقی عروس بھی بن گئے ہیں) نے شادی کی مصروفیات کے باوجود کتاب کی بار بار پروف ریڈنگ فرمائی اور ہر قدم پر اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے رہے۔

عزیز محترم، حافظ محمد مختار علی (مسقط) دو مہینوں کے لئے چھٹی پر کیا آئے، میرے لئے کتاب کی ترتیب و تدوین کے مراحل آسان کر گئے۔ گوجرانوالہ، لاہور، فیصل آباد، شیخوپورہ اور اسلام آباد تک کی لائبریریوں کی خاک چھاننے میں میرے ساتھ رہے اور سفر کی مشقتوں میں راحت کا باعث بنتے رہے۔

القمر ایڈورٹائزرز کے آنر جناب محمد قمر رضا عطاری اور برادر اصغر جناب حافظ مجاہد عمران نے کمال فن سے کتاب کی خوبصورتی کو چار چاند لگا دیئے۔

جامع مسجد سرکار مدینہ (واپڈا ٹاؤن) میں علامہ حافظ محمد رضوان اقبال سیالوی، قاری محمد اشرف رضا

Marfat.com

قادری، قاری محمد افضال قادری اور حافظ محمد شعیب خان بھی وقتاً فوقتاً تعاون فرماتے رہے اور اپنی آراء سے نوازتے رہے۔

ان تمام مخلص اور محترم ساتھیوں کے لئے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو مصطفیٰ کریم ﷺ کے لاڈلوں کے صدقے دارین کی عظمتوں سے نوازیں۔

اعتذار

مناقب کے اس مجموعہ ''جگر گوشۂ بتول'' کی پروف ریڈنگ اور طباعت کے مراحل میں ممکنہ انسانی کوشش بروئے کار لائی گئی ہے۔ پھر بھی قارئین سے گذارش ہے کہ اگر کہیں سقم نظر آئے تو مرتب کو اطلاع فرمائیں تا کہ آیندہ ایڈیشن میں اصلاح کر دی جائے۔

کلام کے ساتھ شاعر کا نام بھی لکھ دیا گیا ہے مگر کچھ کلام ایسے ہیں جن کے شعرائے کرام کے نام مجھے نہ مل سکے اس سلسلے میں جو احباب اطلاع کریں گے میں دلی طور پر ان کا ممنون ہوں گا۔

نمازِ عشق کی یہ طُرفگی کوئی دیکھے
حسین سجدے سے اٹھے تو سر کٹائے ہوئے
شکست دے نہ سکی عزم ابنِ حیدر کو
اجل کھڑی ہے ندامت سے مُنہ چھپائے ہوئے

والسّلام

محمد عارف جاوید نقشبندی
0300-7440640
06-11-2012

Marfat.com

Marfat.com

آپ ہیں ، ہم ہیں ، زمانہ ہے ثنا خوانِ حسین
وہ بہت کم ہیں جنہیں ہوتا ہے عرفانِ حسین

اللہ اللہ! کیا کہوں میں شانِ فیضانِ حسین
بادشاہوں سے بھی بڑھ کر ہیں غلامانِ حسین

عزم و استقلال ، ایثار و وفا ، صبر و رضا
رزم گاہِ کربلا میں ، دیکھ سامانِ حسین

قریہ قریہ کُو بہ کُو ہیں ، دست در دستِ یزید
کون سی بستی میں بستے ہیں غلامانِ حسین

جب بھی باطل سے الجھنے کے لئے نکلیں گے آپ
ساتھ ہوگا آپ کے اسلامِ ذی شانِ حسین

محمد اسلام شاہ

Marfat.com

آج تک ساحلوں پر سر ہے پٹختا پانی
یادِ شبیر میں بے کل ہے برستا پانی

خواہشِ آب تھی سیراب کروں اصغر کو
آپ بل کھاتا رہا، ہائے تڑپتا پانی

آندھیاں جور و ستم کی وہ چلائیں ہائے
منہ میں اصغر کے نہ ڈالا کوئی قطرہ پانی

جب سے دیکھے ہیں ترے جسم کے ٹکڑے اُس نے
ٹکڑے ٹکڑے ہوا جاتا ہے برستا پانی

ضبطِ عباس کو دیکھو ، نہ بجھائیں پیاسیں
نہر پر جا کے بھی لب سے نہ لگایا پانی

منقبت لکھ ، ہو سیاہی ترے خونِ دل کی
تب اجاگر ! تجھے مانیں کہ ہے لکھا پانی

نثار علی اجاگر

Marfat.com

آ ! غمِ شبیر آ ! سینے لگا کر چوم لوں
کربلا کی خاک کو آنسو پلا کر چُوم لوں

آ ! مرے اصغر ! صدا دیتی تھی صغریٰ رات دن
آ ! تری راہوں کو میں پلکیں بچھا کر چوم لوں

یوں مخاطب لاشۂ اکبر سے تھے ابنِ علی
اٹھ مرے بیٹے تجھے دل میں بٹھا کر چوم لوں

جب چلے میدان کو قاسم تو سیّد نے کہا
رک ذرا دولھے، تجھے سہرا سجا کر چوم لوں

روک کر عون و محمد کو یہ زینب نے کہا
آؤ آخر بار سینے پر لٹا کر چوم لوں

تم بھی میرے چاند اصغر پانی پی کے آ گئے
آنکھ تو کھولو تمہیں لوری سنا کر چوم لوں

رات بھر جو آنکھ روتی ہے غمِ شبیر میں !
کیوں نہ میں صائمؔ ! اُسے نظریں جھکا کر چوم لوں

صائمؔ چشتی

Marfat.com

آ کے دشتِ شاہ پر مخصوص جادہ کر لیا
اب علی اصغر نے جینے کا ارادہ کر لیا

باپ کی گودی سے اصغر چھا گئے کونین پر
کتنا میدانِ شہادت کو کشادہ کر لیا

تھا جو دل کو کچھ زیادہ دینِ پیغمبر سے ربط
وزنِ غم اپنی طرف شہ نے زیادہ کرلیا

لاکھ گردش ہو مگر وہ قوم مٹ سکتی نہیں
فکرِ شبیری سے جس نے استفادہ کر لیا

دل تو دل ہے، پوری مجلس کی طہارت ہوگئی
ذکرِ اہلِ بیت کا جس دم اعادہ کر لیا

کام آخر اپنے اشکوں کی روانی آگئی
زیست کا اک اک ورق دھودھو کے سادہ کرلیا

اس کے دل کو خواہشِ جنت ستاتی ہی نہیں
منتخب جس نے نبی کا خانوادہ کر لیا

سید وحید الحسن ہاشمی۔

Marfat.com

آلِ احمد کی عظمت پہ لاکھوں سلام
ابنِ حیدر کی رفعت پہ لاکھوں سلام

مصطفیٰ کے دل و جاں، حسین و حسن
نوجوانانِ جنت پہ لاکھوں سلام

جس سے خوش ہے خدا اور خدا کا نبی
اس کی تابندہ قسمت پہ لاکھوں سلام

جو صحابی بھی ہیں اور نواسے بھی ہیں
ان کی توقیر و نسبت پہ لاکھوں سلام

چھوڑ کر اپنا خطبہ لیا گود میں
نورِ عینِ رسالت پہ لاکھوں سلام

جس نے کربل میں زندہ کیا دین کو
اس کی شانِ شجاعت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

آیا نہ ہوگا اس طرح حسن و شباب ریت پر
گلشنِ فاطمہ کے تھے سارے گلاب ریت پر

جانِ بتول کے سوا کوئی نہیں کھلا سکا
قطرۂ آب کے بغیر اتنے گلاب ریت پر

جتنے سوال عشق نے آلِ رسول ﷺ سے کیے
ایک سے بڑھ کے اِک دیا، سب نے جواب ریت پر

ترسے حسین آب کو ، میں جو کہوں تو بے ادب
لمسِ لبِ حسین کو ترسا ہے آب ریت پر

لذّتِ سوزشِ بلال ، شوقِ شہادتِ حسین
جس نے لیا یونہی لیا ، اپنا خطاب ریت پر

عشق میں کیا بچایئے ، عشق میں کیا لٹایئے
آلِ نبی نے لکھ دیا ، سارا نصاب ریت پر

آلِ نبی کا کام تھا ، آلِ نبی ہی کر گئے
کوئی نہ لکھ سکا ادیبؔ ! ایسی کتاب ریت پر

ادیب رائے پوری

Marfat.com

ابنِ حیدر دین کی پشت و پناہ
شہسوارِ جادۂ عشقِ الہ

حیدرِ کرّار کا لختِ جگر!
درس گاہِ عشق اس کی بارگاہ

وہ رہا پروانۂ حسن ازل
زندگی کا غازہ اس کی گردِ راہ

عشق کو ہے ناز جس پر وہ حسین
بے گماں زندہ دلوں کا سربراہ

شاہدِ گلگوں قبا ، ابنِ علی
صبر و استقلال کا وہ بادشاہ

ظلم کے کانٹوں پہ گزرا شوق سے
اس کی تسلیم و رضا پر تھی نگاہ

ابنِ حیدر، حافظِ ناموسِ دیں
مہبطِ انوار اس کی خانقاہ

Marfat.com

ابھی نشانۂ غمہائے بے سبب ہے حسین
فراتِ ذہنِ مسلماں پہ تشنہ لب ہے حسین

بڑے شکوہ سے باطل سے جنگ جاری ہے
نہ تب یزید سے مرعوب تھا، نہ اب ہے حسین

اب اس سے بڑھ کے محبت کا قرب کیا ہوگا
اس انتشار میں انسان کی طلب ہے حسین

جو زندگی کے شب و روز میں مقید ہیں
انہیں خبر نہیں ، تقدیرِ روز و شب ہے حسین

ہر اک سخن کے تموّج میں خود نمائی ہے
جوخونِ دل سے مزّین ہے، وہ ادب ہے حسین

حسین آج ہے آواز ، سازِ ہستی کی
سمجھ رہا تھا زمانہ کہ جاں بلب ہے حسین

جہاں کو مل گیا جس سے عصائے مظلومی
اس انقلاب کے کردار کا لقب ہے حسین

سید وحید الحسن ہاشمی

Marfat.com

اٹھا نگاہ میں اک عزمِ بے پناہ لئے
ستارہ صبح کا تنویرِ مہر و ماہ لئے

وہ جس نے رسم و رہِ عشق کی بنا ڈالی
بنائے قصرِ شہنشاہیت ہلا ڈالی

بلند مرتبہ ، لَا الہ جس نے کیا
یزید و شمر کا لشکر تباہ جس نے کیا

میانِ کرب و بلا خاک و خون میں تڑپا
وہ جس نے عشق کو اک تازہ ولولہ بخشا

وہ سروِ ناز تھا ، بھوکا بھی اور پیاسا بھی
رسولِ پاک کا محبوب بھی ، نواسا بھی

تمام جسم بھی زخمی تھا اور سینہ بھی
لٹا چکا تھا بھرے گھر کا سب خزینہ بھی

مگر اطاعتِ شمر و یزید کی نہ قبول
مرا سلامِ محبت ، ریاضِ دہر کے پھول!

Marfat.com

اس شخص کی کونین میں توقیر بہت ہے
جس شخص کے دل میں غمِ شبیر بہت ہے

کیا چیز گدائی ہے درِ شاہِ نجف کی
مل جائے جسے اس کو یہ جاگیر بہت ہے

ہر دور میں آزادیٔ اسلام کی خاطر
سجاد کی پہنی ہوئی زنجیر بہت ہے

چادر کا تقدس بھی بڑی چیز ہے لیکن
زینب کے لئے آیۂ تطہیر بہت ہے

چھوٹی نظر آتی ہے یہ دنیا مجھے صہبا!
دل پر اثرِ نعرۂ تکبیر بہت ہے

Marfat.com

اس قدر تیری حرارت مرے ایمان میں آئے
موت بستر پہ نہ آئے مجھے میدان میں آئے

ساری دنیا کے یزیدوں کو مٹا سکتا ہے
تیرا ایثار اگر آج کے انسان میں آئے

کوئی کردار حسین ابنِ علی سا لے کر
کوئی بھی قوم کسی عہد کے ایوان میں آئے

جب نویں شب کے چراغوں کو بجھا کر دیکھوں
تیرے اندر کا اجالا میرے وجدان میں آئے

جب کسی شمر کا خنجر مجھے للکارتا ہے
ضربِ شبیر کی آواز مرے کان میں آئے

اس کے جمہور کے لہجے میں دعا مانگتا ہوں
ملک میرا نہ الٰہی کسی بحران میں آئے

ہر طرف آج مظفرؔ ! نہ بہے خون اس کا
اپنے اسلاف کا جذبہ جو مسلمان میں آئے

مظفر وارثی

Marfat.com

اسی کا ذکرِ جمیل کرنا اسی کے رخ کی کتاب پڑھنا
خیالِ سبطِ نبی جو آئے تو غم کا زندہ نصاب پڑھنا

سوالِ بیعت میں کم نگاہی کا سانحہ تھا گزر چکا ہے
کتابِ صحرا کے سرورق پر لہو سے لکھا جواب پڑھنا

کبھی فراغت میں یاد کرنا گھروں سے نکلے مسافروں کو
جھلستے موسم کی جاں کنی میں سلگتی آنکھوں کے خواب پڑھنا

یہ معجزہ ہے کہ زخم بوئے ، جو کشتِ جاں میں، مہک اٹھے ہیں
زمینِ کربِ و بلا کے پیاسوں کو رحمتوں کے سحاب پڑھنا

دیارِ کوفہ کے بام و در سے ، لپٹ کے روحِ علی بھی روئی
اگر ہیں آنکھیں تو بنتِ زہرا کا ،تم بھی حرفِ خطاب پڑھنا

حسن عسکری

Marfat.com

اک درد دل و جان کو زنجیر کرے ہے
یہ کیسا مہینہ ہے کہ دل گیر کرے ہے

یہ نام ترا دل میں اجالے کی طرح ہے
یہ غم کہ ترا، روح کی تعمیر کرے ہے

جو درد کبھی تو نے سہا جانِ حزیں پر
ہر شخص اسی درد کی تشہیر کرے ہے

رہتا ہے کہیں دل میں تری یاد کا موسم
غم تیرا ، مری خاک کو اکسیر کرے ہے

مہکے ہے ترے ذکر سے ہر ایک زمانہ
یہ ذکر تو ہر عہد کو تسخیر کرے ہے

ہر عہد میں روشن ہیں ترے خون کی شمعیں
ہر عہد ترے درد کی تفسیر کرے ہے

سرسبز ہی رہتا ہے ، شجر حق کا ہمیشہ
اک فیصلہ ہے وقت جو تحریر کرے ہے

شفیق احمد خان

Marfat.com

اگر یہ علم نہیں ، غم ہے کیا ، خوشی کیا ہے
چلو حسین سے پوچھیں کہ زندگی کیا ہے

جو دشتِ یاس کا پیاسا ہے ، کیا خبر اس کو
قریبِ نہر مسافر کی تشنگی کیا ہے

حبیب ابنِ مظاہر تمہارے صدقے میں
کُھلا یہ کرب و بلا میں کہ دوستی کیا ہے

علی کے عِلم کا کرنے چلا ہے وہ دعویٰ
جسے خبر ہی نہیں ہے کہ بوذری کیا ہے

بتا رہا ہے ریاست کو حر کا ٹھکرانا
کرے ضمیر ملامت تو نوکری کیا ہے

بس ایک مقتلِ شبیر کی زمیں ہے جہاں
بجھے چراغ بتاتے ہیں روشنی کیا ہے

سید وحید الحسن ہاشمی

Marfat.com

السّلام ابنِ علی اے سیّدہ زہرا کے لال !
السّلام اے پرتوِ حسنِ محمد لازوال

ناز ہے جس پر جہاں کو وہ گرانمایہ سپوت
کربلا کا ذرہ ذرہ جس کی عظمت کا ثبوت

جس کے خوں سے آج بھی تاریخ کا رنگیں ہے باب
جس کی جرأت سے ملا دنیا کو عزمِ انقلاب

خاندانِ مصطفیٰ کا وہ امیر ابنِ امیر
گردشِ کون و مکاں بھی جس کی ٹھوکر کی اسیر

جس پہ تیغ اٹھی تو دو عالم کی دھڑکن رک گئی
جس کی چوکھٹ پر فرشتوں کی جبیں تک جھک گئی

اک طرف جور و ستم کی انتہا ہوتی رہی
اک طرف سجدے میں تسلیم و رضا ہوتی رہی

حادثۂ کربلا دراصل ہے مرگِ یزید
نقش ہے لوح و قلم پر آج بھی نامِ شہید

خلیل آتش

Marfat.com

السّلام ! اے صداقت کے پیغامبر !
السّلام ! اہلِ ذکر اور اہلِ خبر !

السّلام ! اے سکونِ دلِ فاطمہ !
السّلام ! اے محمد کے نورِ نظر !

ہے سعادت کی منزل ترا نقشِ پا
ہے ہدایت کا رستہ تری رہگذر

اک غریب و تہی دست کی نذر کیا
بس یہی اشک ہیں میرے لعل و گہر

اس طرف حق پسندی بہ ایں سادگی
اس طرف بادشاہی بصد کرّ و فرّ

اے قتیلِ جفا ، اے شہیدِ وفا
فتح مندی کا سہرا رہا تیرے سر

جان دی اور اس شان سے جان دی
خاک پر تھی جبیں ، عرش پر تھی نظر

Marfat.com

السلام اے نور اول کے نشاں!

السّلام اے نورِ اوّل کے نشاں ! السّلام اے رازِ دارِ کن فکاں !
السّلام اے داستانِ بے کسی ! السّلام اے چارہ سازِ بیکساں !
السّلام اے دستِ حق، باطل شکن ! السّلام اے تاجدارِ ہر زماں !
السّلام اے رہبرِ علمِ لَدُن ! السّلام اے افتخارِ عارفاں !
السّلام اے راحتِ دوشِ نبی ! السّلام اے راکبِ نوکِ سناں !
السّلام اے بوترابی کی دلیل ! السّلام اے شاہبازِ لامکاں !
السّلام اے ساجدِ بے آرزو ! السّلام اے رازِ دارِ قدسیاں !
السّلام اے ذوالفقارِ حیدری ! السّلام اے کشتۂ تسلیمِ جاں !
السّلام اے مستِ جامِ نجف ! السّلام اے جنبشِ کون و مکاں !
السّلام اے رازِ قرآنِ مبیں ! السّلام اے ناطقِ رازِ نہاں !
السّلام اے ہم نشینِ ریگِ دشت ! السّلام اے کج کلاہِ خسرواں !
السّلام اے دُرِّ دینِ مصطفیٰ ! السّلام اے معدنِ علمِ رواں !
السّلام اے گوہرِ عینِ علی !
دینِ پیغمبر کے عنوانِ جلی !

واصف علی واصف

Marfat.com

اللہ رے اوجِ بختِ بیابانِ کربلا
صد غیرتِ بہشت ہے میدانِ کربلا

انسانیت کو بخش دیا اک شعورِ زیست
تاریخ پر رہے گا یہ احسانِ کربلا

ایثار و مہر و عشق و محبت کے باب میں
سارے ہی بے مثال تھے خاصانِ کربلا

ڈھونڈے گی حشر تک بھی تو دنیا نہ پائے گی
ہے بے مثال اُسوۂ سلطانِ کربلا

دنیا اسیرِ تیرگیٔ ظلم و جور ہے
ہے انتظارِ مہرِ درخشانِ کربلا

پھر اہلِ حق ہیں اور ہے باطل کی دارو گیر
ہے احتیاجِ نصرتِ خاصانِ کربلا

اس دورِ "الاماں" میں نہیں ہیں، مگر حسین
پھیلا ہے یوں تو آج بھی دامانِ کربلا

عابد رضوی

Marfat.com

اللہ ، اہلِ بیتِ پیمبر کے ساتھ ہے
اسلام کا وقار اسی گھر کے ساتھ ہے

پیاسے نہ ہم رہیں گے قیامت میں دیکھنا
اپنا بھی ربط ساقیٔ کوثر کے ساتھ ہے

آلِ نبی کو ذاتِ نبی سے جدا نہ جان
ہر موج کا وجود سمندر کے ساتھ ہے

وہ اک مکاں کہ جس کا مکیں بابِ علم تھا
اپنا تو رابطہ ہی اسی گھر کے ساتھ ہے

آلِ نبی کے درد سے میں بھی جدا نہیں
میرا نصیب ان کے مقدر کے ساتھ ہے

Marfat.com

لاکھوں شقی ادھر ہیں ادھر اک حسین ہیں
کانٹوں کی نوک جھونک گلِ تر کے ساتھ ہے

تنہا اسی کے نام سے دشمن تھا بدحواس
اب کیا کرے ، حسین بہتّر کے ساتھ ہے

سچ مچ ہو دل میں غم تو بھر آتی ہے آنکھ بھی
اشکوں کا سلسلہ دلِ مضطر کے ساتھ ہے

اس ذاتِ پاک کا ہوں دل و جاں سے میں غلام
دعویٰ غلط نہیں ہے ، مگر ڈر کے ساتھ ہے

دشمن کی گفتگو میں کہاں خیر کی جھلک
جو بات ہے شریر کی ، اِک شر کے ساتھ ہے

بھیجوں یزیدیت پہ نہ کیوں لعنت اے نصیر !
یہ دشمنی ہے اور مرے گھر کے ساتھ ہے

سید نصیرالدین نصیر گولڑوی

Marfat.com

امامِ اہلِ طریقت حسین ابنِ علی
چراغِ بزمِ ولایت حسین ابنِ علی

فدائے حسنِ طریقت حسین ابنِ علی
ضیائے نورِ شریعت حسین ابنِ علی

ہیں جانِ عہدِ خلافت حسین ابنِ علی
وقارِ بزمِ شرافت حسین ابنِ علی

زمین کرب و بلا کے وہ شہسوارِ عظیم
شہیدِ حق و صداقت حسین ابنِ علی

ہے ان کے دم سے گلستانِ فاطمہ پہ نکھار
بہارِ باغِ رسالت حسین ابنِ علی

خلوص و حلم و مروت کے پیکرِ دلکش
ہیں آفتابِ ہدایت حسین ابنِ علی

زہے نصیب قمرؔ پر کبھی جو فرمائیں
نگاہِ لطف و عنایت حسین ابنِ علی

قمر یزدانی

Marfat.com

امامِ برحقِ اہل رضا ! سلام علیک
شہیدِ معرکۂ کربلا ! سلام علیک

گلِ مرادِ ولایت ! حسین ابنِ علی !
تتمۂ شرفِ مصطفیٰ ! سلام علیک

ثبوت یہ ہے کہ نورِ شہادتِ کبریٰ
تری جبیں سے نمایاں ہوا ، سلام علیک

عبث ہے اور کہیں راہِ صبر و حق کی تلاش
تری مثال ہے جب رہنما ، سلام علیک

ترے طفیل میں حسرت ! بھی ہو شہیدِ وفا
یہی دعا ہے یہی مدّعا ، سلام علیک

Marfat.com

اونچے لقب ہیں جن کے اور اونچے خطاب ہیں
وہ فاطمہ کے لال ہیں عالی جناب ہیں

بخشی ہے ان کے خون نے دیں کو حیاتِ نو
ان کے لہو کی مہک سے مہکے گلاب ہیں

کربل کی سر زمین کو کیوں نہ کہوں فلک
اک آفتاب اس میں کئی ماھتاب ہیں

آلِ نبی نے جس طرح ظلم و ستم سہے
وہ صبر کے نصاب کی پوری کتاب ہیں

ان کو شمر ، یزید مٹائیں گے کس طرح
اللہ کا اور رسول کا جو انتخاب ہیں

جانیں نثار کر گئے جو دین پر ایازؔ!
بے مثل و بے نظیر ہیں ، وہ لاجواب ہیں

ایاز احمد

Marfat.com

اہلِ بیتِ مصطفیٰ سے جب محبت ہوگئی
زیست کی ہر سانس مصروفِ عبادت ہوگئی

مستقل آئینِ ہستی ، مستقل دستورِ عشق
تیری اے جانِ نبی ایک ایک ساعت ہوگئی

کربلا میں تیرے ہر ہر گام پر جانِ رسول
زیست کے مبہم فسانے کی وضاحت ہوگئی

دے کے سر شبیر نے اسلام کو بخشی حیات
لیجئے اس کام سے بھی آج فرصت ہوگئی

دیکھنے والوں نے دیکھا ہر نئی آفت کے بعد
تیز شاہِ دیں کے چہرہ کی بشاشت ہوگئی

Marfat.com

اے ابنِ علی ، سبطِ نبی ، عظمتِ پیہم !
اے نورِ خدا ، فخرِ رسل ، سیّدِ عالم !
عالی نسبی میں بھی ہے تو سب سے معظم
تو نے کیا اسلام کی بنیاد کو محکم
تو بن کے چراغ آیا ہے اللہ کا زمیں پر
جنت کا بھی سردار ہے تو عرشِ بریں پر

Marfat.com

مادر تری مریم سے بھی رتبے میں سوا ہے
جعفر ہے چچا اور اسے پرواز روا ہے
بھائی ہے حسن ، مالکِ کل صبر و رضا ہے
شیدا ترے عباس پہ دنیا کی وفا ہے
تو ساتھ ہے قرآن کے قرآن ترے ساتھ
ہادی ہے تو ، رہبر ہے تو ، رحمٰن ترے ساتھ

مخلوق کو ملتی ہیں ترے در پہ پناہیں
رہتی ہیں کرم بار سدا تیری نگاہیں
ہیں راہیں رسول اور علی کی تری راہیں
جو تو نے کیا اس کو پیمبر بھی سراہیں
پورا تو محبوں کا ہر اک خواب کرے گا
ہے ساقیٔ کوثر ، انہیں سیراب کرے گا

دشمن ترے ہر دور میں ناکام رہیں گے
دیوانے ترے صاحبِ انعام رہیں گے
ہم ذکر میں تیرے سحر و شام رہیں گے
جو تو نے خریدے ہیں خوش انجام رہیں گے
بے مثل ہے تو دونوں جہاں میں مرے مولا
اک چشم کرم! ہم ہیں خزاں میں مرے مولا

علی یاسر

Marfat.com

اے امامِ عاشقاں ! اے سیّدِ عالی تبار
تیرے خوں سے ہے درخشاں کربلا کا ریگ زار

جس رباب عشق کو تو نے نوا ساماں کیا
آج بھی ہے زمزمہ افروز اس کا تار تار

تو بنائے لَااِلٰہ تو مستِ صہبائے اَلَست
جاں نثاری نے تری بدلا مزاجِ روزگار

تیرے جاں دینے سے ابھرا اور نقشِ حرّیت
نعرۂ حق سے ترے باطل نے لی راہِ فرار

جو ستم ڈھائے گئے تھے تیرے اہلِ بیت پر
چشمِ چرخِ نیلگوں اب تک ہے ان پر اشک بار

حق پرستی کی تڑپ پیدا ہو پھر تیری طرح
پاسِ ناموسِ پیمبر ہو اگر اپنا شعار

خلوتِ دل میں ضیا افشاں ہیں تیرے غم کے داغ
تیرا غم ہے مایۂ صبر و سکوں، وجہِ قرار

پروفیسر محی الدین خلوت

Marfat.com

اے بادشاہِ دینِ وفا ! سیّدی ! سلام
اے حق کے پاسدار، اے سبطِ نبی ! سلام

زہرا کا لعل، بازوئے خیبر شکن کہوں
یا پھر تجھے حسین ! غریب الوطن کہوں
صبر و رضا کا صدق کا معیار بھی حسین
دشتِ بلا میں قافلہ سالار بھی حسین

احباب و جاں نثار فدا ہوگئے تمام
ایک ایک کرکے فرض ادا ہوگئے تمام
اسلام فتح مند ہوا، شر نہیں رہا
اس میں مگر حسین ! ترا گھر نہیں رہا

القصہ جو بھی کی تھی کمائی حسین نے
راہ رضا میں ساری لٹائی حسین نے
سکتہ ہے آسمان کو، دلگیر دشت ہے
دریا لہو ہے، مقتلِ شبیر دشت ہے

ہے آبروئے ہوش یہ وارفتگی، سلام
اے حق کے پاسدار ! اے سبطِ نبی ! سلام

شکیل جاذب

Marfat.com

اے بدخشانِ نبی کے لعلِ احمر ! السّلام
اے گلستانِ علی کے لالۂ تر ! السّلام

ایک ساعت ہی میں امت پھر گئی نانا کی سب
کیا قیامت لائی تیرے سر کے اوپر السّلام

بوند بھر پانی نہ دریا پر تجھے پینے دیا
اے تمنّائے دلِ ساقیٔ کوثر ! السّلام

.....

اے گلِ خوش رنگِ گلزارِ شہادت ! السّلام
تیری مظلومی کی دیں گے سب شہادت، السّلام

جور دیکھے تو نے کیا کیا لعلِ سلگِ جور سے
اے کہ گذری تیرے اوپر سخت حالت، السّلام

کارواں در کارواں بارِ اَلَم تجھ سے کھنچا
حوصلہ کس کا جو دیکھے یہ ملامت السّلام

میر تقی میر

Marfat.com

اے حسین ابنِ علی ! اے حرّیت کے تاجدار!
تیرے غم میں ہے عروسِ زندگی سینہ فگار

تو نے اپنے خون سے سینچا چمن اسلام کا
کیوں قیامت تک چلے سکہ نہ تیرے نام کا

تو نے انساں کو دیا یوں درسِ تسلیم و رضا
نیّرِ مہر و وفا کو پھر سے تاباں کر دیا

عالمِ عِلمِ لَدُنّی ، مخزنِ اسرارِ دیں
ظاہر و باطن ترا تفسیر قرآنِ مبیں

کربلا میں روزِ عاشورہ کٹا کر اپنا سر
مہرِ حق کو اپنے خوں سے کر دیا تابندہ تر

وہ شریعت جو چلی نامِ رسولِ پاک سے
اور بھی روشن ہوئی وہ کربلا کی خاک سے

محسنِ انسانیت تو ہے حسین ابنِ علی
حافظِ وحدانیت تو ہے حسین ابنِ علی

ناصر زیدی

Marfat.com

اے حسین ابنِ علی ، نورِ نگاہِ مصطفیٰ
اے امامِ با صفا اے پیکرِ صبر و رضا
اے وقارِ ملّتِ اسلام اے مردِ خدا
اے جہانِ رنگ و بو کے آفتابِ پر ضیا
آج بھی وردِ زبانِ خَلق تیرا نام ہے
زندۂ جاوید اب بھی ہر ترا پیغام ہے

کس قدر تھا آپ کو قرآں کی عظمت کا خیال
راہِ حق میں سر بکف نکلے مع اہل و عیال
کسمپرسی سے نہیں تھا دل میں کچھ رنج و ملال
مسکراہٹ تھی لبوں پر زخم سے تھے خستہ حال
سر کٹایا بھوکے پیاسے جوشِ ایمانی کے ساتھ
جذبۂ اسلام تھا دل میں فراوانی کے ساتھ

Marfat.com

چومتی تھی تیرے قدموں کو حیاتِ جاوداں
پر خطر گھڑیوں میں بھی قائم رہا عزمِ جہاں
نام حق شمشیروں کے سایہ میں تھا وردِ زباں
خوں بہا کر ، کر دیا سر سبز دیں کا گلستاں

مٹ رہی تھی شان رکھ لی مذہبِ اسلام کی
لاج باقی رہ گئی اسلاف کے پیغام کی

خوف سے چھوڑا نہ فرمانِ رسالت آپ نے
کربلا میں کر دی تکمیلِ شہادت آپ نے
واقعی پورا کیا حقِّ امامت آپ نے
ابنِ حیدر ! خوب دکھلائی شجاعت آپ نے

رنج وغم آتے رہے تجھ پر فراوانی کے ساتھ
ہر قدم لیکن اٹھا آیاتِ قرآنی کے ساتھ

ساری امت پہ ہے احسانِ حسین ابنِ علی
دیں کے سینے میں ہے ایمانِ حسین ابنِ علی
حشر تک جاری ہے فرمانِ حسین ابنِ علی
اک زمانہ ہے ثنا خوانِ حسین ابنِ علی

کاش ان کی راہ پر ہم گامزن ہوتے نسیمؔ !
حق کی خاطر خوگرِ رنج و محن ہوتے نسیم !

مولانا نسیم بستوی

Marfat.com

اے دشتِ کربلا تری کھدر زمین پر
پیاسا تڑپ کے سو گیا ریشم حسین کا

کچھ غور کیجئے تو کھلے گا یہ فلسفہ
ذی الحج حسین کا ہے ، محرم حسین کا

اوڑھے ہوئے ہیں آج بھی زندہ ضمیر لوگ
آب و ہوا حسین کی ، موسم حسین کا

نوکِ سناں پہ اور اسے کر دیا بلند
جب سر کسی سے ہو نہ سکا خم حسین کا

روشن صداقتوں کے سبھی کر گیا چراغ
صادق جمیلؔ ! خونِ مکرّم حسین کا

صادق جمیل

Marfat.com

اے زمینِ کربلا تیری فضاؤں کو سلام
خاکِ کربل تیرے ذروں کی ضیاؤں کو سلام
چھو کے جو چلتی ہیں طیبہ کے شہیدوں کے قدم
ان تڑپتی ، اشک برساتی ہواؤں کو سلام
کس طرح تجھ پر قدم رکھے نبی کی آل نے
کس طرح سجدے کئے تجھ پر علی کے لال نے

کون رویا تھا مدینے کا نگینہ دیکھ کر
کون تڑپا تھا علی اکبر کا سینہ دیکھ کر
مصطفیٰ کی آل کے خیمے جلے تھے کس طرح
کس طرح روئی تھی اصغر کو سکینہ دیکھ کر
کیسے حلقومِ علی اصغر کو چھیدا تیر نے
کس طرح لاشہ اٹھایا تھا سخی شبیر نے

دشتِ کربل ! کیا تجھے ماضی کا منظر یاد ہے ؟
کس طرح تجھ پر گرا تھا ابنِ حیدر ، یاد ہے ؟
بوسہ گاہِ رحمۃ للعالمیں پر پے بہ پے
شمر ظالم لعنتی کی ضربِ خنجر یاد ہے ؟
کس نے ارضِ کربلا تجھ کو معلّٰی کردیا
تیرے ویرانوں کو کس نے نورِ حق سے بھر دیا

پیر سید خضر حسین چشتی

Marfat.com

اے کربلا کی خاک اس احسان کو نہ بھول
تڑپی ہے تجھ پہ لاشِ جگر گوشۂ بتول

اسلام کے لہو سے تری پیاس بجھ گئی
سیراب کر گیا تجھے خونِ رگِ رسول

کرتی رہے گی پیش شہادت حسین کی
آزادیٔ حیات کا یہ سرمدی اصول

چڑھ جائے کٹ کے سر تیرا نیزے کی نوک پر
لیکن یزیدیوں کی اطاعت نہ کر قبول

Marfat.com

ایک قطرے کو جو دوں بسط تو قلزم کردوں
بحرِ موّاجِ فصاحت میں تلاطم کردوں
ماہ کو مہر کروں ذروں کو انجم کردوں
گُنگ کو ماہرِ اندازِ تکلّم کردوں
عمر گزری ہے اسی دشت کی سیّاحی میں
پانچویں پشت ہے شبیر کی مدّاحی میں
عرشِ اعظم کو ہلاتی تھیں دعائیں ان کی
وجد کرتے تھے ملک سن کے صدائیں ان کی
وہ عمامے ، وہ قبائیں ، وہ عبائیں ان کی
حوریں لیتی تھیں بصد شوق بلائیں ان کی
ذکرِ خالق میں لب ان کے جو ہلے جاتے تھے
غنچے فردوس کے شادی سے کھلے جاتے تھے
کیا جوانانِ خوش اطوار تھے ، سبحان اللہ
کیا رفیقانِ وفادار تھے ، سبحان اللہ
صفدر و غازی و جرّار تھے ، سبحان اللہ
زاہد و عابد و ابرار تھے ، سبحان اللہ
زن و فرزند سے فرقت ہوئی ، مسکن چھوڑا
مگر احمد کے نواسے کا نہ دامن چھوڑا

Marfat.com

اللہ اللہ ! عجب فوج عجب غازی تھے
عجب اسوار تھے بے مثل عجب تازی تھے
لائقِ مدح و سزاوارِ سرافرازی تھے
گو بہت کم تھے ، پہ آمادۂ جاں بازی تھے
پیاس ایسی تھی کہ آ گئی جاں ہونٹوں پر
صابر ایسے تھے کہ پھیری نہ زباں ہونٹوں پر

تنِ تنہا شہِ دیں لاکھ سواروں سے لڑے
بے سپر ، برچھیوں والوں کی قطاروں سے لڑے
صورتِ شیرِ خدا ظلم شعاروں سے لڑے
دو سے اک لڑ نہیں سکتا یہ ہزاروں سے لڑے
گر ہو غالب تو ہزاروں پہ وہی غالب ہو
جو دل و جانِ علی ابنِ ابی طالب ہو

اسداللہ کے صدقے شہِ والا کے نثار
وہی حملے تھے ، وہی زور ، وہی تھی تلوار
فتح ، حیدر نے کیا جنگ میں خیبر کا حصار
مورچے فوج کے حضرت نے بھی توڑے کئی بار
کیوں نہ ہو احمدِ مرسل کے نواسے تھے حسین
فرق اتنا تھا کہ دو روز کے پیاسے تھے حسین

میر انیس

Marfat.com

ایمان کی ہے جان محبت حسین کی
دیدارِ مصطفیٰ ہے زیارت حسین کی

اسوہ رسولِ پاک کا سیرت حسین کی
ہے صورتِ رسول ہی صورت حسین کی

دفتر ہے کائنات کا ان کی نگاہ میں
اللہ کی عطا ہے فراست حسین کی

ذاتِ حسین سے ہے عیاں شانِ مصطفیٰ
اللہ جانتا ہے حقیقت حسین کی

اپنے لہو سے عشق کی روداد کی رقم
واللہ ! بے مثال ہے عظمت حسین کی

فیضان ہے یہ مہر علی شاہ کا تمام
مجھ پر ہے یہ معینؔ ! عنایت حسین کی

Marfat.com

ایمان و آگہی کا یہ روشن اصول ہے
سبطِ نبی کا ذکر ہی ذکرِ رسول ہے

کر دی بنائے عظمتِ توحید استوار
لتھڑا ہوا ہے خون میں چہرے پہ دھول ہے

میرے حضور نے اسے سونگھا تو یہ کہا
چہرہ مرے حسین کا جنت کا پھول ہے

خلعت اسی نے پائی حیاتِ دوام کی
جس کو بنامِ زندگی مرنا قبول ہے

ہر چشمِ سوگوار سے جاری ہے جوئے اشک
ابنِ علی کے غم میں زمانہ ملول ہے

حُبِّ حسین ہم کو میسر اگر نہ ہو
بے کار ہے یہ زندگی جینا فضول ہے

نخلِ یزید پر کبھی آ جائے برگ و بار
سودائے خام ہے رضاؔ! وہم اور بھول ہے

پروفیسر محمد اکرم رضا

Marfat.com

باغ جنت کے ہیں بہرِ مدح خوانِ اہلِ بیت
تم کو مژدہ نار کا ، اے دشمنانِ اہلِ بیت

ان کی پاکی کا خدائے پاک کرتا ہے بیاں
آیۂ تطہیر سے ظاہر ہے شانِ اہلِ بیت

ان کے گھر میں بے اجازت جبرئیل آتے نہیں
قدر والے جانتے ہیں قدر و شانِ اہلِ بیت

سر شہیدانِ محبت کے ہیں نیزوں پر بلند
اور اونچی کی خدا نے ، قدر و شانِ اہلِ بیت

جمعہ کا دن ہے ، کتابیں زیست کی طے کر کے آج
کھیلتے ہیں جان پر ، شہزادگانِ اہلِ بیت

اہلِ بیتِ پاک سے گستاخیاں ، بے باکیاں!
لَعْنَۃُ اللہِ عَلَیْکُمْ دشمنانِ اہلِ بیت

بے ادب گستاخ فرقے کو بتا دے اے حسنؔ!
یوں کہا کرتے ہیں سنّی داستانِ اہلِ بیت

مولانا حسن رضا خان بریلوی

Marfat.com

بڑا وقار بڑا احترام ہے تیرا
حسین ! کعبۂ دل میں مقام ہے تیرا

تری وِلا نہیں دل میں تو بندگی بے سود
جو ہے درود میں شامل وہ نام ہے تیرا

لہو سے تو نے رگِ دیں میں زندگی بھر دی
کہ تابشِ رخِ اسلام کام ہے تیرا

بجا کہ محسنِ انسانیت کہیں تجھ کو
جبینِ دہر پہ تابندہ نام ہے تیرا

سلام تجھ پہ اے بزمِ حجاز کے ساقی
مئے نجات سے لبریز جام ہے تیرا

ہراساں کر نہ سکے تجھ کو جبر و استبداد
جو مٹ سکا نہ، وہ نقشِ دوام ہے تیرا

بلاؤ روضہ پہ ساغرؔ کو اے شہِ ابرار
یہ بے نوا بھی تو آخر غلام ہے تیرا

ساغر جعفری

Marfat.com

بڑھے جو کر کے وہ سُوئے شہِ انام ، سلام
صدائیں آتی تھیں ہر سَمت سے سلام سلام

بڑا ہجوم تھا طیبہ کی پہلی منزل پر
کھڑے تھے راہ میں کرنے کو خاص و عام سلام

زمینِ منزلِ مقصود نے قدم چومے
فلک نے دُور سے جھک کر کہا ، امام! سلام

تمام رات انہیں بھیجتی رہیں حوریں
کسی کے نام درود اور کسی کے نام سلام

یہ شاہ وہ ، جنہیں سب شاہِ شاہاں کہتے ہیں
امام وہ ، جنہیں کرتے ہیں سب امام سلام

انہیں سلام ، منوّر ! یہ چاہتا ہے جی
تمام عمر لکھوں اور نہ ہو تمام سلام

منور بدایونی

Marfat.com

بساطِ نور ، بچھاتے ہیں کربلا والے
زمیں کو عرش بناتے ہیں کربلا والے

میں خار زارِ مصائب سے جب گزرتا ہوں
مجھے سنبھالنے آتے ہیں کربلا والے

صعوبتوں کی مسافت میں رہ نوردوں کو
رہِ نجات دکھاتے ہیں کربلا والے

ہمارے دل میں کثافت کا شائبہ بھی نہیں
ہمیں تو روز رلاتے ہیں کربلا والے

ہم اپنے زخم چھپاتے ہیں شرمساری سے
جب اپنے زخم دکھاتے ہیں کربلا والے

ہمارے اشک کبھی رائیگاں نہیں جاتے
یہ پھول آ کے اٹھاتے ہیں کربلا والے

ہمیں تو درس بھی اشعرؔ! انہی سے ملتے ہیں
حدیثِ عشق سناتے ہیں کربلا والے

سید علی متعال اشعر

Marfat.com

بس ایک رِجس کہ معیارِ حق نظر میں نہیں
وگرنہ کیا ہے جو بنتِ نبی کے گھر میں نہیں

فقط یہ فاطمہ زہراء کو اوج حق سے ملا
کہ تین امام بیک جا، کسی کے گھر میں نہیں

حسین ہیں کہ محبت کی ہر نگاہ میں ہیں
یزید آج کسی شخص کی نظر میں نہیں

ذرا حسین کے معصوم کی دِعا دیکھو
کہ وار کر گئے تلوار بھی کمر میں نہیں

سوئے حسین رواں ہے قدم سے دل آگے
یہ ذوق و شوق کسی اور رہگزر میں نہیں

سید وحید الحسن ہاشمی

Marfat.com

بلند شان ، فلک مرتبہ امام حسین
سکونِ دیدۂ خیر النساء امام حسین

سوارِ شانۂ خیرالوریٰ امام حسین
کجا یزید ستمگر ، کجا امام حسین

لیا پناہ میں ، بے آبرو نہ ہونے دیا
عروسِ دینِ خدا کی ردا ، امام حسین

نظر کے سامنے گو لختِ دل شہید ہوئے
نہ آہ کی ، نہ ہوئے لب کشا امام حسین

وہ جن کے ناز اٹھاتے تھے جبرئیلِ امین
یہی تو ہیں وہ شہِ کربلا امام حسین

ادا نہ کی ہے کسی نے نہ کر سکے گا کوئی
نماز کر گئے ایسی ادا امام حسین

خلیل ، صاحبِ ایثار تو ہوئے انورؔ !
وہ ابتدا تھے مگر انتہا امام حسین

انور فیروزپوری

Marfat.com

بنیادِ قصرِ دیں ہے محبت حسین کی
ایمان کا ثبوت مودّت حسین کی

سر دے کے لاج رکھ لی محمد کے دین کی
یہ حوصلہ یہ عزم یہ جرأت حسین کی

لب تشنہ، دل پہ داغ، ہزاروں سے تنہا جنگ
چشمِ فلک نے دیکھی شجاعت حسین کی

اعلائے حق پہ سر بھی قلم ہو تو غم نہیں
یہ درس دے رہی ہے شہادت حسین کی

فتنہ یزیدیت کا اٹھانے لگا ہے سر
دنیا کو پھر ہے آج ضرورت حسین کی

حضرت کے مدح خوانوں میں آتا ہے میرا نام
ساغرؔ ! ہے مجھ پہ نظرِ عنایت حسین کی

ساغر جعفری

Marfat.com

جگر گوشۂ بتول

بہاروں پر ہیں آج آرائشیں گلزار جنت کی
سواری آنے والی ہے شہیدانِ محبت کی

علی کے پیارے، خاتونِ قیامت کے جگر پارے
زمیں سے آسماں تک دھوم ہے ان کی سعادت کی

یہ وہ شمعیں ہیں جن سے جان تازہ پائیں پروانے
یہ وہ شمعیں ہیں جو ہنس کر گزاریں شب مصیبت کی

Marfat.com

یہ وہ شمعیں نہیں جن سے فقط اک گھر منوّر ہو۔
یہ وہ شمعیں ہیں جن سے روح ہو کافور ظلمت کی

زمینِ کربلا پر آج ایسا حشر برپا ہے
کہ کھچ کھچ کر مٹی جاتی ہیں تصویریں قیامت کی

اکیلے پر ہزاروں کے ہزاروں وار چلتے ہیں
مٹا دی دین کے ہمراہ عزت شرم و غیرت کی

مگر شیرِ خدا کا شیر جب بپھرا ، غضب آیا
پرے ٹوٹے ، نظر آنے لگی صورت ہزیمت کی

نہ ہوتے گر حسین ابنِ علی اس پیاس کے بھوکے
نکل آتی زمینِ کربلا سے نہر جنت کی

حسنؔ سنّی ہے پھر افراط و تفریط اس سے کیونکر ہو
ادب کے ساتھ رہتی ہے روش اربابِ سنّت کی

مولانا حسن رضا خان بریلوی

Marfat.com

بیان کون کرے منصب و مقامِ حسین
رسول پاک نے رکھا ہوا تھا نامِ حسین

حسین محورِ انسانیت ، ضمیرِ وفا
ہر ایک شخص پہ لازم ہے احترامِ حسین

خدا نے ذکر خود ان کا بلند فرمایا
مہک رہا ہے سرِ نیزہ بھی کلامِ حسین

یہ بادشاہت دنیا تو آنی جانی ہے
چلے گا جنتِ فردوس میں نظامِ حسین

جو اس کی پیاس کے احساس میں رہے سیراب
ملے گا چشمۂ کوثر سے اس کو جامِ حسین

خدا کے ساتھ ہیں یہ اور خدا ہے ان کے ساتھ
رسول ہوں کہ علی ہوں کہ ہوں امام حسین

عطائے ربِّ دو عالم ہے یہ علی یاسرؔ!
مری بساط کہاں میں لکھوں سلامِ حسین

علی یاسر

Marfat.com

بے نوا تھی زندگی ، ذوقِ نوا دے کر گیا
اس فنا آمادہ ہستی کو بقا دے کر گیا

خاکِ تیرہ کو کیا اپنے لہو سے تابناک
ریت کے ذرّوں کو تاروں کی ضیا دے کر گیا

جان دی اور کشتگانِ خنجرِ تسلیم کو
ایک تازہ زندگی کا آسرا دے کر گیا

منزلِ اوّل سے ابھری منزلِ آخر کی شان
ابتدا کو بھی مقامِ انتہا دے کر گیا

کس قدر تھا ظرفِ عالی ، کیا قوی تھا حوصلہ
وقتِ آخر ، دشمنوں کو بھی دعا دے کر گیا

حق پرستوں کو دیا ، حق کی کٹھن رہ کا سراغ
جاں نثارانِ صداقت کو صدا دے کر گیا

راست گفتاری رہینِ سخت آزارے بود
در بلندی نعرۂ حق صورتِ دارے بود

صوفی غلام مصطفیٰ تبسم

Marfat.com

پادشاہِ دین و ایماں، تاجدارِ کربلا
ہے نبوت جس پہ نازاں، شہسوارِ کربلا

خونِ شاہِ کربلا کی اس میں ہے اب تک مہک
منظر خلدِ بریں ہے ریگزارِ کربلا

آپ کا اک اک قدم ہے دین حق کا مرحلہ
منزلِ اہلِ نظر ہے رہگزارِ کربلا

کاروانِ اہلِ حق نے یوں کیا اس میں قیام
جاں فدائے نینوا ہے دل نثارِ کربلا

سیّدِ کونین نے دی جس کے جلووں کی خبر
ہے ترا نقشِ شہادت ، اے نگارِ کربلا

اس کے ذروں میں ہے انوارِ نبوت کی جھلک
محرمِ حسنِ ازل ہے رازدارِ کربلا

جرأتِ شبیر اے منشور ! ہے اک آئنہ
حُر کی بیداری ہوئی آئینہ دارِ کربلا

علامہ محمد عبدالصبور بیگ منشور

Marfat.com

پارہ و لختِ دلِ سیّدِ دارین ، حسین
شکل وصورت میں شہِ خلد کے ہیں عین، حسین

آپ کے ذکرِ دل آرا سے مرے دل سے اٹھے
حزن کے، خوف کے، آلام کے سب رین، حسین!

چار چاند آپ سے اعزازِ شہادت کو لگے
اے ضیائے نظرِ ابنِ ذبیحین ، حسین !

میں یہ سمجھوں گا مرے سر کی ہے زینت اکلیل
مرے سر پر جو سجیں آپ کے نعلین ، حسین!

خواب میں آپ کا دیدار میسّر ہو اگر
مس کروں آپ کے خفین سے خدّین، حسین !

آپ کی حُب کے توسل سے مرا نام بھی ہے
بابِ فردوس پہ مرقوم بقوسین ، حسین!

عین ممکن ہے کہ از یُمنِ مودّت ناظمؔ!
میرے اور داورِ محشر کے ہوں مابین ، حسین

بشیر حسین ناظم

Marfat.com

پہچان لی ہے جس نے بھی عظمت حسین کی
نکلی نہ اس کے دل سے محبت حسین کی

حق اب بھی سرفراز ہے باطل کے سامنے
یہ فیض ہے حسین کا ، برکت حسین کی

بعد از غمِ حسین کوئی غم نہیں رہا
حاصل جسے بھی ہوگئی نسبت حسین کی

برباد ہوکے رہ گئے باطل پرست لوگ
باطل پہ اس طرح پڑی ضَربَتْ حسین کی

اُبھرے گی جب بھی دہر میں فکرِ یزیدیت
انسان کو پڑے گی ضرورت حسین کی

رکھنا ہے سربلند سفیرانِ حق تمہیں
حاصل ہے ہر قدم پہ قیادت حسین کی

تاریخِ کربلا کا تسلسل ہے یہ ندیمؔ !
ہر دور میں ہے زندہ شجاعت حسین کی

ریاض ندیم نیازی

Marfat.com

پورِ بتول بھی حسین ، ابنِ امام بھی حسین
نورِ نگاہِ سیّدِ خیرالانام بھی حسین

عزمِ خلیل کا امیں ، ذبحِ عظیم کا نشاں
عشقِ ستیزہ کار کا سوزِ دوام بھی حسین

اس کا لہو شفق شفق ، کہتا ہے یہ افق افق
رونق صبح بھی حسین ، زینتِ شام بھی حسین

اس کے سوا کوئی نہ تھا ، اس کے سوا کوئی نہیں
قافلۂ حجاز کا حسنِ خرام بھی حسین

جس نے شکست و فتح کا اِک نیا فلسفہ دیا
معرکۂ وجود میں ایسا امام بھی حسین

اس کی نمازِ کربلا ، کہتی ہے اب بھی برملا
محرمِ خاص بھی حسین ، جلوۂ عام بھی حسین

حکیم سرو سہارنپوری

Marfat.com

پیکار میں مردانِ مجاہد کی خوشی ہے

پوشیدہ شہادت میں حیاتِ ابدی ہے
یہ سرخیٔ پیغامِ حسین ابنِ علی ہے

وہ ابنِ براہیم تھا یہ ابنِ علی ہے
تصویرِ شہادت ، وہ خفی تھی یہ جلی ہے

غازی کو ہے تلوار کی جھنکار بھی نغمہ
پیکار میں مردانِ مجاہد کی خوشی ہے

ہو آتشِ نمرود ہو سو خنجرِ فرعون
آوازِ صداقت ، نہ دبے گی نہ دبی ہے

ہر دور کے بُوجہل اسے لاکھ بجھائیں
قندیلِ محمد نہ بجھے گی نہ بجھی ہے

کٹتی رہی مردانِ حق آگاہ کی گردن
لیکن درِ باطل پہ جھکے گی نہ جھکی ہے

ک جذبۂ شبیر ہی باقی نہیں ہم میں
شمروں کی کمی ہے نہ یزیدوں کی کمی ہے

ے چشمِ فلک ! تو بھی بہا خون کے آنسو
نیزے کی انی پر سرِ فرزندِ علی ہے

ہے فاطمہ کا لعل ، محمد کا نواسہ
میداں میں جو بے گور و کفن لاش پڑی ہے

ں جس نے بھی ڈھائے ہیں ستم آلِ نبی پر
ملعون و سیہ بخت و شقیِ ازلی ہے

اں دے کے ہی ملتی ہے یہاں منزلِ محبوب
آغاز سے ہی رسم و رہِ عشق یہی ہے

کیا رتبۂ عالی ہے امامُ الشّہدا کا
کونین کی گردن پہ تعظیم جھکی ہے

اثر صہبائی

Marfat.com

پوری امت کے لئے ہے جو بشارت کی مثال
اس پہ صادق ہوئی محبوبِ رسالت کی مثال

کربلا حشر تلک دے گی گواہی اس کی
وقت کے پاس نہیں ایسی شہادت کی مثال

بوسہ نانا کا رہا ثبتِ گُلو آخر تک
کون لائے گا بھلا ایسی محبت کی مثال

توشۂ صبر و رضا لے کے سبھی اہلِ بیت
جادۂ حق پہ چلے دینے مسافت کی مثال

شاہِ مرداں کے بھی اوصاف عیاں تھے سارے
ہر عمل شاہِ امم سے تری نسبت کی مثال

سلسلہ ذکر کا جاری تھا سو جاری ہی رہا
بن گئی غایتِ قرآن تلاوت کی مثال

آخری وقت جو تھا لشکرِ اعدا سے خطاب
اس خطابت کی ملے گی نہ بلاغت کی مثال

علی اکبر عباس

Marfat.com

پیارے نبی کی بات کا اقرار چاہئے
کرنا نبی کی آل سے بس پیار چاہئے

کیسے شریکِ غم کوئی ہوگا حسین کا
دل بھی تو اہلِ بیت کا حُب دار چاہئے

کرب و بلا کے راز بتاؤں میں کس طرح
محرم کوئی تو واقفِ اسرار چاہئے

ظلم و ستم کی رات ہو جتنی طویل بھی
دل جذبۂ حسین سے سرشار چاہئے

خود گھر بلا کے کوفیوں نے ساتھ نہ دیا
ان کے گلے میں لعنتوں کا "ہار" چاہئے

خیمے جلائے لاشوں پہ گھوڑے دوڑا دیئے
جنگ کا کوئی اصول یا معیار چاہئے

یہ فیصلہ حسین کا بر وقت تھا ایازؔ !
قربان دین پر مرا گھر بار چاہئے

ایاز احمد

Marfat.com

پیاس کی ہمت ٹوٹ چکی ہے اور پیاسا باقی ہے
اب بھی ہر اک آنکھ میں اس کے نام کا دریا باقی ہے

دنیا والو ! گر سمجھو تو جیت اسی کو کہتے ہیں
سب کنبہ قربان ہوا ہے پھر بھی سارا باقی ہے

مکہ ، کوفہ ، شام ، مدینہ ؛ دیکھو ، گھومو ، پھرو ، سمجھو
اربوں عرب پڑے ہیں لیکن کس کا شجرہ باقی ہے

شمر سے ہر شامی نے پوچھا تم کیا کاٹ کے لائے ہو؟
چہرہ ، جلوہ ، لہجہ ، بلکہ یہ تو سارا باقی ہے

ناز بھرے انداز میں اب شبیر ، یزید سے پوچھے ہے
اب کیا میرے پاس نہیں ہے اور کیا تیرا باقی ہے ؟

Marfat.com

پیام دیتی ہے اب بھی یہ کربلا کی زمیں
حسین و شمر کا اندازِ فکر ایک نہیں

حسین بے سروساماں ، حسین بے لشکر
یزیدیوں کی سپہ ، شمر کے یسار و یمیں

یہ کون ہے ؟ یہ محمد کے دل کا ٹکڑا ہے
جبیں پہ نورِ نبوت ، جگر میں سوزِ یقیں

رہِ خدا میں لٹانے کو لے کے آیا ہے
تمام گوہرِ تاباں ، تمام لعل و نگیں

مچی ہے لشکرِ شمر و یزید میں ہلچل
کھڑا ہے دھوپ میں ابنِ علی بصد تمکیں

شہادتِ علی اصغر سے بھی نہیں مغموم
شہادتِ علی اکبر سے بھی نہیں غمگیں

بس اک شہادتِ عظمیٰ ہے منتہائے نظر
زہے کمالِ جگر گوشۂ رسولِ امیں

حافظ محمد مظہر الدین

Marfat.com

تاریخ مثال ایسی کوئی ڈھونڈ کے لائے
سر تن سے جدا بھی ہو مگر موت نہ آئے

دو چار نہیں زندۂ جاوید ہیں سارے
وہ سر، کہ بہتّر[72] تھے جو مولا نے لٹائے

خیموں میں ہے پھر آتشِ نمرود کا منظر
یہ آگ تو گلزارِ براھیمی کھلائے

گل کر کے دیا، دیتا ہے جانے کی اجازت
کون ایسے سخی دل کو بھلا چھوڑ کے جائے

شامل تھا شہادت کا جنوں اس کے لہو میں
پرواز کا فن کون پرندے کو سکھائے

سوچوں میں کبھی صبر و رضا کے جو معانی
اک نامِ حسین ابنِ علی سامنے آئے

اعزاز احمد آزر

Marfat.com

تجلّیِ عرش ہی مکمل جہاں میں بن کر امام آئے
جب آپ آئے تو آسماں سے فرشتے بہرِ سلام آئے

گھٹائیں ظلمت کی چھا رہی تھیں ہوائیں باطل کی آ رہی تھیں
سنانے حق کی صدا جہاں میں امامِ ذی احترام آئے

دہل گئے دل یزیدیوں کے مچا تہلکہ صفِ عدو میں
نکل کے خیمہ سے رن کی جانب جو شاہِ حیدر مقام آئے

عجب قیامت کی وہ گھڑی تھی امامِ عالی تھے سر بسجدہ
اتارنے کو سرِ مبارک سیاہ کارانِ شام آئے

ادھر تو یہ ہولناک منظر، گلے پہ شہ کے رواں ہے خنجر
ادھر وہ عالم کہ جامِ کوثر لئے ملائک تمام آئے

شہِ رسل نے خبر جو دی تھی ہوئی مکمل وہ کربلا میں
شہیدِ اعظم وہ بالیقیں تھے جو حشر میں شاد کام آئے

وہ نورِ سرور، وہ جانِ حیدر، وہ ماہِ تابانِ آلِ اطہر
یہ مرتبہ تھا انہی کا صابرؔ! جو دین و ملّت کے کام آئے

مولانا صابر براری الضیائی

Marfat.com

تجھ پر سلام ، تیری وفا پر سلام ہو
تیرے کمالِ صدق و صفا پر سلام ہو

تو میرِ کاروانِ شہیداں ہے اے حسین
اے فاطمہ کے لعل ، محمد کے نورِ عین

تجھ پر سلام ، دوشِ پیمبر کے شہسوار
زندہ ہے تجھ سے ملّتِ اسلام کا وقار

گردن نہ جھک سکی تری باطل کے روبرو
تیرا عمل ہے اصل میں تفسیرِ جَاھِدُوْا

تیرا یہی پیام ہے انسانیت کے نام
ہر حال میں ہو حق و صداقت کا احترام

جاں دے کے تو نے رکھ لی محبت کی آبرو
قائم ہے تجھ سے آج بھی ملت کی آبرو

زندہ ہے تجھ سے آج بھی ناموسِ دینِ حق
شبیر ! بے گماں ہے تو مسند نشینِ حق

Marfat.com

تذکرہ سنیئے اب ان کا دلِ بیدار کے ساتھ
ہے جنہیں خاص قرابت شہِ ابرار کے ساتھ

صرف زینب کا وہ خطبہ سرِ دربار نہ تھا
رعب حیدر کا بھی تھا جرأتِ گفتار کے ساتھ

بیڑیاں ، صدمہ ، سفر ، پیاس ، نقاہت ، صحرا
ظلم کیا کیا نہ ہوئے عابدِ بیمار کے ساتھ

ہائے ! کس طرح وہ بازار سے گزرے ہوں گے
نام تک جن کا نہ آیا کبھی بازار کے ساتھ

خود کو وہ فوجِ حسینی کا سپاہی سمجھے
جس کا کردار بھی پاکیزہ ہو گفتار کے ساتھ

ان پہ طاری تھا ترے سامنے اک رعشۂ خوف
رقص کرتے تھے جو پازیب کی جھنکار کے ساتھ

ان کا لہجہ ہے حقیقت میں علی کا لہجہ
بات کرتے ہیں مقابل سے جو تلوار کے ساتھ

Marfat.com

کر لیا مصلحتوں نے اسے پابندِ ہوس
وقت کیا خاک چلے گا تری رفتار کے ساتھ

دے گئے درس یہ امت کو حسینی تیور
سر کو کٹواؤ مگر نشۂ پندار کے ساتھ

اک سکینہ کے لئے کرب کی سولی پہ چڑھا
دیکھئے ، دار کو عباسِ علمدار کے ساتھ

مر کے خود پائی بقا اور اسے مار دیا
تو نے کیا چال چلی دشمنِ عیار کے ساتھ

بولے عباس کہ ہم لوگ ہیں میداں کے دھنی
ہولیاں کھیلی ہیں چلتی ہوئی تلوار کے ساتھ

میرے سجاد ! یہ دکھ کیسے بھلا دوں تیرا
سختیاں جھیلیں سفر کی تنِ بیمار کے ساتھ

آلِ زہرا کا سنا ہے کہ ثنا خواں ہے نصیر
آیئے ملتے ہیں اس شاعرِ دربار کے ساتھ

پیر نصیر الدین نصیر گولڑوی

Marfat.com

تذکرہ کوئی کرے جس پل تمہارا ، کربلا !
خون کے آنسو بہائے ، دل ہمارا ، کربلا !

جو حسینی ہو اسے ڈر کب یزیدِ وقت سے
ہے شجاعت کا جہاں میں استعارہ ، کربلا

تشنگی دیکھی تھی اس نے بھی کبھی معصوم کی
آج بھی روتا ہے دریا کا کنارا ، کربلا

پردہ داروں کے سروں سے جس نے چھینی چادریں
دو جہانوں کا ملا اس کو خسارا ، کربلا

کونسا ہے معرکہ ، جس نے بچایا دین کو ؟
انبیا نے یک زباں ہو کر پکارا ، کربلا

پشت پر تھی مال و دولت ، سامنے جنت کا در
اک قدم نے حُر کی قسمت کو سنوارا ، کربلا

ارشد محمود ارشد

Marfat.com

ترے عزمِ وفا پر استقامت ناز کرتی ہے
شہیدِ کربلا ! تجھ پر شہادت ناز کرتی ہے

دیا ہے تو نے درسِ صبر و استقلال دنیا کو
ترے ایمانِ کامل پر شجاعت ناز کرتی ہے

یزیدِ رُو سیہ کے ہاتھ پر بیعت نہ کی تو نے
بجا تجھ پر ترے نانا کی امت ناز کرتی ہے

ترے ایوانِ تسلیم و رضا کی شان ، کیا کہنا
کہ اس پر گلشنِ ایماں کی زینت ناز کرتی ہے

کٹایا سر ، لٹایا گھر ، بسایا در جہاں تو نے
اب اس تپتے ہوئے صحرا پہ جنت ناز کرتی ہے

سلام اے سیّدہ کے لعل ، ارمانِ دلِ حیدر
کہ تجھ پر شاہیٔ ملکِ سیادت ناز کرتی ہے

عزیزؔ ! ابنِ علی و قُرَّۃُ العَینِ محمد پر
ریاضِ صبر کے پھولوں کی نزہت ناز کرتی ہے

عزیز حاصل پوری

Marfat.com

تڑپاتی ہے پھر یاد امام الشہدا کی
بے تاب ہے ہر ذرہ مدینہ کی گلی کا

خاک اڑ گئی کوفہ کی زمانہ کی فضا میں
خوں کر کے محمد کے گلستاں کی کلی کا

ہیں زندہ ابھی تک حسنی اور حسینی
لَاتِیْ کا پتہ ہے نہ نشاں ہے ہُبلِی کا

سرمایہ ہے خونِ شہدا روزِ ازل سے
منشور بَلْ اَحْیَآءٌ کے عنوانِ جلی کا

اللہ کے رستے میں کٹاتے ہیں جو گردن
ضامن ہے وہ خود ان کی بری اور بھلی کا

ہے معرکۂ کرب و بلا ہند میں بھی گرم
سر دو کہ ملے مرتبہ تم کو بھی ولی کا

رونے میں بھی حکمت ہے مگر وہ نظری ہے
جاں دو کہ یہ وقت اس کی ہے شانِ عملی کا

مولانا ظفر علی خان

Marfat.com

تڑپ اٹھتا ہے دل لفظوں میں دہرائی نہیں جاتی
زباں پر کربلا کی داستاں لائی نہیں جاتی

حسینِ ابنِ علی کے غم میں ہوں دنیا سے بیگانہ
ہجومِ خَلق میں بھی میری تنہائی نہیں جاتی

سنا ہے کربلا کی خاک ہے اکسیر سے بڑھ کر
یہ مٹی آنکھ میں لینے سے بینائی نہیں جاتی

جتن ہر دور میں کیا کیا نہ اہلِ شر نے کر دیکھے
مگر زہراء کے پیاروں کی پذیرائی نہیں جاتی

دلیل اس سے ہو بڑھ کر کیا، شہیدوں کی طہارت پر
کہ میت دفن کی جاتی ہے، نہلائی نہیں جاتی

وہ جن چہروں کو زینت غازۂ خاکِ نجف بخشے
دمِ آخر بھی ان چہروں کی زیبائی نہیں جاتی

نصیرؔ! آخر عداوت کے بھی کچھ آداب ہوتے ہیں
کسی بیمار کو زنجیر پہنائی نہیں جاتی

پیر سید نصیر الدین نصیر گولڑوی

Marfat.com

جگر گوشۂ بتول

تسکینِ جانِ فاتحِ خیبر حسین ہے
نورِ نگاہِ بنتِ پیمبر حسین ہے

خوشبو سے جس کی اب بھی معطر ہے یہ جہاں
باغِ رسول کا وہ گلِ تر حسین ہے

مجھ سے نہ پوچھ عظمتِ ابنِ ابو تراب
صبر و رضا کا مہرِ منوّر حسین ہے

امید و بیم و حسرت و غم کے ہجوم میں
وجہِ قرارِ خاطرِ مضطر حسین ہے

منزل نہ کیسے پھر مرے قدموں کو چومتی
سفرِ حیات میں مرا رہبر حسین ہے

جاہ و حشم کو اس نے پسِ پشت رکھ دیا
راضی بحکمِ خالقِ اکبر حسین ہے

فیض الامین کو خوف ہو کیا روزِ حشر کا
حامی جو پیشِ داورِ محشر حسین ہے

صاحبزادہ فیض الامین فاروقی

Marfat.com

تشنگانِ حق پہ یوں احساں کیا شبیر نے
مصطفیٰ کے دین کو بخشی جلا شبیر نے

آج بھی زندہ ہیں خود، اعداء کی نسلیں مٹ گئیں
ہے دکھائی شوکتِ صبر و رضا شبیر نے

کربلا کی خاک پر سجدے میں پورا کر دیا
مصطفیٰ سے جو کیا عہدِ وفا شبیر نے

مکتبِ عشق و محبت کا ہے وہ روحِ رواں
جو نصابِ عشق، خوں سے لکھ دیا شبیر نے

دین پر قرباں گھرانے کا گھرانا کر دیا
کیا دکھایا، دیکھیے! جود و سخا شبیر نے

اپنے دامن کے جواہر خود لٹا کر، یک بیک
خالی دامن عظمتوں سے بھر لیا شبیر نے

تا قیامت اہلِ حق ثاقبؔ! بھلائیں کس طرح
خاک و خوں میں درسِ الفت جو دیا شبیر نے

ثاقب علوی

Marfat.com

تمہارے سجدے کو کعبہ سلام کہتا ہے
جمالِ گنبدِ خضریٰ سلام کہتا ہے
چمن کا ہر گُل و غنچہ سلام کہتا ہے
حسین ! تم کو زمانہ سلام کہتا ہے

چراغ و مسجد و منبر سلام کہتے ہیں
نبی ، رسول ، پیمبر سلام کہتے ہیں
علی و فاطمہ ، شبّر سلام کہتے ہیں
خدا گواہ کہ نانا سلام کہتا ہے

خدا کی راہ میں سر کو کٹا دیا تو نے
نبی کے دین پہ گھر کو لٹا دیا تو نے
نشانِ کفر کو یکسر مٹا دیا تو نے
تمہیں خدا بھی تمہارا سلام کہتا ہے

تمہیں فلک کے ستارے سلام کہتے ہیں
تمہیں قرآن کے پارے سلام کہتے ہیں
تمہیں حرم کے منارے سلام کہتے ہیں
امام ! تم کو مدینہ سلام کہتا ہے

ثناء تمہاری وظیفہ ہے میرا آبائی
تمہاری مدح تو شیوہ ہے میرا مولائی
بس اک نظر جو ہو مجھ پر تو میری بن آئی
تمہارا سیّدِ شیدا سلام کہتا ہے

Marfat.com

توحید پر محیط ہے ، قربانیٔ حسین
سجدے میں ہے جڑی ہوئی پیشانیٔ حسین

میدانِ کربلا میں شریعت بکھر گئی
ترتیب دے رہی ہے پریشانیٔ حسین

لاشوں کے درمیان ہیں تنہا کھڑے ہوئے
سامانِ حق ہے بے سر و سامانیٔ حسین

سب سرکشوں کو اپنے لہو میں ڈبو دیا
باطل کو غرق کر گئی طغیانیٔ حسین

نیزے پہ چڑھ کے سر نے بلندی کا حق لیا
قائم رکھی اجل نے بھی سلطانیٔ حسین

آنے نہ دے گی اپنی صفوں میں نئے یزید
دروازے پر کھڑی ہے نگہبانیٔ حسین

رونق تمام نانا نواسے کے دم سے ہے
ثانیٔ مصطفیٰ نہ کوئی ثانیٔ حسین

Marfat.com

جگر گوشۂ بتول

تو سازِ زندگی کی صدا ہے ، تجھے سلام
تو رازِ زندگی کا پتا ہے ، تجھے سلام

دے دی جو تو نے اپنی رضا حق کے ہاتھ میں
اب تیرے ہاتھ حق کی رضا ہے، تجھے سلام

تو نے مٹائیں کفر کے سینوں سے ظلمتیں
تو شمع لَاالٰہ کی ضیاء ہے ، تجھے سلام

تو آبروئے دینِ محمد کا پاسباں
تو منزلِ وفا کا خدا ہے ، تجھے سلام

باطل کے زلزلے نہ جسے ڈگمگا سکے
تو وہ حصارِ صبر و رضا ہے ، تجھے سلام

کیسے کہوں ؟ کہ شام میں زینب تھی بے ردا
زینب کے سر کی تو جو ردا ہے ، تجھے سلام

نظرِ کرم کی بھیک میں یہ دیر کس لئے ؟
تیرا فقیر سوچ رہا ہے ، تجھے سلام

نازحسین ناز

Marfat.com

تو لباسِ خوں پہن کر، یوں صفائی دے گیا
ہر اسیرِ جبر کو ، اذنِ رہائی دے گیا

دامنِ دشتِ بلا میں، تیرے قدموں کا غبار
چہرۂ خاکِ جہاں کو ، خوشنمائی دے گیا

صبحِ دنیا بھی لہو اور شامِ دنیا بھی لہو
تو زمانے کو عجب داغِ جدائی دے گیا

زندگی میں بھی رہا تُو برسرِ پیکارِ شب
تیرا جانا بھی جہاں کو ، روشنائی دے گیا

کربلا میں اہلِ دنیا کو ترا مخلِ لہو
جو کبھی نہ ختم ہو ، ایسی کمائی دے گیا

Marfat.com

تیری نسبت سے بہت روشن ہے تاریخِ بشر
تیرے اسمائے گرامی ، صبر ، آزادی ، وفا
تا سوا لرزاں ہے تیری جرأتِ کردار سے
اے نوائے لاشریک و اے بنائے لاالٰہ

Marfat.com

لکھ گیا ہے لوحِ ہستی پر ترا خونِ غیور
جبر کے سائے میں جینا زیست کی توہین ہے
سانس لینے کی تمنا ظالموں کے درمیاں
یہ تمنا جرم ہے اور جرم بھی سنگین ہے

تیری روشن رائے سے تاریخِ عالم تابناک
تیرے مثبت فیصلے سے عزمِ انساں فیضیاب
تیری ہستی سے فروزاں ہے صداقت کا چراغ
تجھ سے زندہ ہے جہاں میں جوہرِ ام الکتاب

عاجزانہ سے مرے پیرایۂ گفتار میں
کب سمٹتی ہیں ترے ایثار کی جولانیاں
تذکرہ کرتا ہوں تیری عظمتوں کا جس گھڑی
دیکھتا جاتا ہوں لفظوں کی تہی دامانیاں

دل میں رہ جائیں گی لاکھوں حسرتیں اظہار کی
خامشی ہونٹوں پہ آنکھوں میں نمی رہ جائے گی
شعر میں کیسے بیاں ہو داستانِ کربلا
لاکھ مضموں باندھ لیجے تشنگی رہ جائے گی

Marfat.com

ٹل نہیں سکتا کسی حالت میں فرمانِ حسین
ثبت ہے تاریخ کے چہرے پہ عنوانِ حسین

معصیت سے بھی سوا ہے طاعتِ فسق و فجور
تھا کتاب اللہ کی تفسیر اعلانِ حسین

بڑھ گئی ان کے لہو سے کربلا کی آبرو
بن گیا تاریخ کی آواز میدانِ حسین

ان کے ہونٹوں کو رسول اللہ نے بوسہ دیا
میں لکھوں، کیسے لکھوں، کیونکر لکھوں شانِ حسین

منقبت شبیر کی ، انسان کے بس میں نہیں
حشر تک دونوں جہاں ہیں مرتبہ دانِ حسین

ڈھا نہیں سکتیں قیامت تک یزیدی طاقتیں
عرش کی رفعت سے بالاتر ہے ایوانِ حسین

مجھ میں وہ بُوتا کہاں ، ان کی ثنا خوانی کروں
خود رسول اللہ ہیں شورش ! ثنا خوانِ حسین

شورش کاشمیری

Marfat.com

ثنائے ذکرِ محمد کا باب زندہ رہا
کتابِ دینِ مبیں کا نصاب زندہ رہا

ثباتِ حق کے لئے چن لئے گئے تھے حسین
مرے خدا کا حسین انتخاب زندہ رہا

ہوا میں گرد کی مانند اڑ گیا باطل
مگر وہ سچ کا عظیم آفتاب زندہ رہا

ہزار شامِ غریباں کی بے کسی ہوگی
مگر دلوں میں رخِ ماہتاب زندہ رہا

لہو میں ڈوب گئی ، پور پور زخم ہوئی
عقیدتوں میں بدن کا گلاب زندہ رہا

سلام لکھتے ہوئے کربلا کے پیاسوں پر
ہماری پلکوں پہ غم آب آب زندہ رہا

رخشندہ نوید

Marfat.com

جا غم، نہیں جو شام کا لشکر ہمارے ساتھ
کافی ہیں اس گھڑی میں بہتّر ہمارے ساتھ

اک دوپہر پہ آخری لمحہ ہے پیاس کا
اک شام پھر رہی ہے کھلے سر ہمارے ساتھ

اس کو بھی پھونک مار کے تو نے بجھا دیا
جو ایک ننھی لو تھی شمگر ہمارے ساتھ

یہ پیاس یہ کنارۂ آب اور یہ سپاہ
جیسے ٹھہر گیا ہو یہ منظر ہمارے ساتھ

خیموں میں ایک بوند بھی پانی نہیں بچا
اے تشنگی! تو دیکھ لے آ کر ہمارے ساتھ

لے تو گئی ہے راکھ اڑا کر خیام کی
اب اور کیا کرے گی یہ صَرصَر ہمارے ساتھ

اب اے زمینِ سخت تری ہر خطا معاف
اب منسلک ہے تیرا مقدر ہمارے ساتھ

واجد امیر

Marfat.com

جانِ بتول ، قوتِ حیدر حسین ہیں
حسنِ رسولِ پاک کا مظہر حسین ہیں

ان کا مثیل ہو کوئی امت میں کس طرح
خونِ رسول و جانِ پیمبر حسین ہیں

ذبحِ عظیم کی ہوئی تکمیل آپ پر
ذوقِ منیٰ کا حاصلِ مصدر حسین ہیں

خونِ حسین غازۂ روئے حیات ہے
زندہ تو کیا ہے زندوں سے بڑھ کر حسین ہیں

اکبر کو دے کے دینِ محمد بچا لیا
دینِ نبی کے محسنِ اکبر حسین ہیں

ہر دور کے یزید کو نابود کر دیا
ہر دور کے محافظ و رہبر حسین ہیں

صائمؔ! ہوں میں حسین کا، محشر سے کیوں ڈروں
سردارِ خلد و ساقیٔ کوثر حسین ہیں

Marfat.com

جانِ رسول و قوتِ خیبر شکن حسین
نبیوں کے آفتاب کی روشن کرن حسین

بیٹے جبھی کہا ہے رسالت مآب نے
پیکر نبی کا بنتے تھے مل کر حسن حسین

دین نبی کا گلستاں محفوظ کر گئے
کٹوا کے اپنے سامنے اپنا چمن حسین

ساری زمیں کا باپ ہے بابا حسین کا
کیسے کہوں تھے کربلا میں بے وطن حسین

پنجتن کے نوری باغ کے وہ گل ہیں پانچویں
خود اَلْحُسَیْنُ مِنّی سے ہیں پنجتن حسین

ہر پھول سرخ سرخ ہے خونِ حسین سے
گلزارِ مصطفیٰ کی ہیں ساری پھبن حسین

صائمؔ کا سیلِ اشک بھی مرہون ہے ترا
تجھ سے سجی ہے درد کی یہ انجمن حسین

صائمؔ چشتی

Marfat.com

جب آ کے رکا شام کا لشکر، لبِ دریا

جب آ کے رکا شام کا لشکر ، لبِ دریا
آتا تھا نظر عرصہ محشر ، لبِ دریا

پیاسی ہی رہی آلِ پیمبر لبِ دریا
اک بوند بھی آئی نہ میسّر لبِ دریا

عمال کے احکام کی تعمیل تھی پھر بھی
آیا نہ کوئی سامنے کھل کر ، لبِ دریا

خیموں کی طرف آنکھ بھی اٹھتی تھی جھجک کر
اک خوف تھا چھایا ہوا اس پر لبِ دریا

شبیر بھی ، عباس علمدار بھی ، حُر بھی
یکجا تھے سب ایثار کے پیکر لبِ دریا

قدرت کو یہ منظور تھا بے گور و کفن ہوں
لاکھوں پہ جو بھاری تھے بہتّر لبِ دریا

بپھری تھی سرِ دشت بھبکتی ہوئی آندھی
خونریز بگولوں کے تھے چکر لبِ دریا

تھی دھول سی پھیلی ہوئی میداں میں لہو سے
تھا خونِ شہیداں کا یہ منظر لبِ دریا

مشکیزۂ بے آب سے مغموم تھے عباس
شانوں سے تھا محروم شناور لبِ دریا

چھائی تھی جو مہتاب سے چہروں پہ اداسی
آئینۂ خورشید تھا ششدر لبِ دریا

وہ ہونٹ جو ہلتے تو یہ کچھ دُور نہیں تھا
گردوں سے برس پڑتے جو پتھر لبِ دریا

موجوں پہ جما دی تھیں جو سورج نے نگاہیں
خنجر سے لچکتے تھے برابر لبِ دریا

تیروں کے چلن میں کبھی تیغوں کے برن میں
پھرتی تھی اجل بھیس بدل کر لبِ دریا

تھیں رو بہ سکوں خلد میں تسنیم کی موجیں
اصغر لبِ دریا تھے نہ اکبر لبِ دریا

میدان سے مہکار سی آتی تھی لہو کی
قالین سا بنتے تھے جو خنجر لبِ دریا

سینوں میں ترازو تھے جو تپتے ہوئے نیزے
چہکار تھی زخموں کی برابر لبِ دریا

تیغوں سے کٹیں سَرو و صنوبر کی قطاریں
بجھتے ہوئے دیکھے مہ و اختر لبِ دریا

ماتھوں کی طرح ریت کے تودوں پہ تھیں شکنیں
ہونٹوں کی طرح خشک تھے یکسر لبِ دریا

تخریب تھی اغیار کی تقدیر میں دانشؔ !
تعمیر ہوا دینِ پیمبر لبِ دریا

احسان دانش

Marfat.com

جب بڑھا سوئے گریبانِ بشر، ظلم کا ہات
زلزلانے لگا جب قصرِ شریعت کا ثبات
کھول اس بھید کو اے غربتِ عاشور کی رات
بول اے دینِ پیمبر کی ابد رنگ حیات
تیرے جلتے ہوئے ہونٹوں پہ کوئی نام آیا ؟
جز حسین ابنِ علی کون ترے کام آیا ؟

جز حسین ابنِ علی ، کون ؟ کہانی کس کی ؟
آج تک ہو نہ سکی بات پرانی کس کی ؟
دجلۂ وقت نے اپنائی روانی کس کی ؟
موجِ کوثر سے ملی تشنہ دہانی کس کی ؟
لشکرِ ظلم کو مٹی میں ملایا کس نے ؟
سو کے مقتل میں دوعالم کو جگایا کس نے ؟

وہ حسین ابنِ علی وقت کی تہذیب کا ناز
جس نے افشا کیا انسان کی توقیر کا راز
جس کا ہر زخم ہے سرمایۂ تقدیرِ حجاز
جس نے تیروں کے مصلے پہ ادا کی ہے نماز
گرم جھونکوں سے جو احوالِ صبا پوچھتا ہے
زیرِ خنجر بھی جو خالق کی رضا پوچھتا ہے

محسن نقوی

Marfat.com

جب بھی شام کو سورج ڈوبنے لگتا ہے
ایسے میں یہ دل بھی ڈولنے لگتا ہے

آنکھوں میں پھر جاتی ہے وہ سوہنی صورت
اور پھر دل پر خنجر چلنے لگتا ہے

اس کے آنسو پونچھنے والا کوئی نہیں
خیموں میں کوئی بچہ رونے لگتا ہے

چاروں جانب گھیرا جھوٹ کے لشکر کا
سچ کا سایا اس پر پھیلنے لگتا ہے

سچ کا سایہ حُر کی صورت سامنے ہے
وہ ہر دل پر دستک دینے لگتا ہے

حرص و ہوس کے بندے لیکن کیا جانیں
مرنے والا کیسے جینے لگتا ہے

لیکن تم مایوس نہ ہونا دل والو !
دل جو سوچتا ہے وہ ہونے لگتا ہے

عطاءالحق قاسمی

Marfat.com

جبینِ وقت پہ نقشِ بقا نشانِ حسین
رقم ہے لوحِ زمانہ پہ داستانِ حسین

جہاں میں کذب و ریا کا نشاں مٹانے کو
نکل پڑا ہے مدینے سے خاندانِ حسین

وہاں وہاں پہ زمیں آسمان جیسی ہے
جہاں جہاں سے بھی گزرا ہے کاروانِ حسین

بشکلِ کوہِ گراں ڈٹ گئے صداقت پر
وفا کا نقش بنے جملہ تشنگانِ حسین

ہر انقلاب کے سوتے اسی سے پھوٹتے ہیں
ہر ابتلا میں سپر بن گئی اذانِ حسین

یزیدِ وقت کی بیعت کبھی نہیں کرنی
نصابِ صدق کا پہلا سبق بیانِ حسین

مثالِ حرفِ غلط ، مٹ گیا ہے قصرِ یزید
برنگِ مہرِ درخشاں ہے آستانِ حسین

ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد

Marfat.com

جرأت ، فصیلِ صبر گرانے کو چاہئے
اب بھی حسین سارے زمانے کو چاہئے

کاٹی گئی تھی خون سے گردن یزید کی
تلوار پھر وہ دھار لگانے کو چاہئے

نیزوں پہ سر، جلے ہوئے خیمے، اداس شام
اب اور کیا نبی کے گھرانے کو چاہئے

تھوڑے سے خوں سے نام مٹانا ہے ظلم کا
تھوڑا سا خوں چراغ جلانے کو چاہئے

جس میں مصوروں کا لہو ہو بھرا ہوا
تصویر ایسی آئنہ خانے کو چاہئے

دھن کی تو ٹوٹتی ہی رہیں گی تجوریاں
اک چور غیرتوں کے خزانے کو چاہئے

Marfat.com

جس کے بھی دل میں ہوگی محبت حسین کی
رکھے گی اس کو شاد یہ نسبت حسین کی

کتنے یزید آج بھی ملتے ہیں جابجا
دنیا کو آج بھی ہے ضرورت حسین کی

بدبخت و بدنصیب تھا لشکر یزید کا
سمجھا نہ کوئی قدر نہ قیمت حسین کی

پیر و جواں میں شوقِ شہادت کا جوش ہے
پھیلی ہے کائنات میں نکہت حسین کی

جن کے لہو سے سرخ ہے کشمیر کا محاذ
ہے نقش ان کے دل پہ شہادت حسین کی

کہتا ہوں اقتدار کے طالب نہ تھے امام
دراصل تھی کچھ اور ہی نیت حسین کی

بس حُر کا دو گھڑی میں مقدر بدل گیا
جنت کی راہ تھی وہ ہدایت حسین کی

شاعر علی شاعر

Marfat.com

جس کا دشتِ بلا میں ڈیرا ہے
اس کے سجدوں سے ہی سویرا ہے

ڈوبا کربل میں نکلا جنت سے
بولے حیدر یہ چاند میرا ہے

ظالموں کی بکھر گئیں لاشیں
تیغ کو جس طرف بھی "پھیرا" ہے

قلب و ذہن و خیال میں میرے
آلِ اطہار کا بسیرا ہے

پھر پکارو حسین کو لوگو!
کتنا۔ چاروں طرف اندھیرا ہے

آنے والا ہے وقت ، ہر کوئی
خود کہے گا ، حسین میرا ہے

کیوں نہ اس کو پکاروں میں ناصر !
صرف رہبر وہ کوئی تیرا ہے

Marfat.com

جگر گوشۂ بتول

جس کی جرأت پر جہانِ رنگ و بو سجدے میں ہے
آج وہ رمز آشنائے سِرِّ ھُو سجدے میں ہے

ہر نفس میں اِنشراحِ صدر کی خوشبو لیے
منزل حق کی مجسم جستجو سجدے میں ہے

با نیازِ بندگی اللہ کا اک عَبدِ خاص
حسبِ حکمِ فَاعْبُدُوْہ وَاسْجُدُوْ سجدے میں ہے

کیسا عابد ہے یہ مقتل کے مصلیٰ پر کھڑا
کیا نمازی ہے کہ بے خوفِ عدو سجدے میں ہے

اے حسین ابنِ علی ! تجھ کو مبارک یہ عروج
آج تو اپنے خدا کے رو برو سجدے میں ہے

Marfat.com

ابنِ زہرا ! اس جری شانِ عبادت پر سلام
سر پہ قاتل آ چکا ہے اور تو سجدے میں ہے

اللہ اللہ تیرا سجدہ اے شبیہِ مصطفیٰ!
جیسے خود ذاتِ پیمبر ہو بہو سجدے میں ہے

یہ شرف کس کو ملا تیرے علاوہ بعدِ قتل
سر ہے نیزے کی بلندی پر، لہو سجدے میں ہے

محوِ حیرت ہیں ملائک ، دم بخود ہے کائنات
آج مقتل میں علی کا ماہرُو سجدے میں ہے

تھا عمل پیرا جو کَلَّا لَاتُطِعہ پر ، وہ آج
بن کے واسْجُدْ وَاقْتَرِبْ کی آرزو سجدے میں ہے

سر کو سجدے میں کٹا کر کہہ گیا زہرا کا لال
کچھ اگر ہے تو بشر کی آبرو سجدے میں ہے

کون جانے ، کون سمجھے ، کون سمجھائے نصیرؔ!
عابد و معبود کی جو گفتگو سجدے میں ہے

پیر سید نصیر الدین نصیر گولڑوی

Marfat.com

جس کے خوں سے چہرۂ ایام لالہ فام ہے
کربلا ، اسلام کی ایسی دھنک کا نام ہے

خامشی کو شہر کی آواز کر دینے کا نام
پیاس میں دریا نظر انداز کر دینے کا نام

ایک زخمی پیش قدمی کا سفر ہے کربلا
جذبِ جاں ، تسکینِ دل ، تمکینِ سر ہے کربلا

اپنی ویرانی نئی صورت گری کے روپ میں
نصب کر دینا جری شبنم کا خیمہ دھوپ میں

راستی سے غیر متزلزل الوہی واسطہ
جنگلوں میں بھیڑیوں سے چھین لینا راستہ

روشنی کو جیت لینا وقت کی میزان سے
زندگی کو ہار دینا فاتحانہ شان سے

حرّیت کا عہد نامہ آدمی کے واسطے
سچ کا فرمانِ بغاوت ہر صدی کے واسطے

Marfat.com

جس نے نانا کا وعدہ وفا کر دیا
گھر کے گھر کو سپردِ خدا کر دیا
کر لیا نوش جس نے شہادت کا جام
اس حسین ابنِ حیدر پہ لاکھوں سلام

سامنے جس کے اکبر فدا ہو گیا
گود میں جس کی اصغر تڑپتا رہا
جس کو امت نے تیروں کا تحفہ دیا
اس حسین ابنِ حیدر پہ لاکھوں سلام

زیرِ خنجر بھی حق بات جس نے کہی
چوٹ پر چوٹ سینے پہ جس نے سہی
جس کی صغریٰ مدینے میں روتی رہی
اس حسین ابنِ حیدر پہ لاکھوں سلام

جس کو دھوکے سے کوفہ بلایا گیا
جس کو بیٹھے بٹھائے ستایا گیا
جس کے بچوں کو پیاسا رلایا گیا
اس حسین ابنِ حیدر پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

سبھی عکس تیری شبیہ کے مرے دل میں ہیں مرے پاس ہیں
ترا صدق تیرا وجود تھا ترے زخم تیرا لباس ہیں

جسے صرف حق ہی قبول ہو، یہی جس کا اصلِ اصول ہو
جو نہ بِک سکے، جو نہ جُھک سکے، اسے کربلائیں ہی راس ہیں

وہ جو نورِ چشمِ بتول تھا، جو گلِ ریاضِ رسول تھا
اسی ایک شخص کے قتل سے مری کتنی صدیاں اداس ہیں

وہ ہیں لفظ کتنے گراں بہا، جو نبھا سکیں ترا تذکرہ
مرے آنسوؤں کو قبول کر، یہ مرے حروف سپاس ہیں

یہ خیال ہے نہ قیاس ہے، ترا غم ہی میری اساس ہے
جنہیں لو لگی ہو حسین کی، وہی میرے درد شناس ہیں

احمد ندیم قاسمی

Marfat.com

جلتے تھے ہونٹ پیاس سے، دریا تھا سامنے
لیکن وقارِ تشنگی ، ٹھہرا تھا سامنے

تنہا ہو جیسے کوئی دیا آندھیوں کے بیچ
ایسے وہ اس ہجوم کے آیا تھا سامنے

خیموں میں آگ، ریت پہ لاشے پڑے ہوئے
ڈھلتی تھی دھوپ ، شام تھی ، صحرا تھا سامنے

Marfat.com

لاکھوں کی تھیں حسین پہ نظریں لگی ہوئیں
لیکن وہاں تو ایک ہی رستہ تھا سامنے

یہ بھی نہیں کہ اس کو سزا کی خبر نہ تھی
ہونا تھا جو بھی فیصلہ ، لکھا تھا سامنے

اک پل میں روشنی کے معانی بدل گئے
اس نے عجب چراغ سا رکھا تھا سامنے

لکھتا تھا ریت پر وہ لہو سے پیامِ حق
دل کی ہر ایک بات وہ کہتا تھا سامنے

دستِ یزید میں نہ دیا ہاتھ ایک بار
ورنہ ہر ایک غم کا مداوا تھا سامنے

تھا صبر بے مثال تو جرأت تھی بے نظیر
اس آخری نگہ نے بھی ، دیکھا تھا سامنے

حاضر تھے واں سلام کو تارے بھی ، اشک بھی
مقتل حسین ابنِ علی کا تھا سامنے

امجد اسلام امجد

Marfat.com

جلو میں رہ عشق کے چند راہی ، زرہ کی جگہ جن کا ملبوس سادہ
ترے عزمِ محکم کے قربان جاؤں یہ سامان اور کربلا کا ارادہ

ابھی تک وہی قبلۂ جان و دل ہے ، ابھی تک وہیں عشق ہے سر نہادہ
ترے ذوق نے جو بنائی ہے منزل ، ترے شوق نے جو تراشا ہے جادہ

محبت کے رمز آشنا کرنے آئیں ، ترے صدق و اخلاص سے استفادہ
تری یاد ہے آج منزل بہ منزل ، ترا ذکر ہے آج جادہ بہ جادہ

شہادت کے نشے میں سرشار ہو کر ، کیا تو نے جب کربلا کا ارادہ
ترے سامنے تھی اجل سرفگندہ ، ترے سامنے تھی قضا سرنہادہ

وہ دشتِ بلا ، وہ قیامت کا منظر ، وہ لاشوں کے انبار ، اللہ اکبر
اُدھر سائے میں شمر کا لاؤ لشکر ، اِدھر دھوپ میں ہاشمی خانوادہ

یہ تیرا کرم تھا کہ سردے کے تو نے ، کیا زندہ روحِ صداقت کو ورنہ
سیاست تھی خود بینی و خود نمائی ، صداقت پہ تھا مصلحت کا لبادہ

محبت کی تفسیر ہے خون تیرا ، ہے فطرت کو مطلوب مضمون تیرا
جو تیری زباں پر تھا حرفِ صداقت ، جہاں کر رہا ہے اسی کا اعادہ

حافظ محمد مظہر الدین

Marfat.com

جلوۂ جنت ہے عقل و ذہن چمکانے کا نام
روح کی نزہت ہے کوثر تک پہنچ جانے کا نام

کربلا، بطحا، نجف، یہ سب ہیں اپنے میکدے
تم بھی کچھ اچھا سا رکھ لو اپنے میخانے کا نام

حشر تک پاتے رہیں گے لوگ فیضانِ حسین
حُر ہے ظلمت سے نکل کر نور میں آنے کا نام

پھر رہی ہو جب گلے پر خنجرِ قاتل کی دھار
زندگی تب ہے انا کے جام چھلکانے کا نام

پابجولاں، پشت زخمی؛ کربلا، کوفہ، دمشق
سیّدِ سجاد ہے اس سارے افسانے کا نام

دل میں کوثر اہلِ حق کی آتی ہے رہ رہ کر مرے
جب بھی آتا ہے زباں پر کربلا جانے کا نام

کوثر الہ آبادی

Marfat.com

جنت کی ہے نوید رفاقت حسین کی
حاصل ہو روزِ حشر شفاعت حسین کی

آتا نہیں ہے آج زبانوں پہ حرفِ حق
دنیا کو آج پھر ہے ضرورت حسین کی

ہے جس کی ذات باعثِ تسکینِ مصطفیٰ
کس درجہ دلنواز ہے عظمت حسین کی

تسلیم اور رضا کا ہے پیکر علی کا لعل
اسلام کا نشاں ہے شہادت حسین کی

لاتا نہیں یزید کا کوئی زباں پہ نام
ہر دل پہ آج بھی ہے حکومت حسین کی

ابنِ علی کے عشق کا یہ فیضِ خاص ہے
بخشش کا ہے پیام عقیدت حسین کی

ہر سُو یزیدیوں کا زمانے میں زور ہے
منشور ! آج پھر ہے ضرورت حسین کی

علامہ محمد عبدالصبور بیگ منشور

Marfat.com

جہاں بھی حق پر چلے گا خنجر ، ترا لہو بولتا رہے گا
ہر ایک مظلوم کی صدا میں ، حسین تو بولتا رہے گا

جسے ہیں تیرے اصول پیارے ، رسول ، اہلِ رسول پیارے
وہ تیرے لہجے میں سب یزیدوں کے روبرو بولتا رہے گا

زمانہ کتنا ہی بیت جائے ، زبانِ تاریخ چپ نہ ہوگی
ترے حوالے سے چاک اسلام کا رفو بولتا رہے گا

تری شہادت نے ساری صبحوں کو ڈوبنے سے بچا لیا ہے
تو ہر کرن میں بغیرِ آواز ، بے گلو بولتا رہے گا

ترے لبِ خشک سے جو پھوٹی ، وہ تازگی حشر تک رہے گی
فنا کی شاخوں پہ بھی ترا جذبۂ نمو بولتا رہے گا

ترے تصور کا زندگی بھر طواف کرتی رہیں گی آنکھیں
اذان کے بول بن کے تو میرے چار سُو بولتا رہے گا

بلند رکھا عَلَم کو جس نے ، دیے اجالے حرم کو جس نے
سکوت کتنا بھی ہو مظفر ! وہ "اَللہ ہُو" بولتا رہے گا

مظفر وارثی

Marfat.com

جہانِ عشق و محبت ہے آستانِ حسین
نشانِ حق و صداقت ہے آستانِ حسین

حدیثِ صدق و صفا ، داستانِ صبر و رضا
بنائے شوقِ شہادت ہے آستانِ حسین

جہاں میں مسکن و ماویٰ ہے اہلِ ایماں کا
دیارِ حسنِ عقیدت ہے آستانِ حسین

زمانہ کہتا ہے جس کو جمالِ لَمْ یَزَلِی
اسی جمال کی حجت ہے آستانِ حسین

نظر گئی مگر اب تک نہ لوٹ کر آئی
وہ برجِ اوجِ امامت ہے آستانِ حسین

جو دیکھنا ہو تو میری نگاہ سے دیکھو
گناہ گاروں کی جنت ہے آستانِ حسین

یہیں سے جلتے ہیں اعظمؔ عقیدتوں کے چراغ
ضیائے شمعِ نبوت ہے آستانِ حسین

اعظم چشتی

Marfat.com

جھکایا ہے زمانے کو شجاعت ہو تو ایسی ہو
کٹایا سر کو سجدے میں عبادت ہو تو ایسی ہو

پکارا ہے مجھے تم نے کہ بابا میں تو حاضر ہوں
چلے ہیں سر کے بل کربل عقیدت ہو تو ایسی ہو

علی اکبر! مرے بیٹے! تو پیاسا ہے مگر پھر بھی
تمہیں دیں کو بچانا ہے، نصیحت ہو تو ایسی ہو

کہا دے کر یہ قرآں کو، کہ بیٹے! تم امیں بننا
بسایا ہے جو سینے میں، حفاظت ہو تو ایسی ہو

کٹے بازو پہ سر رکھ کر، کہا رو کر سکینہ نے
ہمیں بھی ساتھ لے جانا، محبت ہو تو ایسی ہو

جھکایا ہے زمانے کو کہ قرآں کیسے پڑھنا ہے
کٹے سر سے جو جاری ہو، تلاوت ہو تو ایسی ہو

ثمینہ گل

Marfat.com

جو تشنہ لب رہا لبِ دریا ، وہ کون تھا ؟
تڑپا جو خاک پر سرِ صحرا ، وہ کون تھا ؟

کرب و بلا میں جس کا نہ تھا کوئی غمگسار
اے ساکنانِ طیبہ و بطحا ، وہ کون تھا ؟

جو چاہتا ہو ، جائے مجھے چھوڑ کر بہ شوق
جس نے دیا بجھا کے کہا تھا ، وہ کون تھا ؟

فوجِ کثیر کے جو مقابل کھڑا رہا
حسرت بہ دل ، فسردہ و تنہا ، وہ کون تھا ؟

تھا کون جس نے تیر چلایا ، نہ پوچھئے
جس نے گلے سے تیر نکالا ، وہ کون تھا ؟

مَنّت کشِ کفن نہ ہوئی جس کی لاش بھی
اے چرخ ، تو نے دیکھا تو ہوگا ، وہ کون تھا ؟

کیسے بتاؤں کم نظرانِ زمانہ کو
رِفعت ! جو اہلِ دل کا ہے مولا ، وہ کون تھا ؟

Marfat.com

جو خالقِ گلشن تھے وہی وقفِ خزاں تھے
دریاؤں کے مالک تھے مگر تشنہ دہاں تھے

پا برہنہ تپتی ہوئی راہوں پہ رواں تھے
وہ لوگ کہ جو راحتِ دل ، راحتِ جاں تھے

جو حسن تھے ، رحمت تھے ، محبت تھے ، اماں تھے
آنچ آئی جو سچ پر تو وہی شعلہ بجاں تھے

تھا وہ بھی عجب وقت کہ اک دشت کی جانب
جاتے ہوئے آتے ہوئے لمحے نگراں تھے

جو خون کا قطرہ تھا وہ تاریخ کی لَو تھا
نیزوں پہ جو سر تھے اَبدیت کے نشاں تھے

حق بات پہ اڑنے کی حقیقت کے مقابل
باقی جو حقائق تھے وہ سب وہم و گماں تھے

روداد نہ تھی حادثۂ کرب و بلا کی
چھینٹے تھے لہو کے جو کراں تا بہ کراں تھے

احمد ندیم قاسمی

Marfat.com

جو دہکتی آگ کے شعلوں پہ سویا وہ حسین
جس نے اپنے خون سے عالم کو دھویا وہ حسین
جو جواں بیٹے کی میت پر نہ رویا وہ حسین
جس نے سب کچھ کھو کے پھر بھی کچھ نہ کھویا وہ حسین

مرتبہ اسلام کا جس نے دوبالا کر دیا
خون نے جس کے دوعالم میں اجالا کردیا

نطق جس کا نغمۂ سازِ پیمبر وہ حسین
تھا جو شرحِ مصطفیٰ ، تفسیرِ حیدر وہ حسین
تشنگی جس کی جوابِ موجِ کوثر وہ حسین
لاکھ پر بھاری رہے جس کے بہتّر وہ حسین

جو محافظ تھا خدا کے آخری پیغام کا
جس کی نبضوں میں مچلتا تھا لہو اسلام کا

Marfat.com

ہنس کے جس نے پی لیا جامِ شہادت وہ حسین
کٹ گیا لیکن نہ کی فاسق کی بیعت وہ حسین
ہے رسالت کی سپر جس کی امامت وہ حسین
جس نے رکھ لی نوعِ انسانی کی عزت وہ حسین
وہ کہ سوزِ غم کو سانچے میں خوشی کے ڈھال کر
مسکرایا موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر

شیر کی مانند جو مقتل میں آیا وہ حسین
جو بہتّر زخم کھا کر مسکرایا وہ حسین
راہِ حق میں جس نے اپنا سر کٹایا وہ حسین
کربلا میں جس نے اپنا گھر لٹایا وہ حسین
زیرِ خنجر جس کا سجدہ عظمتِ اسلام ہے
جس کا ہر تیور رسولِ پاک کا پیغام ہے

دین کی خاطر تھی جس کی زندگانی وہ حسین
لٹ گئی اسلام میں جس کی جوانی وہ حسین
خُلد میں کی حق نے جس کی میہمانی وہ حسین
مل گئی جس کو حیاتِ جاودانی وہ حسین
نامِ نامی جس کا لوحِ دہر پر مرقوم ہے
عرش سے تا فرش جس کی عظمتوں کی دھوم ہے

جوش ملیح آبادی

Marfat.com

جور و ستم کی ابتری کا نام ہے حسین
صبر و رضا کی برتری کا نام ہے حسین

تشنہ دہن بھی مالکِ کوثر بھی آپ ہیں
اس اختیاری تشنگی کا نام ہے حسین

جو آفتابِ نورِ رسالت کا چاند ہے
اُس کی چمکتی چاندنی کا نام ہے حسین

نورِ نگاہِ مصطفیٰ ، لختِ دلِ بتول
صدق اور حق و راستی کا نام ہے حسین

قصرِ سیاسیات میں جس سے ہے زلزلہ
اُس عقلِ کل کی سادگی کا نام ہے حُسین

ہر اِک بدی یزید سے موسوم ہوگئی
ہر ایک خیر و بہتری کا نام ہے حسین

صائمؔ ! میں کیا مثال دوں اُس کی حیات کی
ہر زندگی کی زندگی کا نام ہے حسین

Marfat.com

جو کٹ کے سربلند ہے ، وہی سرِ نیاز ہے ، حسین سرفراز ہے
حسین کا جہاد ہے ، حسین کی نماز ہے ، حسین سرفراز ہے

تجھے عزیز جان وتن ، مجھے عزیز جان وتن ، وہ راہِ حق پہ گامزن
ترا جدا جواز ہے ، مرا جدا جواز ہے ، حسین سرفراز ہے

حقیقتِ جہاں ہے کیا؟ حیاتِ جاوداں ہے کیا؟ مقامِ عاشقاں ہے کیا؟
یہ بھید اس پہ کھل چکا ، وہ آشنائے راز ہے ، حسین سرفراز ہے

جو سوئے کربلا گیا ، جو اپنا گھر لٹا گیا ، جو دین کو بچا گیا
علی کو جس پہ فخر ہے ، نبی کو جس پہ ناز ہے ، حسین سرفراز ہے

یزید نامراد تھا ، یزید نامراد ہے ، یزید نامراد ہو
حسین سرفراز ہے ، حسین سرفراز ہے ، حسین سرفراز ہے

Marfat.com

جو گُل ہوا تھا کبھی حق کے قافلے کا چراغ
وہی ہے فکرِ حسینی سے رابطے کا چراغ

حسین نے تو بجھایا تھا روشنی کے لئے
جو دم ہے ایسا ہی لاؤ مقابلے کا چراغ

وہ کربلا کے چراغوں کو کیا بجھائے گا
بجھا سکا نہ زمانہ جب آگرے کا چراغ

میں کیسے پنجتنِ پاک کو کہوں بے نور
ابھی بجھا تو نہیں ہے مباہلے کا چراغ

کسی بھی شخص کو شب خون کا نہیں اب خوف
جلا گئے ہیں حسین ایسا ضابطے کا چراغ

کہاں تھے شامِ غریباں میں حضرتِ عباس!
نہ دیکھا آپ نے زینب کے حوصلے کا چراغ

سید وحید الحسن ہاشمی

Marfat.com

چاند گردوں پہ محرم کا نمودار ہوا
دل میں بیدار غمِ احمدِ مختار ہوا

یوں اڑے خاکِ شفالے کے بگولوں کے جلوس
قریہ قریہ غمِ شبیر میں غمخوار ہوا

ڈھونڈتا پھرتا ہوں اب درد کے صحراؤں میں
ایک شش ماہے کو جو عشق کا سالار ہوا

دے کے سب کچھ بھی، جو کہتا رہا سب تیرا ہے
کون شبیر سا خالق کا پرستار ہوا

خاک و خوں سے ہے بنا غازۂ رخسارِ حیات
کیا عجب رنگِ حنا حسن کا معیار ہوا

جل چکے خیمے جو اک شام کے سناٹے میں
ہالۂ نور تخیّل میں نمودار ہوا

امتحاں ہو بھی چکے دشتِ وفا میں حیدر !
قافلہ کس لئے رُسوا سرِ بازار ہوا

سید افتخار حیدر

Marfat.com

چراغ خانۂ دل میں جلا دیئے تُو نے
فرازِ طُور کے جلوے دکھا دیئے تُو نے

رموزِ عشقِ الٰہی سے باخبر کر کے
دلوں میں حق کے گلستاں کِھلا دیئے تو نے

اڑا کے دامنِ باطل کی دھجیاں بے شک
حیاتِ عشق کے لمحے بڑھا دیئے تو نے

ترے نثار ! کہ خم خانۂ نبی سے حسین
شرابِ عشق کے ساغر لنڈھا دیئے تو نے

تمام اہلِ جگر اس سے فیضیاب ہوئے
حسین درد کے دریا بہا دیئے تو نے

ترے نثار کہ باطل کے گھپ اندھیرے میں
چراغِ حق و صداقت جلا دیئے تو نے

غمِ حسین سے لے کر خلوص اے کوثرؔ!
تفکرات کے جذبے جگا دیئے تو نے

کوثر حجازی

Marfat.com

چرچا ہے جہاں میں تری تسلیم و رضا کا
زیبا ہے لقب تجھ کو امام الشہدا کا

نازِ بشریت ہے ترا سجدۂ آخر
رخ پھیر دیا جس نے زمانے کی ہوا کا

نذرانۂ جاں پیش کیا دین کی خاطر
تو باب نیا کھول گیا صدق و وفا کا

ہر عہد میں خوشبو ہے تری موجِ نفس کی
ہر عصر میں جلوہ ہے ترے رنگِ قبا کا

حق گوئی و ثابت قدمی تیری مثالی
خوں تیری رگوں میں تھا رواں شیرِ خدا کا

دنیا میں جدا ہے ترا اندازِ شہادت
جاں دینا تھا گو شیوہ سدا اہل وفا کا

جس شام کئی چاند تھے کربل کی زمیں پر
اترا ہوا کیوں چہرہ تھا کوفے کی فضا کا

Marfat.com

چشمِ خرد سے دیکھئے گر شوقِ دید ہے
باطل کے حق میں آج کا دن اک وعید ہے

اِس دن حسین دین کو پائندہ کر گئے
یہ دن ہمارے واسطے روزِ سعید ہے

ہر ایک کے نصیب میں کب وہ مقامِ ناز
جس منصبِ بلند پہ فائز شہید ہے

راہِ خدا میں ان کی شہادت کو دیکھئے
سنیئے کہ آسماں سے یہ کیسی نوید ہے

حق کے لئے یہ دن ہے، پیامِ حیاتِ نو
باطل کے واسطے یہ شکستِ جدید ہے

وہ جس کے دل میں حق کے سوا اور کچھ نہ ہو
اس سے قبولِ خاطرِ باطل بعید ہے

عزمِ حسین حق کی صداقت کا ہے ثبوت
"قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے"

خالد بزمی

Marfat.com

چشمِ رسول پاک کا تارا حسین ہے
دنیائے مرتضٰی کا دلارا حسین ہے

حسنِ نظامِ شمس کو جس سے ملی جِلا
صبر و رضا کے چرخ کا تارا حسین ہے

چمکا جو کربلا میں امامت کا آفتاب
اہلِ نظر نے مل کے پکارا "حسین ہے"

اے کاش! جان لیتے یہ شمر و یزید بھی
دونوں جہاں کا راج دلارا حسین ہے

اصغر کی تشنگی سے یہ افشا ہوا ہے راز
بحرِ رضا علی ، تو کنارا حسین ہے

سب قدسیانِ عرش میں یہ شور تھا بپا
نرغے میں دشمنوں کے ہمارا حسین ہے

دانشؔ ! غمِ حسین کو جزوِ حیات کر
مومنؔ کی زندگی کا سہارا حسین ہے

نوازدانش

Marfat.com

حاصل رہے گی ان کو قرابت امام کی
رہتی ہے جن کے دل میں مودت امام کی

قربان سبطِ احمدِ مرسل پہ ہوگئے
ہے زندگی ہماری امانت امام کی

مثلِ حبابِ آب تھا دورِ یزیدیت
ہوگی کبھی نہ ختم حکومت امام کی

باطل کے سامنے کبھی جھکتے نہیں وہ لوگ
کرتے ہیں سچے دل سے جو بیعت امام کی

حکمِ خدا پہ دینِ خدا کے لئے ہوئی
ہجرت رسول کی ہو کہ ہجرت امام کی

یاسرؔ! اسے بھی حسنِ عبادت سمجھتا ہوں
یہ سنّتِ نبی ہے محبت امام کی

Marfat.com

حسنِ ازل کا جلوہ ہے چہرہ حسین کا
نورِ خدا کا سایہ سراپا حسین کا

محبوبِ کردگار کے محبوب ہیں حسین
سچ پوچھئے تو حسن ہے یکتا حسین کا

کھلتے رہیں گے تا بہ ابد معرفت کے پھول
ابرِ کرم جو ریت پہ برسا حسین کا

کرب و بلا میں نکھری ہے توحید اور بھی
سونے پہ پھر گیا ہے سہاگہ حسین کا

سر پہ خدا ہے، دل میں نبی، ساتھ مرتضیٰ
پھر کیا بگاڑ سکتے ہیں اعدا حسین کا

کر لیں جو کرنا چاہیں یزیدانِ عصرِ نو
میری زباں پہ ورد ہے اب "یاحسین" کا

آسی کا یارو اوجِ مقدر تو دیکھنا
طالب "علی حسین" کا، منگتا حسین کا

پروفیسر محمد حسین آسی

Marfat.com

حسنِ تخلیق کا شہکار حسین ابنِ علی
عشق کا مطلعِ انوار حسین ابنِ علی

گل گلزارِ حرم زینتِ آلِ ہاشم
نورِ چشمِ شہِ ابرار حسین ابنِ علی

مظہرِ صدق و وفا پیکرِ تسلیم و رضا
پرتوِ احمدِ مختار حسین ابنِ علی

بزمِ ایمان و صداقت کے لئے شمعِ وفا
صدق و اخلاص کا معیار حسین ابنِ علی

حق جہاں جلوہ نما ہوگا وہاں تو ہوگا
چار سُو ہے ترا دیدار حسین ابنِ علی !

تیری سرکار سے خالی نہیں جاتا کوئی
سب کو ہے تجھ سے سروکار، حسین ابنِ علی!

آستاں پر ترے آیا ہے تہی دست نصیرؔ
تیرا دربار ہے دُربار حسین ابنِ علی !

پیر سید نصیرالدین نصیر گولڑوی

Marfat.com

حسین ابنِ علی تجھ پر شہادت ناز کرتی ہے
ولایت ناز کرتی ہے رسالت ناز کرتی ہے

کٹے بازو تو مشکیزہ اٹھایا جس نے دانتوں سے
سخیٔ عباس کی جرأت پہ ہمت ناز کرتی ہے

ہزاروں اشقیا کے جو نہ ہو نرغے میں گھبرایا
علی اکبر کی جرأت پر شجاعت ناز کرتی ہے

سنانِ نوک پر جس نے تلاوت کی ہے قرآں کی
تو اسی کربل کے قاری پر تلاوت ناز کرتی ہے

جنہوں نے دین کی خاطر گلے کربل میں کٹوائے
تو ایسے سب شہیدوں پر شہادت ناز کرتی ہے

کیا تیغوں کی چھاؤں میں جو سجدہ تو نے کربل میں
ترے اس ایک سجدے پر عبادت ناز کرتی ہے

جو دیں قربانیاں امت کی خاطر ابنِ حیدر نے
تو اس احسان پر حافظ ! یہ امت ناز کرتی ہے

حافظ محمد حسین

Marfat.com

حسین ابنِ علی نے کیا حسیں منظر دکھایا ہے
تڑپتے دین کو اپنا لہو دے کر بچایا ہے

عزیمت استقامت دیکھ کر حیدر کے جائے کی
زمیں بھی لڑکھڑائی ہے فلک بھی ڈگمگایا ہے

کبھی اکبر کی بکھری لاش کے ٹکڑے اٹھائے ہیں
کبھی معصوم اصغر کے گلے پر تیر کھایا ہے

مثال ایسی تلاوت کی جو ہے کوئی تو بتلاؤ
کہ جیسے نیزہ پر شبیر نے قرآں سنایا ہے

حسینیت کو سب اہلِ نظر آداب کہتے ہیں
یزیدیت کو اس حکمت سے مٹی میں ملایا ہے

قیامت تک بھی ان کو زیر کر سکتا نہیں باطل
مساجد اور مدارس پر شہِ کربل کا سایہ ہے

طفیلِ پنجتن رحمت کرے فیضان! حق تجھ پر
کہ ذکرِ آلِ اطہر تو نے چاہت سے سنایا ہے

پروفیسر فیض رسول فیضان

Marfat.com

حسین اسمِ گرامی ہے، حسنِ فطرت کا

حسین اسمِ گرامی ہے ، حسنِ فطرت کا حسین اسمِ گرامی ہے لطف و رحمت کا
حسین جانِ دوعالم کی جان ہیں واللہ حسین درسِ عمل کی زبان ہیں واللہ
حسین شاہدِ معنی کی آن ہیں واللہ حسین شانِ حقیقت نشان ہیں واللہ
حسین منزلِ مقصود کی نشانی ہیں حسین پیکرِ اسلام کی جوانی ہیں
حسین دعویٰ ''صدیق'' کی صداقت ہیں حسین عظمتِ ''فاروق'' کی جلالت ہیں
حسین طاعتِ ''عثمان'' کی حمیت ہیں حسین خالقِ کونین کی ودیعت ہیں
حسین حسن کی تنویر ، عشق کی تقدیر حسین مسئلۂ زیست کی حسیں تفسیر
حسین کو کہتے ہیں دنیا میں خلد کا سردار انہیں کے خون سے روشن ہوئے چراغِ بہار
حسین ہیں قلبِ رسالت پناہ کی حرکت یہی ہیں شاہِ ولایت کی مستقل صورت
حسین والم ہیں، مسرت انہیں کے صدقے میں عمل کی روحِ لطافت انہیں کے صدقے میں
حسین زبھی ہے حقیقت انہیں کے صدقے میں مہیب دشت ہے جنت انہیں کے صدقے میں
حسین فخر ہیں دنیائے رنگ و بو کے لئے حسین ناز ہیں تکمیلِ جستجو کے لئے
عزیز جان ! تصدق کی آبرو کے لئے جگر کا خون دیا اور فقط وضو کے لئے
حسین واقعی سر دفترِ عبادت ہیں
حسین اپنے اَبّ وجد کے دل کی حرکت ہیں

شاہ انصار الٰہ آبادی

Marfat.com

حسین بحرِ سخا ہے عطا کے رستے میں
لٹا گیا ہے جو سب کچھ خدا کے رستے میں

نبی کے بیٹوں کا صدقہ خدا سے جب مانگا
رہا نہ کوئی بھی پردہ دعا کے رستے میں

حسینی جذبہ ہو جن کا ، یقین حُر جیسا
وہ لوگ چلتے ہیں سر کو اٹھا کے رستے میں

وہ جن میں نورِ نبی و علی فروزاں ہو
چراغ بجھتے نہیں وہ ہوا کے رستے میں

حسینی فکر ہے زندہ ، رہی ہے پائندہ
ٹھہر سکے گی نہ ظلمت ، ضیا کے رستے میں

وِلائے آل ملی مجھ کو ، تجھ کو حُبِ یزید
فنا کے رستے میں تو ، میں بقا کے رستے میں

کرم ہے مجھ پہ تبسّم ! یہ آلِ اطہر کا
جو گامزن ہوں ہمیشہ ثنا کے رستے میں

Marfat.com

حسین تو کہ مہِ آسمانِ ہستی ہے
تو افتخارِ زمانہ ہے جانِ ہستی ہے

مری جبیں ترے نقشِ قدم کی شیدائی
رچی ہے دل میں تقدس کی تیرے رعنائی

مرا خیال تری عظمتوں کا قائل ہے
مری نگاہ تری روشنی کی سائل ہے

خرد ہے آج بھی حیراں تری شہادت پر
جہانِ عشق ہے نازاں تری قیادت پر

تو کائنات کا کتنا عظیم رہبر ہے
صدف کو ناز ہو جس پر تو ایسا گوہر ہے

فلک کی شمعِ فروزاں ہے تیری قربانی
تمام دہر پہ احساں ہے تیری قربانی

Marfat.com

چمکتی ریت نے تیرا وقار جانا ہے
تجھی کو بادہ کشِ لَااِلٰہ مانا ہے

ترا وجود ہے حقانیت کا آئینہ
تھی شخصیت تری عرفانیت کا آئینہ

تھی تیری ذات زمانے میں واحد و یکتا
تو کربلا میں نبرد آزما ہوا تنہا

حسین ! تیری عقیدت ہے صبح نو کی نمود
ترے وجود سے قائم ہے روشنی کا وجود

ملا ہے تیری شہادت سے درس آزادی
تجھی نے دہر کو دینِ متیں کی ضو بخشی

حسین ! تو کہ زمانے کا بے بہا دُر ہے
تو پہلا قافلہ سالارِ منزلِ خر ہے

اقبال ارشد

Marfat.com

حسین درسِ بقا رہے گا ، حسین درسِ بقا رہا ہے
وہ کربلا میں حصارِ تیر و سناں میں تنہا ڈٹا رہا ہے

سبھی اذانیں ہیں اس کا صدقہ جو صبحِ عاشور گونجتی ہے
تمام سجدوں کو عصر کا وہ عظیم سجدہ بچا رہا ہے

سنی جو دربار میں اذاں کی صدا تو بولی علی کی بیٹی
یزید ! سن یہ ہماری فتحِ مبیں کا مژدہ سنا رہا ہے

ہوائے جبر و ستم نے اس کو چھپانا چاہا تھا لاکھ لیکن
انائے انسانیت کا سورج سناں پہ بھی جگمگا رہا ہے

تمام بیعت طلب یزیدوں کا آج بھی ہے سوال ویسا
جواب ابنِ علی کا ان کی ، ابھی بھی نیندیں اڑا رہا ہے

یہ تا ابد حقِ آدمیت کا سب سے مضبوط دار ہوگا
وہ موت لمحوں میں جو بقا کا عظیم خطبہ سنا رہا ہے

یہ درد کچھ روز کا نہیں ہے یہ چودہ صدیوں کی کربلا ہے
وہ استغاثہ ابھی بھی ہر حر کو حق کی جانب بلا رہا ہے

سجاد بلوچ

Marfat.com

حسین راکبِ دوشِ رسول ، فخرِ بتول
حسین گلشنِ اسلام کا مہکتا پھول
حسین ایک حقیقت ، حسین ایک اصول
حسین کر نہیں سکتا یزیدیت کو قبول

جو ہر محاذ پہ ثابت قدم رہا وہ حسین
بہ نوکِ نیزہ بھی قرآں سنا گیا وہ حسین

حسین عینِ محبت ہے ، خلق کا پیغام
حسین حق و صداقت ، رسول کا انعام
حسین قلبِ محمد کا اک سرورِ دوام
حسین شرحِ نبوت کا دوسرا ہے نام

حسین ہی سے عبادت کا رہ گیا ہے بھرم
حسین ہی نے لہو سے کیا ہے حق کو رقم

حسین معرکۂ حق میں برسرِ پیکار
حسین راہِ شہادت کا قافلہ سالار
حسین عالمِ امکاں میں صبر کا معیار
حسین قوتِ باطل کے سامنے دیوار

حسین صاحبِ عظمت ہے استقامت ہے
حسین وہ ہے جو ہر دور کی ضرورت ہے

ناصر زیدی

Marfat.com

جگر گوشۂ بتول

حسین ، زبدۂ نسلِ رسول ، ابنِ رسول
علی کے لاڈلے، زہرا کے پھول، ابن رسول

حسن حسین ہی اَبْنَاءَنَا کے ہیں مصداق
کہے گا ان کو ہر اک بااصول ، ابنِ رسول

رواں ہر آنکھ سے اطفالِ اشک پُرسے کو
ترے لیے دلِ عالم ملول ، ابنِ رسول

ترا وجود ہے خود آیۃٌ مِنَ الآیات
ہے کربلا تری شانِ نزول ، ابن رسول

اگر تو دوشِ رسالت پہ کھیلنا چاہے
تو دیں رسول بھی سجدے کو طول ، ابنِ رسول

Marfat.com

ترے خلوصِ عمل سے سبق نہ سیکھ سکے
یہ دیں فروش ، یہ اجرت وصول ، ابنِ رسول

رسول بند نہ کرتے اگر یہ دروازہ
خدا گواہ ، تو ہوتا رسول ، ابنِ رسول

تجھے عدو بھی ملا تو عجیب سفلہ مزاج
نہ کوئی شرم ، نہ کوئی اصول ، ابنِ رسول

یہ قیصری ترے پائے غیور کا دھوون
یہ سیم وزر ترے قدموں کی دھول ، ابن رسول

ہے تیرا بیتِ امامت مرے جنوں کا مطاف
جبینِ عجز کا سجدہ قبول ، ابنِ رسول

نصیر کو نہ اٹھانا اب اپنی چوکھٹ سے
بحقِ فاطمہ زہرا بتول ، ابنِ رسول

مہک اٹھا ہے نصیر! ان کے دم سے باغِ جہاں
حسن حسین ہیں زہرا کے پھول ، ابنِ رسول

سید نصیر الدین نصیر گولڑوی

Marfat.com

حسین قوتِ حیدر ، حسینؑ جانِ بتول
حسین معنیٔ ذبحِ عظیم ، جسمِ رسول

حسین خون کی سرخی میں لَاالٰہ کا نور
حسین دامنِ ایماں میں سرخ رنگ کا پھول

حسین پیکرِ انساں میں عکسِ شعلۂ طور
حسین آیت قرآں میں سوزِ قلبِ رسول

گرے تو کٹ کے گرے، خوفِ جاں سے جھک نہ سکے
انہیں کی ذات سے قائم ہے فقر کا یہ اصول

رہِ وفا میں مجھے خوفِ جاں نہیں نرگسؔ!
کہ میری آنکھ کا سرمہ ہے ان کے پاؤں کی دھول

Marfat.com

حسین کرب و بلا کے مسافروں کا امیر
حسین جرأت و ایثار و عزم کی تصویر

حسین رونقِ گلزارِ رنگ و بوئے رسول
حسین نور و سرورِ نگاہ و قلبِ بتول

حسین پور و جگر بندِ حیدرِ کرّار !
حسین حاملِ اوصافِ سیّدِ ابرار

حسین نام ہے تہذیبِ آدمیت کا
حسین درس ہے انسان کو شرافت کا

حسین مطربِ فطرت کی لے کا زیر و بم
حسین زیست کے نغمے کا دل نشیں سرگم

حسین معرکۂ کربلا کا میرِ سپاہ
حسین کلمۂ حق لَااِلٰہَ اِلاَّ اللہ

حسین تجھ پہ ہو روشن صداقتوں کا سلام
حسین تجھ پہ ہو زندہ شہادتوں کا سلام

ضیاء نیر

Marfat.com

حسین ! کیوں نہ کہیں تجھ کو آفتابِ رسول
کہ تیرے دم سے حقیقت بنا ہے خوابِ رسول

حسین ! تیرا ہے احسان جذبۂ حق پر
حسین ! تجھ سے ہے پائندہ انقلابِ رسول

حسین ! زیست تری وہ کتاب ہے جس کے
ورق ورق سے مرتب ہوا نصابِ رسول

حسین ! تیرا عمل ، تیری فکر کیا کہنا !
حسین ! تو ہے تمنائے باریابِ رسول

حسین ! تیرے کمالِ شعور کے قرباں
حسین ! تو ہے شناسائے اضطرابِ رسول

حسین ! جامع و مانع ہو کیوں نہ بات تری
جہاں کے سارے سوالوں کا تو جوابِ رسول

جہاں کی برکتیں مشکورؔ ! اس کا صدقہ ہیں
کھلا ہوا ہے بنامِ حسین بابِ رسول

Marfat.com

حسین مصحفِ ناطق ، خطیبِ نوکِ سناں !
کہاں سے لفظ تراشوں ، میں کیا کلام کروں؟

نظر پڑے ترے نقشِ قدم کی خاک جہاں
وہیں پہ نصب میں ادراک کے خیام کروں !

جو رزقِ نطق عطا ہو ترے کرم سے مجھے
تو میں بھی آرزوئے جرأتِ سلام کروں

نہ پوچھ اپنی سخاوت کے ایک پل کا اثر
جو بن پڑے تو زمانے اسیرِ دام کروں

ملے جو اذن تو دے کر تجھے خراجِ حیات
میں اپنی بخششِ پیہم کا اہتمام کروں؟

جہاں پناہ ! تری نذر کرکے لفظ اپنے
خمارِ اجر سے لبریز دل کا جام کروں

نسیم کوثر و زم زم ، غرور تشنہ لبی !
فراتِ فکر کی ہر موج تیرے نام کروں !

محسن نقوی

Marfat.com

حسین نے وہ سجایا جہان مٹی کا
یقین سے بھی ہے اونچا گمان مٹی کا

بڑا عجیب ہے یہ دشتِ کربلا جس میں
زمین نور کی ہے آسمان مٹی کا

وہ جن کی خاک بھی آنکھوں کو نور دیتی ہے
تمہیں لگے ہے وہی خاندان مٹی کا

سوائے نامِ حسین اور کچھ سنوں بھی تو کیوں ؟
بنا ہوا ہے نا میرا یہ کان مٹی کا

بروز حشر میں کہہ دوں گا اپنے مالک سے
مجھے بہشت میں دے دے مکان مٹی کا

Marfat.com

خاندانِ نبی نثار ہوا
حق ، معزز ؛ دروغ ، خوار ہوا

حُر کی توبہ نہ ہوتی کیسے قبول
جبکہ اندر سے شرمسار ہوا

علی اکبر پہ جان ہے قرباں
علی اصغر پہ دل نثار ہوا

ہوئے زخموں سے چُور چُور حسین
کب کوئی اس طرح فگار ہوا

لعنتی بن گئے یزید و شمر
شاہ جنت کا تاجدار ہوا

خاندانِ نبی نے جو پایا
کسے حاصل یہ افتخار ہوا

مدحِ آلِ نبی کے صدقے عروسؔ
اہلِ فردوس میں شمار ہوا

صاحبزادہ محمد نجم الامین عروسؔ فاروقی

Marfat.com

خدا شناسوں کو دیں روشنی قتیل حسین
ثبوتِ حق کی ہیں سب سے بڑی دلیل، حسین

کیا جو آب سے سیراب ، حُر کے لشکر کو
جہادِ عشق میں کہلائے سلسبیل ، حسین

نکالی سینۂ اکبر سے اس طرح برچھی
کہ بن گئے ہیں ہر اک دور کے خلیل حسین

میں اہلِ زَر سے بہت دور ہوں سبب یہ ہے
کرم کے ساتھ ہوئے ہیں مرے کفیل حسین

سکینہ پاؤں پکڑ کر کھڑی تھی رستے میں
عبور کر گئے کیسے یہ سنگِ میل حسین

ہوں کور چشم تو دیتے ہیں روشنی فرخ !
جہان نور کے تابندہ و جمیل حسین

پروفیسر فرخ حسن راجہ

Marfat.com

خدا شناسی و خود آگہی حسین سے ہے
کہ آدمی بخدا آدمی حسین سے ہے

جلا گیا ہے بہتّر چراغِ علم و عمل
جہاں میں چار طرف روشنی حسین سے ہے

خدا کا دین ، خدا کا نبی ، خدا کی کتاب
یہ سب ملیں گے اگر دوستی حسین سے ہے

کوئی زمانہ ہو ماضی و حال و مستقبل
یزیدیت کی مکمل نفی حسین سے ہے

جہاں سے فرقِ حلال و حرام اٹھ جاتا
کہ واقفیتِ امر و نہی حسین سے ہے

زہے نصیب اثرؔ! شاعرِ حسین ہے تو
تمام شہرت و عزت ترقی حسین سے ہے

Marfat.com

خدا کے دین پر جب لمحۂ خوفِ گزند آیا
بروئے کار شاہِ حق نما و حق پسند آیا

حبیب ابنِ مظاہر کربلا پہنچے تو شہ بولے
کہ میرا دوست ، میرا ہمنوا و درد مند آیا

پسر ہیں ''کُلِّ اِیماں'' کے انہیں دنیا کی کیا پروا
رہِ معبود میں گردن کٹا دینا پسند آیا

حسین ابنِ علی نے لاکھ سمجھانے کی کوشش کی
سمجھ میں زر پرستوں کی نہ کوئی وعظ و پند آیا

علی اصغر کی گردن سے جو دو قطرے لہو نکلا
رخِ اسلام پر آب و نمک اس سے دوچند آیا

اگر مولا نہ اٹھتے تو زمانہ آج یہ کہتا
حسین ابنِ علی کے سامنے دیں کو گزند آیا

سلام اے ہوشؔ! خر کی حق پسندی، پیش بینی پر
وفا کی آگ میں جلنے کو وہ مثلِ سپند آیا

ہوش عابدی

Marfat.com

خدا کی راہ میں شبیر سر کٹا کے چلے
لٹایا گھر کو مگر دین کو بچا کے چلے

دلِ حسین پہ کیا گزری، جس گھڑی اصغر
بجائے آب کے وہ زخمِ تیر کھا کے چلے

نہ بھول کر ہوئی پائے ثبات میں لغزش
رہِ وفا میں وہ ایسا قدم بڑھا کے چلے

نہ کیوں ہو ناز شہا ! امتِ محمد کو
تم اس کی ڈوبتی کشتی کو پھر ترا کے چلے

ہیں زندہ اب بھی شہیدانِ کربلا اے شمسؔ !
یزیدی لاکھ جہاں سے انہیں مٹا کے چلے

Marfat.com

خدائے ذوالجلال کی رضا سے ہے بندھا ہوا
حسین ہے یزیدیوں کے سامنے ڈٹا ہوا

مخدّرات ، ریگ زارِ کربلا میں خیمہ زن
خدا کا خوف کوفیوں کی۔ راہ سے ہٹا ہوا

حسین ! تیرے بعد بھی یزیدیوں کا دور ہے
دلِ خراب حال ، ابتدا سے ہے دکھا ہوا

زیاد و شمر اب بھی ہیں حسین کی تلاش میں
غضب کہ نقشۂ ستم ہے آج تک کھنچا ہوا

وہ ذاکرِ حسین ہے ؟ خدا کی اس پہ لعنتیں
کہ جس کا سر ہے آستانِ غیر پر جھکا ہوا

تمام اہلِ بیت پر درود ہو سلام ہو
کہ ان کا نام عرش کی جبیں پہ ہے لکھا ہوا

شورش کاشمیری

Marfat.com

خلق کا رہنما حسین

خلق کا رہنما حسین ، دین کا پیشوا حسین — ہادی و حق نما حسین ، عاشقِ کبریا حسین
وارثِ علمِ انبیاء ، زینتِ بزمِ اولیاء — راحتِ جانِ اتقیاء ، مرشدِ اولیاء حسین
مظہرِ اسوۂ رسول ، گلشنِ مرتضٰی کا پھول — جانِ حسن ، دلِ بتول ، شاہدِ کبریا حسین
دوشِ نبی کا شہسوار ، ملکِ وفا کا تاجدار — دستِ خدا کا شاہکار ، فاتحِ کربلا حسین
جتنے ستم ہوئے شدید، حق کی طلب ہوئی مزید — ظلم کی انتہا یزید ، صبر کی انتہا حسین
عکسِ رسول ہوبہو ، شیرِ خدا کی آرزو — مہر و وفا کی آبرو ، نازشِ کبریا حسین
دین خدا پہ جب بنی ، پھر نہ کسی کی کچھ سنی — عزم و ثبات کا دھنی ، سامنے آگیا حسین
سیلِ بلا میں کود کر ، اپنے لہو میں ڈوب کر — کشتیٔ دین کو مگر ، پار لگا گیا حسین
سامنے اقربا کی پیاس، گھیرے ہوئے ہجومِ یاس — پھر بھی نہ تھا مگر ہراس ، واہ رے حوصلہ حسین
سر پہ اجل سوار تھی ، فکرِ رضائے یار تھی — نادرِ روزگار تھی ، تیری ہر اک ادا حسین

کشتۂ روزگار کا ، مضطر و بے قرار کا
راحتِ بے دیار کا ، ہے فقط آسرا حسین

Marfat.com

خلوص کی روشنائی لے کر بہ دیدۂ تر ، حسین لکھنا
تم ایسا کرنا کتابِ دل کے ورق ورق پر حسین لکھنا

اذان دیں گی تمہاری آنکھیں ، نماز ! مصرعے ادا کریں گے
تم ایسا کرنا کہ اس دفعہ بھی حسین پڑھ کر حسین لکھنا

حروف ، خوشبو کے چشمے بن کر زمیں کے سینے پہ کھل اٹھیں گے
تم ایسا کرنا کہ اپنی آنکھوں اور اپنے لب پر حسین لکھنا

تمہارے تاریک منظروں میں ، اجالے پھوٹیں گے نور بن کر
تم ایسا کرنا کہ اپنے گھر میں درود پڑھ کر حسین لکھنا

حسین لکھ کر پھر اس کو لکھنا ، پھر اس کو لکھ کر تم ایسا کرنا
کہ آج تک تم نے جو بھی لکھا ہو ،اس کا محور حسین لکھنا

وہ برچھیاں وہ چمکتے خنجر ، وہ تپتے صحرا پکارتے ہیں
تم ایسا کرنا کہ کربلا کے بدن پہ جا کر حسین لکھنا

اگر کتابت کا شوق ہو تو ، کتاب صبر و رضا میں راحتؔ!
جہاں شہیدوں کا نام لکھنا ، تو سب سے اوپر حسین لکھنا

سید راحت حسین راحت

Marfat.com

خونِ سرور سے رنگیں قبا ، کربلا
عشق کے حسن کی انتہا ، کربلا

تا ابد جاگتی سرخرو سر زمیں
حشر تک زندگی کی دُعا ، کربلا

آزمائش میں وہ استقامت کی چھب
دھوپ میں روپ کا راستہ ، کربلا

ایک تسکین جاں آفریں درد میں
اشک میں ایک سیلِ شفا ، کربلا

روسیاہی کی تو نے گواہی نہ دی
مرحبا مرحبا مرحبا ! کربلا

شورِ بن میں نمِ زندگی کی امیں
صرصرِ غم میں بادِ صبا ، کربلا

لفظ جس سے جیئے وہ جواں بانکپن
سانس جس سے رواں وہ صدا، کربلا

سید ضمیر جعفری

Marfat.com

دامِ دنیا نہ کوئی پیچِ گماں لایا ہے
سوئے مقتل تو اسے حکمِ اذاں لایا ہے

خونِ شبیر سے روشن ہیں زمانوں کے چراغ
شمر نسلوں کی ملامت کا دھواں لایا ہے

فیصلہ حر نے کیا اور جزاؔ نے دیکھا
جست بھرتے ہی اسے بخت کہاں لایا ہے

آج بھی سربگریباں ہے اسی حزن میں وقت
شامِ غربت سے جو احساسِ زیاں لایا ہے

وہ شہِ عزم و عَلَمْ ہے سو یہ اس کا شاعر
نذر کو چشمِ رواں قلبِ تپاں لایا ہے

Marfat.com

درد و الم کی داستاں ، صبر و رضا کی داستاں
ذکرِ حسین ہے فقط ، عشق و وفا کی داستاں

ابنِ خلیل سے کبھی جس کی ہوئی تھی ابتدا
ابنِ علی وہ کر گئے پوری قضا کی داستاں

تشنہ لبی کی شدّتیں ، تیر و سناں کی بارشیں
مجھ سے بیاں نہ ہو سکے کرب و بلا کی داستاں

لکھی تھی جو یزید نے ، آلِ نبی نے کاٹ دی
ظلم و ستم کی داستاں ، جبر و جفا کی داستاں

ذرّاتِ کربلا سے خود ، چشمِ فلک نے بھی پڑھی
خونِ حسین سے جو تھی لکھی بلا کی داستاں

آنسو رکیں نہ فکر کے ، لمحوں کی ہچکیاں بندھیں
میرے لبوں پر آ گئی جب کربلا کی داستاں

ثاقبؔ ! مٹی یزیدیت ، زندہ رہی حسینیت
باقی رہے گی تا ابد مردِ صفا کی داستاں

ثاقب علوی

Marfat.com

درک تھا کس کو خداوندا تری تقریر کا
مصطفیٰ کی آل نے رکھا بھرم تفسیر کا

کربلا والوں سے جوہر کھل گئے قرآن کے
دیکھنے والے یہ رخ دیکھیں ذرا تصویر کا

پائے عابد میں نشانِ راہِ منزل بن گئی
آکے ان قدموں میں رتبہ ہو گیا زنجیر کا

تیر آتے ہی لبوں پر مسکراہٹ آگئی
ننھے بچے کی نظر میں وزن تھا یہ تیر کا

سر کٹا ، اقلیمِ دل کی حکمرانی مل گئی
معجزہ دیکھے زمانہ قوتِ تسخیر کا

تیر کھا کر مسکرانے پر ہے دنیا دنگ کیوں ؟
ایسے ویسے کا نہیں ، بیٹا ہے یہ شبیرؑ کا

فرض کر لو ہوشؔ ! دنیا میں کوئی مُسلم نہ ہو
تذکرہ پھر بھی رہے گا عظمتِ شبیر کا

ہوشؔ عابدی

Marfat.com

دُرود تجھ پہ ہو، گُل کر کے اپنے گھر کے چراغ
حسین ! دی ہے زمانے کو روشنی تو نے

غمِ حسین تری تازگی کا کیا کہنا !
نفس نفس کو عطا کی ہے زندگی تو نے

اسی نماز کی ہیں جستجو میں دیدہ و دل
بنا دیا جسے معراجِ بندگی تو نے

سلام ، کوثر و تسنیم کی طرف سے تجھے
لبِ حسین کو چُوما ہے تشنگی ! تو نے

ترا کرم ! حق و باطل کے درمیان لکیر
خود اپنے خون کی سرخی سے کھینچ دی تو نے

ماہرالقادری

Marfat.com

دس محرم ہے اور ہم ہیں ، حسین !
دیدۂ نم ہے اور ہم ہیں ، حسین !

بس تری یاد اور سب آنکھیں
بس ترا غم ہے اور ہم ہیں ، حسین !

زندگی ہے اُجاڑ تیرے بغیر
روشنی کم ہے اور ہم ہیں ، حسین !

جب سے پھانکی ہے بڑھ کے خاکِ شفا
ہاتھ میں جم ہے اور ہم ہیں ، حسین !

آخری تھا جہاں قیام ترا
دل وہاں خم ہے اور ہم ہیں ، حسین !

ایک دریا ہے ، ایک صحرا ہے
بس یہ عالم ہے اور ہم ہیں ، حسین !

Marfat.com

دشت سے اٹھی جو خوشبو ، چار سُو پھرتی رہی
لے کے دامن میں شہیدوں کا لہو پھرتی رہی

ظالموں کی تھی یہی کوشش ، چھپے خونِ حسین
خون کی مہکار لیکن کُوبکُو پھرتی رہی

حُر رہے عاشور کی شب کو نہایت بے قرار
ذہن میں سبطِ نبی کی گفتگو پھرتی رہی

نقشہ خنجر آزمائی کا رہا زینب کو یاد
سامنے بھائی کی تصویرِ گلُو پھرتی رہی

حضرتِ عابد نہ بھولے ، منظرِ بازارِ شام
کارواں کی بے حجابی ، روبرو پھرتی رہی

اپنی پلکوں سے میں چوموں، کاش! خاکِ کربلا
دل میں زاہدؔ ! یہ ہمیشہ ، آرزو پھرتی رہی

زاہد بخاری

Marfat.com

دشتِ غربت میں لہو روتا ستارا دیکھے
آنکھ میں ضبط کہاں ایسا نظارا دیکھے

جانے کس وقت رکے گی یہ ہوائے وحشت
موسمِ غم ترے ابرو کا اشارہ دیکھے

موج در موج امڈتی ہے جہاں خواہشِ زیست
اپنے سینے میں وہیں پیاس کنارا دیکھے

سر پہ جب دھوپ مسلسل ہی ٹھہر جاتی ہے
تب مرا دشتِ بدن ، صبر تمہارا دیکھے

اہلِ دل کی تو روایت ہی الگ ہوتی ہے
نہ کوئی سود کا سوچے ، نہ خسارا دیکھے

حُر بنا دیتا ہے تقدیر بدل جاتی ہے
اک نظر جس کو وہ اللہ کا پیارا دیکھے

Marfat.com

دشت کو لہو دے کر کیا سے کیا بنا ڈالا
کیسے کیسے ذروں کو آئنہ بنا ڈالا

کربلا کے مقتل میں مقصدِ امامت نے
ننھے ننھے بچوں کو سورما بنا ڈالا

حُر کے قلب کی جانب شاہ نے توجہ کی
تیرگی کے پیکر سے اک دیا بنا ڈالا

روشنی کو اصغر کا ، نام دے دیا رب نے
انتہائے ظلمت کو حرملا بنا ڈالا

اک ردائے زینب کو چھید کر یزیدوں نے
جانے کتنی صدیوں کو بے ردا بنا ڈالا

اقتدار کی دھن میں شامیوں نے اے منظرؔ!
نینوا کی وادی کو کربلا بنا ڈالا

منظر بھوپالوی

Marfat.com

کربلا کی رات

دشت میں سوختہ سامانوں پہ رات آئی ہے
غم کے سنسان بیابانوں پہ رات آئی ہے

نورِ عرفان کے دیوانوں پہ رات آئی ہے
شمعِ ایمان کے پروانوں پہ رات آئی ہے

بیتِ شبیر پہ ظلمت کی گھٹا چھائی ہے
درد سا درد ہے ! تنہائی سی تنہائی ہے !

ایسی تنہائی کہ پیارے نہیں دیکھے جاتے
آنکھ سے آنکھ کے تارے نہیں دیکھے جاتے

درد سے درد کے مارے نہیں دیکھے جاتے
ضعف سے چاند ستارے نہیں دیکھے جاتے

ایسا سناٹا کہ شمشانوں کی یاد آتی ہے
دل دھڑکنے کی بہت دور صدا جاتی ہے

فیض احمد فیض

Marfat.com

دشمنِ دیں کے مقابل نعرۂ تکبیر ہے
لائقِ صد آفریں یہ جذبۂ شبیر ہے

راہِ حق میں دین کی خاطر بصد عجز و نیاز
سر کٹانے کی روایت ، باعثِ توقیر ہے

مرحبا صد مرحبا ، اس لشکرِ اسلام کو
جس کے خوں کی لو سے دنیا منبعِ تنویر ہے

خواب میں آ کر مجھے اذنِ حضوری دیجئے
کربلا کی حاضری میں گر کوئی تاخیر ہے

سر زمینِ کربلا کا ذرہ ذرہ آفتاب
یہ شہیدِ کربلا کے خون کی تاثیر ہے

قصرِ ایماں کو کوئی مسمار کر سکتا نہیں
ہر ستون اس کا حسینی سنگ سے تعمیر ہے

عثمان قیصر

Marfat.com

دلِ شکستہ و خوش کام سے وہ کام لیا
قدم زمیں پہ رہے آسمان تھام لیا

نقوشِ کفر مٹانے کو بالیقیں ہے خدا
اک آدمی سے مگر اس نے یہ بھی کام لیا

غمِ زمانہ کو رکھ کر غمِ حسین کے ساتھ
غمِ زمانہ سے بھر پور انتقام لیا

تھا دشتِ کرب و بلا میں وہ کوثرِ ایثار
کہ ہر شہید نے خود بڑھ کے اپنا جام لیا

ہر ایک لاش پہ ہنگامِ عصر تک اس نے
کبھی سلام کیا اور کبھی سلام لیا

زبانِ تیغ نے وہ کام کب کیا ساجد !
جو بے زبان نے تیغِ زباں سے کام لیا

ساجد رضوی

Marfat.com

۱

حضورِ سرورِ کونین جب محضر ہوا پیش
زمینِ کربلا سب سے جدا رکھی گئی تھی

مِنیٰ کا خواب پورا ہو رہا تھا کربلا میں
یہ قربانی اسی دن پر اٹھا رکھی گئی تھی

زمیں سے آسماں تک نور تھا بس نور ہی نور
چراغوں کے مقابل جب ہوا رکھی گئی تھی

بہت مشکل مراحل آ پڑے تھے راستے میں
سو زادِ راہ میں خاکِ شفا رکھی گئی تھی

حسین اوفی بِعَہدِکَ کہہ رہے تھے وقتِ آخر
کہیں میثاق میں شرطِ وفا رکھی گئی تھی

Marfat.com

دنیا کے سامنے لب و لہجہ ہی اور ہے
وابستگانِ دل کا حوالہ ہی اور ہے

نسبت ہے جس کسی کو بھی تیرے چراغ سے
اس کے نگاہ و دل میں اجالا ہی اور ہے

لفظوں میں کوئی کھینچ نہ پائے گا ہو بہو
اس دلخراش ہجر کا نقشہ ہی اور ہے

دشتِ عرب کے خانہ بدوشوں کو کیا خبر
ہم جس میں خیمہ زن ہیں وہ صحرا ہی اور ہے

دل میں ہزار خانے ہیں رنج و ملال کے
لیکن غمِ حسین کا گوشہ ہی اور ہے

اے جادۂ وجود و عدم کے مسافرو !
ہم جس پہ چل رہے ہیں وہ رستہ ہی اور ہے

شاہد ماکلی

Marfat.com

دورِ حیات آئے گا قاتل قضا کے بعد
ہے ابتدا ہماری تری انتہا کے بعد

جینا وہ کیا کہ دل میں نہ ہو کوئی آرزو
باقی ہے موت ہی دلِ بے مدّعا کے بعد

تجھ سے مقابلے کی کسے تاب ہے، ولے
میرا لہو بھی خوب ہے تیری حنا کے بعد

لذّت ہنوز مائدۂ عشق میں نہیں
آتا ہے لطفِ جرمِ تمنا، سزا کے بعد

قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

مولانا محمد علی جوہر

Marfat.com

دہر میں جتنی ضیا ہے اے شہیدِ کربلا !
سب ترے خوں کی عطا ہے اے شہیدِ کربلا !

فخر ہے جس پر خدا کو ، مصطفیٰ کو ناز ہے
کام تو نے وہ کیا ہے اے شہیدِ کربلا !

جس میں جا کر مجتمع ہوتی ہے ساری معرفت
تیرے حیدر کی وِلا ہے اے شہیدِ کربلا !

سر اٹھا سکتا نہیں سورج بھی جس کے سامنے
تیری زہرا کی حیا ہے اے شہیدِ کربلا !

راکبِ دوشِ نبی کی زوجیت کا مرتبہ
تیری بانو کو ملا ہے اے شہیدِ کربلا !

گونجتی ہے جو اذاں بن کر شہادت گاہ میں
تیرے اکبر کی صدا ہے اے شہیدِ کربلا !

Marfat.com

جو رلاتی ہے لہو چشمِ امم کو آج تک
تیرے اصغر کی ندا ہے اے شہیدِ کربلا !

دیکھتا ہے رشک سے جس کو ہنوز آبِ حیات
وہ سکینہ کا صلہ ہے اے شہیدِ کربلا !

جو مودّت کا خمیدہ سر کشیدہ کر گئی
تیرے غازی کی وفا ہے اے شہیدِ کربلا !

جس کے سائے میں پڑی ہیں بیکراں مخدومیاں
تیری زینب کی ردا ہے اے شہیدِ کربلا !

حور و غلماں جس پہ سو سو جان سے قربان ہیں
تیرے قاسم کی ادا ہے اے شہیدِ کربلا !

بخشتا ہے جو شبِ تشکیک میں نورِ یقیں
تیرے حُر کا حوصلہ ہے اے شہیدِ کربلا !

ہے تری تعریف میں سارا جہاں رطب اللساں
بے نوا فیضانؔ کیا ہے اے شہیدِ کربلا !

پروفیسر فیض رسول فیضان

Marfat.com

دینِ احمد کے فلک کے چاند تارے ہیں حسین
اہلِ درد و غم کے دل کے اک سہارے ہیں حسین

ہر بشر شبیر کے ہے دکھ میں اب تک اشکبار
ملّتِ اسلامیہ کو اتنے پیارے ہیں حسین

راہِ منزل جو دکھاتے ہی رہیں گے تا ابد
انقلاب و حریت کے وہ مینارے ہیں حسین

جو غرورِ کفر کو رکھ دے جلا کر آن میں
حق بیانی کے سلگتے وہ شرارے ہیں حسین

اہلِ کوفہ کے ستم سب سہہ گئے ہیں جان پر
کب مدد کے واسطے پل بھر پکارے ہیں حسین

کینہ پرور جو رہے بزمِ عدو میں پیش پیش
وہ بھی کہتے ہیں ہمارے ہیں ہمارے ہیں حسین

جس کو دیکھو آپ کی ہے کامرانی پر نثار
کس نے مانا کربلا کی جنگ ہارے ہیں حسین

پروفیسر محمد احمد شاد

Marfat.com

دینِ حق سجدے میں ہے اور جستجو سجدے میں ہے
قربِ حق سجدے میں ہے دیں کی نمو سجدے میں ہے

کربلا میں طُور کی سی ہو گئی پیدا فضا
اہلِ حق کے واسطے ، جو آرزو سجدے میں ہے

آتشِ نمرود میں ، جس طرح اللہ کے خلیل
تھا یزیدی ظلم ایسا اور تو سجدے میں ہے

کربلا میں کر دیا حق کے لئے سب کچھ فدا
وہ سراپا ناز اب تک ہو بہو سجدے میں ہے

واہ ! نمازِ عشق تیری اے حسین ابنِ علی
سب پہ واضح کر گئی کہ رازِ ''ھُو'' سجدے میں ہے

شوکتِ اسلام کی خاطر ہے کی رنگیں قبا
تیرے اس احسان پر ہر باوضو سجدے میں ہے

تیرا خونِ پاک تھا دینِ محمد کی ضیا
سر سے لے کر پاؤں تک گرتا لہو سجدے میں ہے

اعجاز احمد اعجاز

Marfat.com

دینِ متیں کو کر کے امر ، خاکِ کربلا
اب تک اٹھا رہی ہے ثمر ، خاکِ کربلا

صبر و رضا کے دامنِ عزت مآب میں
آلِ نبی ہے خیمہ بسر ، خاکِ کربلا

راہِ خدا پہ ہو گئے قربان اہلِ بیت
سر پیٹتا رہے گا شمر ، خاکِ کربلا

آلِ رسول پیاس کی شدت میں چل بسی
بہتا رہا فرات مگر ، خاکِ کربلا

چشمِ فلک نے آج تلک ایسا معرکہ
دیکھا نہیں ہے بارِ دگر ، خاکِ کربلا

زندہ ہے آج تک بھی جہاں میں حسینیت
کر دے یزیدیت کو خبر ، خاکِ کربلا

بزمِ امامِ عالی نسب میں ہے صابری !
کھولے ہوئے عطاؤں کے در ، خاکِ کربلا

محمد علی صابری

Marfat.com

ذکر جو روز و شب حسین کا ہے
معجزہ یہ عجب حسین کا ہے

دل میں جو بغضِ پنجتن رکھے
وہ کہے بھی تو کب حسین کا ہے

سرِ نیزہ بلند ہے جو سر
باادب! باادب! حسین کا ہے

حشر تک سر اٹھائے گا نہ یزید
اس پہ قہر و غضب حسین کا ہے

قلب و جاں پر فقط نہیں موقوف
میرا جو کچھ ہے سب حسین کا ہے

در کھلا مجھ پہ قصرِ جنت کا
کہا رضواں نے جب، حسین کا ہے

شاعرِ باکمال ہے ناصر
کیوں نہ ہو، منتخب حسین کا ہے

ناصر زیدی

Marfat.com

راہِ خدا میں شوق سے سر کو کٹا گئے حسین
حق کی رضا کے واسطے گھر کو لٹا گئے حسین

نیزے پہ چڑھ کر سر بلند کر گئے دینِ مصطفیٰ
اس طرح درسِ حریت ہم کو سکھا گئے حسین

دے دیا سر، مگر نہ ہاتھ، دستِ یزید میں دیا
دین کے دشمنوں کا سر نیچے جھکا گئے حسین

آنسو لہو کے آج بھی روتی ہے کربلا کی خاک
زخم کچھ ایسا قلب پر اس کے لگا گئے حسین

ابنِ علی کی شان کیا، تجھ سے بیاں ہو اے ریاضؔ!
جس کی نہیں مثال وہ مرتبہ پا گئے حسین

سید ریاض الدین سہروردی

Marfat.com

راہِ وفا میں سر جو کٹایا حسین نے
دراصل ظلمتوں کو مٹایا حسین نے

اک درس دے گئے وہ پسِ پردۂ جہاد
رشتہ یہ خوب حق سے نبھایا حسین نے

سر خم کیا نہ ظلم و ضلالت کے روبرو
امت کو اس طرح سے بچایا حسین نے

دے کر زمینِ دین کو نذرانۂ لہو
نانا کی عظمتوں کو بڑھایا حسین نے

پانی بھی بند کر دیا فوجِ یزید نے
اس پر بھی صبر کرکے دکھایا حسین نے

خاکی ! تم اس زمین کے ذروں کو چوم لو
جس سر زمیں پہ خون بہایا حسین نے

عزیزالدین خاکی

Marfat.com

رخِ حیات لہو سے اجالنے والا
عزیمتوں کی نئی طرح ڈالنے والا

حسین اب بھی شبِ کذب میں سرِ آفاق
صداقتوں کا ہے سورج اچھالنے والا

زمینِ کربلا اب بھی ہے چشم دید گواہ
نہیں تھا حکمِ خدائی وہ ٹالنے والا

بنائے لَا اِلٰہ سر دے کے کر گیا محکم
وہ گرتی قدروں کو دیں کی سنبھالنے والا

حسین اپنے بہتّر[72] چراغوں کی لو سے
شبِ حیات کو دائم اجالنے والا

وہی ہے ملّتِ اسلامیہ کا کھیون ہار
بھنور سے ڈوبتی کشتی نکالنے والا

رضائے مولا پہ سب کچھ لٹا گیا نیّرؔ!
وہ خود کو حرفِ مشیت میں ڈھالنے والا

ضیاء نیر

Marfat.com

رکھا اس شان سے کس نے سرِ تسلیم سجدے میں
مجسّم ہوگیا وہ خوابِ ابراہیم سجدے میں

جزائے کارِ جاں ، کیا ڈھونڈتے ہو ڈھونڈنے والو
وہاں تو دین و دنیا ہو چکی تقسیم سجدے میں

عبارت ہی بدل کر رہ گئی تقدیرِ حُر ! تیری
سرِ لوحِ مقدس وہ ہوئی ترمیم سجدے میں

عبادت خود مزہ لیتی تھی نفسِ مُطمَئِنہ کا
دلِ شبیر کو کب تھی امید و بیم سجدے میں

جلے بستر سے قید شام تک ، کتنی مسافت ہے ؟
امامت کو امامت کر گئی تعلیم سجدے میں

سلام اس پر ، نمازِ آخری جس نے ادا یوں کی
بدن نیزوں پہ قائم تھا ، جبیں تھی نیم سجدے میں

شاہدہ حسن

Marfat.com

رگ رگ میں ہے بسی ہوئی الفت حسین کی
یوں ہے دماغ و دل پہ حکومت حسین کی

سر دے دیا ، بچائی مگر دیں کی آبرو
دنیا میں بے مثال ہے سیرت حسین کی

نیزے پہ سر ہے، ہونٹوں پہ قرآں کی آیتیں
کتنی بلند تر ہے تلاوت حسین کی

سجدے میں زیرِ تیغ ہے خیر النسا کا لعل
ہے کس قدر بلند عبادت حسین کی

صدیوں سے کر رہا ہے منادی کلامِ پاک
ذبحِ عظیم ہے یہ شہادت حسین کی

ہر طرح کے یزید نے ظلم و ستم کیے
لیکن شقی نہ پا سکا بیعت حسین کی

مانوسؔ کو ملی ہیں برابر کی نعمتیں
قرآنِ پاک اور محبت حسین کی

Marfat.com

رنجِ دنیا سے کبھی چشم اپنی نم رکھتے نہیں
جز غمِ آلِ عبا ہم اور غم رکھتے نہیں

در پہ شاہوں کے نہیں جاتے فقیر اللہ کے
سر جہاں رکھتے ہیں سب، ہم واں قدم رکھتے نہیں

جو مقرر ہے وہ ملتا ہے تری سرکار سے
ہم ہیں صابر کچھ خیالِ بیش و کم رکھتے نہیں

کہتے تھے اعدا کہ بچے بھی علی کے شیر ہیں
جب بڑھاتے ہیں تو پھر پیچھے قدم رکھتے نہیں

جو سخی ہیں مالِ دنیا سے ہیں خالی ان کے ہاتھ
اہلِ دولت جو ہیں وہ دستِ کرم رکھتے نہیں

زور سے اس کے لیا ہے، ہم نے میدانِ سخن
اور نیزہ ہاتھ میں غیر از قلم رکھتے نہیں

یہ مکاں محبوبِ حق کا ہے، نہ آنا اس طرف
بے اجازت یاں ملائک بھی قدم رکھتے نہیں

Marfat.com

رواں سلام سے جب تک قلم نہیں ہوتا
کوئی خیال بھی مجھ سے رقم نہیں ہوتا

گدائے شاہِ نجف ہوں ، زمانہ جانتا ہے
خدا کا شکر ہے یہ زعم کم نہیں ہوتا

حیات بخش ہے دراصل اہلِ بیت کا غم
جنہیں یہ غم ہو ، انہیں کوئی غم نہیں ہوتا

کٹا کے بازو بھی عباس نے یہ فرمایا
عدو جھکالے جسے وہ علم نہیں ہوتا

یہ سارا عشق و عقیدت کا فیض ہے ورنہ
یہ سیلِ اشک ، پسِ چشمِ نم نہیں ہوتا

سعیدؔ ! الفتِ حسنین جس کے دل میں نہ ہو
مری نگاہ میں وہ محترم نہیں ہوتا

سعید عاصم

Marfat.com

روشن انہی کے نور سے اکثر چراغ ہیں
جو خاکِ کربلا ترے اندر چراغ ہیں

وہ ظلمتِ قدیم ہو یا ظلمتِ جدید
دونوں ہی کی گرفت سے باہر چراغ ہیں

تجھ سے تو اک چراغ بھی بجھنا محال ہے
اے سر پھری ہوا ! یہ بہتّر[72] چراغ ہیں

کیا رنگ دے گئی ہے شہادت حسین کی
جب سے بجھے ہیں اور منوّر چراغ ہیں

روشن کیا تھا جن کو دعائے رسول نے
روشن انہی چراغوں سے گھر گھر چراغ ہیں

لکھتے ہیں روشنی کی عبارت جو عمر بھر
میری نگاہ میں وہ سخن ور چراغ ہیں

اعجازؔ ! جن کے لب پہ ثنائے حسین ہے
روشن وہ آج بھی سرِ منبر چراغ ہیں

اعجاز رحمانی

Marfat.com

رہِ حق و صداقت پر رواں ہیں کربلا والے
جہاں فانی ہے لیکن جاوداں ہیں کربلا والے

لٹا دیتے ہیں گھر بھی نصرتِ اسلام کی خاطر
زمانہ دیکھے ایسے پاسباں ہیں کربلا والے

شکستِ فاش دے دی ان کے اک بچے نے لشکر کو
سمجھتا تھا ستم گر، ناتواں ہیں کربلا والے

ہے کس میں دم کہ کوئی ان سے چھینے اقتدار ان کا
دلوں کی سلطنت میں حکمراں ہیں کربلا والے

صدائے ''العطش'' جلتے ہوئے خیموں سے آتی ہے
زمینِ بے کسی کا آسماں ہیں کربلا والے

بقائے دیں کی خاطر مسکرا کر ظلم سہتے ہیں
جوانی جن پہ صدقے وہ جواں ہیں کربلا والے

خسارے میں نہیں ہوں، ہے یقیں اس بات کا طاہرؔ!
مرے والی، بوقتِ امتحاں ہیں کربلا والے

طاہر ناصر علی

Marfat.com

زخم سے کھلتا ہے جو ، وہ گلبدن ہے کربلا
خون سے دھلتا ہے جو، وہ پیرہن ہے کربلا

کربلا ، تاریکیوں کے ساتھ سمجھوتہ نہیں
نقدِ جاں سے کم کوئی سودا یہاں ہوتا نہیں

اک سنہرا پن عطا کرنا ، کھرے افکار کو
اپنے ہاتھوں خود لٹا دینا ، بھرے بازار کو

مطلق الحکم آمروں کے جبر اور نخوت کی قبر
کربلا اکبر کی جرأت ، کربلا زینب کا صبر

زندگانی کا امر دستور لکھنا کربلا
گھپ اندھیرے میں کتابِ نور لکھنا کربلا

اشکِ خوں نوعِ بشر کے مسکرانے کے لئے
غم کی شب کھیتی نئے سورج اگانے کے لئے

آسرا ہے ، ولولہ ہے ، حوصلہ ہے کربلا
جنگلوں میں سب سے پہلا راستہ ہے کربلا

سید ضمیر جعفری

Marfat.com

زندۂ جاوید ہے لختِ دلِ زہرا کا نام

زندۂ جاوید ہے لختِ دلِ زہرا کا نام — گردشِ دوراں مٹا سکتی نہیں اس کا پیام
کامل و اکمل نمونہ حیدرِ کرّار کا — حاضر و غائب میں ان کی ذات اقدس ہے امام
اس تصور سے قلم کا دل ہوا جاتا ہے شق — کٹ گئی آلِ پیمبر، لٹ گئے ان کے خیام
فرش والے دیدہ و دل کی بچھاتے ہیں بساط — عرش والے تذکرہ کرتے ہیں ان کا صبح و شام
وسعتیں ان سے امامت کے تصور کو ملیں — ان سے پایا ہے بجائے خود شہادت نے مقام
ان کے اوصاف و محاسن ماورائے عقل و فہم — بادہ ہائے عشق و حکمت سے لبالب ان کے جام
مرحلے ان کے درخشاں، سلسلے ان کے عظیم — حوصلے ان کے مقدس، ولولے ان کے مدام
شام کی خنجر زنی سے خاکِ طیبہ مضمحل — دل گرفتہ حالِ اہلِ بیت سے بیت الحرام
پابجولاں جا رہے ہیں شہرِ استبداد کو — دودمانِ سیّد الکونین کے ماہِ تمام
جھک چکے ہیں ان کی چوکھٹ پر شہنشاہوں کے سر — دھول ان کے پاؤں کی، دنیا کا تزک و احتشام
حشر تک ظلم و شقاوت کی علامت ہوگیا — فاطمہ کے آنسوؤں سے کھیلنے والوں کا نام
ذات ان کی چہرۂ ایثار کا حسن و جمال — مرتبہ ان کا بہت بالا، نہیں جس میں کلام
ہم تو عاجز ہیں ہماری ہستیٔ ناچیز کیا — ان کو روز و شب پہنچتا ہے فرشتوں کا سلام

شورشؔ! ان کی ذات میں ہے پرتوِ میرِ امم
وہ ہیں سلطانوں کے سلطاں، ہم غلاموں کے غلام

Marfat.com

نورِ نورِ خدا امام حسین

زیبِ عرشِ فنا ، امام حسین
مہرِ اوجِ بقا ، امام حسین

شاہِ تفویض پیکرِ تسلیم
تاجدارِ وفا ، امام حسین

قاطعِ ظلمتِ چگون و چند
شمعِ بزمِ رضا ، امام حسین

حق نگر، حق پرست ، حق آموز
حق ادا ، حق نما ، امام حسین

شانِ شانِ خدا ، تعالی اللہ
نورِ نورِ خدا ، امام حسین

خیبر حرص و آز کا فاتح
شیرِ شیرِ خدا ، امام حسین

وارثِ عفت و ریاضِ بتول
خیرِ خیرِ النساء ، امام حسین

ناروائی تری یزید پلید
ہر عمل میں بجا ، امام حسین

سرورق نسخۂ شہادت کا
شاہِ گلگوں قبا ، امام حسین

سرِ تمکین و عظمتِ آدم
شرحِ قَالُوا بَلٰی ، امام حسین

شامِ تسکین بخش صدقِ و صفا
صبحِ ہمّت فزا ، امام حسین

رہ نوردانِ عشق و مستی کا
رہبر و رہنما ، امام حسین

مصلحت کیشیوں سے راہِ نجات
شوق کا آسرا ، امام حسین

فرش پر دھوم ، عرش پر چرچا
سُو بسُو ، جا بجا ، امام حسین

شاہبازِ فضائے اِلاَّ ھُو
عقل سے ماورا ، امام حسین

نقشِ لاثانی کی توجہ سے
وردِ آسیؔ ہے "یا امام حسین"

پروفیسر محمد حسین آسی

Marfat.com

سب اہلِ درد ، سبھی خاص و عام پیش کریں
حسین ابنِ علی کو سلام پیش کریں

ولائے سبطِ نبی ہے ہمارا آبِ حیات
ہم اپنے اشک حضورِ امام پیش کریں

سلام ان پہ جو ثابت قدم رہے حق پر
سپاس نامہ انہیں گام گام پیش کریں

بروزِ حشر ملائک سے آرزو کریں گے
وہاں بھی ہم کو بطورِ غلام پیش کریں

وہ ایک شام کہ جو کربلا میں اتری تھی
ہم اپنا پُرسہ اسے صبح و شام پیش کریں

مرا حسین ہے مجھ سے ، حسین سے میں ہوں
نبی کے لفظ عروجِ دوام ، پیش کریں

ثنائے ساقیٔ کوثر کریں علی یاسرؔ !
انہیں خراجِ عقیدت کے جام پیش کریں

Marfat.com

سبطِ رسول لختِ دلِ مرتضٰی سلام
اے نونہالِ گلشنِ خیرالنساء سلام

خود مٹ گیا، یزید کے آگے نہ جھک سکا
اے محرمِ حقیقتِ رازِ بقا سلام

تو امتحانِ کرب و بلا میں ہے کامیاب
تجھ پر ہزار عازمِ کرب و بلا سلام

تسلیم تھی حسین خدا کی رضا تجھے
اب بھیجتی ہے تجھ پہ خدا کی رضا سلام

ہر لحظہ آ رہا ہے فرشتوں کی معرفت
اللہ کے شہید پہ اللہ کا سلام

سر دے کے راہِ حق میں سرافراز تو ہوا
اے لائقِ سلام ، تجھے مل گیا سلام

تم نے کیا ہے پیشِ شہِ کربلا ادبؔ !
واللہ ! یہ خلوص و محبت بھرا سلام

ادب سیمابی

Marfat.com

سختیٔ حالات ہے ہم ہیں، فرازِ دار ہے
زندگی کو پھر شعورِ کربلا درکار ہے

چل رہا ہے مستقل اک تشنگی کا سلسلہ
کتنی صدیوں سے یہ دنیا برسرِ پیکار ہے

کربلا اک شام کا قصہ نہیں ہے دوستو
سلسلہ در سلسلہ ایثار ہی ایثار ہے

کھو گئیں صدیاں گزرتے وقت کی چادر تلے
کربلا کی ایک شامِ غم ابھی بیدار ہے

امتیازِ حق و باطل کا اگر ہو تذکرہ
سب مثالیں ہیں، حسین ابنِ علی معیار ہے

یہ علی اکبر کے سینے پر نہیں برچھی کا زخم
سینۂ انسانیت پر بزدلی کا وار ہے

عابدِ بیمار کے پیروں میں زنجیروں کا بوجھ
راستے کہنے لگے انسانیت بیمار ہے

معراج فیض آبادی

Marfat.com

سخی شبیر سبطِ مصطفیٰ تھا ابنِ حیدر تھا
وہ ہر نسبت میں اونچا تھا، وہ ہر جذبے میں برتر تھا

شجاعت اس کی باندی تھی، صداقت اس کی لونڈی تھی
سخی ابنِ سخی تھا عزم و ہمّت کا وہ پیکر تھا

وہ جھک سکتا تھا کیسے ظالموں کے ظلم کے آگے
پیا تھا شیر اس نے فاطمہ کا، خونِ حیدر تھا

گذرتی ہوگی کیا یارو ! دلِ شبیر پر اس دم
ہزاروں دشمنوں کے درمیاں جب ایک اکبر تھا

یہ منظر دیکھ کر معصومیت بھی چیختی ہوگی
کہ جب تیروں کے حلقے میں، حسیں حلقومِ اصغر تھا

فلک کی آنکھ بھی ہو گی بہاتی خون کے آنسو
کہ جب نوکِ سناں پر سیّدِ مظلوم کا سر تھا

جسے ہم یومِ عاشورہ کہیں، وہ دس محرم تو
نواسوں کے لئے حافظؔ ! یقیناً یومِ محشر تھا

حافظ محمد حسین

Marfat.com

سراپا شمعِ حقیقت حسین ابنِ علی

سراپا شمعِ حقیقت حسین ابنِ علی
ضیائے حسنِ طریقت حسین ابنِ علی

شہید راہِ محبت حسین ابنِ علی
فدائے حکمِ شریعت حسین ابنِ علی

تمہی کو راکبِ دوشِ رسول کہتے ہیں
ملی ہے وہ تمہیں عظمت حسین ابنِ علی

ازل سے تا بہ ابد بے مثال و بے ہمتا
جہاں میں تیری شہادت حسین ابنِ علی

نہ ڈگمگا سکی تیرے قدم دمِ پیکار
یزیدی فوج کی کثرت حسین ابنِ علی

وطن کو کر دیا قربان دین کی خاطر
اسیرِ عرصۂ غربت حسین ابنِ علی

نثار ہو گئیں جنت کی راحتیں جس پر
وہ پائی تو نے مصیبت حسین ابنِ علی

ہزار مشکلیں پیش آئیں تو نہ گھبرایا
صد آفریں تری ہمت حسین ابنِ علی

رہِ خدا میں بھرا گھر لٹا دیا تو نے
نہ کی یزید کی بیعت حسین ابنِ علی

گلے پہ خنجرِ براں مگر تو سر بسجود
ہے ختم تجھ پہ عبادت حسین ابنِ علی

ترا ظہور پھر اک بار ہو کہ ہے پھر اب
جہاں کو تیری ضرورت حسین ابنِ علی

بصد خلوص بصد عجز پیش کرتا ہے
ادبؔ سلامِ عقیدت حسین ابنِ علی!

Marfat.com

سربلندی کی روایت سر کٹانے سے چلی
نبضِ ایماں ، تیری نبضیں ڈوب جانے سے چلی

نذرِ دیں ، جاں ہی نہیں ، سب لختِ جاں بھی کر دیئے
رِیت یہ تجھ سے چلی ، تیرے گھرانے سے چلی

تو نے معنیٰ ہی بدل ڈالے شکست و فتح کے
رسمِ ہستی ، اپنی ہستی کو مٹانے سے چلی

گھر سے تجھ کو کربلا کی سمت جاتا دیکھ کر
اَبر اٹھا صحرا سے ، بجلی آشیانے سے چلی

آنے والا لمحہ لمحہ تیری بیعت کر چکا
بات تیری از سرِ نو ہر زمانے سے چلی

میں محمد کا غلام ، آلِ محمد کا غلام
اپنی ہر تصویر اسی آئینہ خانے سے چلی

Marfat.com

سر دے کے تو نے رکھ لیا دیں کا بھرم حسین
ہم عاصیوں پہ ہے ترا کتنا کرم حسین

ہوتا نہ کوئی درد کی لذّت سے آشنا
دیتے نہ گر جہان کو اصغر کا غم حسین

بوسہ گہِ رسول ہے تیری جبینِ پاک
سجدہ گہِ جہاں ترا نقشِ قدم حسین

تارا ترے نصیب کا ہوتا نہ کیوں بلند
نانا ترا ہے وارثِ لوح و قلم حسین

راہِ حیات ہو گئی ہے راہِ مستقیم
سب ختم تو نے کر دیئے ہیں پیچ و خم حسین

سایہ فگن ہے آج تک ہر اِک شہید پر
مثلِ ردائے مصطفیٰ تیرا علم حسین

نانا ہے تیرا مصطفیٰ ، بابا علی ترا
صائمؔ کرے گا شان تیری کیا رقم حسین

صائمؔ چشتی

Marfat.com

صدق وصفا کا دیپ جلایا حسین نے

سر کربلا میں اپنا کٹایا حسین نے
پیشِ یزید پر نہ جھکایا حسین نے

باطل کی پھیلتی ہوئی ظلمت کو دیکھ کر
صدق و صفا کا دیپ جلایا حسین نے

فتنے جو سر اٹھا کے بڑھے سوئے دینِ حق
مردانہ وار ان کو دبایا حسین نے

جو قصرِ دیں بنایا رسولِ کریم نے
خوں دے کے اس پہ نقش جمایا حسین نے

جس کو رسولِ حق نے لگایا تھا ہاتھ سے
پروان اس شجر کو چڑھایا حسین نے

ہاں! آندھیوں کی زد پہ رکھے گھر کے سب چراغ
پر شمعِ دینِ حق کو بچایا حسین نے

باطل کا کیسے ہوتا ہے ڈٹ کر مقابلہ
نقشہ بنا کے خوں سے دکھایا حسین نے

گرنے دیا زمیں پہ نہ اسلام کا علم
ہاتھوں میں اس ادا سے اٹھایا حسین نے

سیلِ بلا میں کشتیٔ دینِ مبیں تھی جب
ساحل پہ اس کو آ کے لگایا حسین نے

نہرِ فرات اس لئے روئے گی عمر بھر
اس بے وفا کو منہ نہ لگایا حسین نے

آدابِ صبر و شکر سکھانے کے واسطے
صبرِ جمیل کر کے دکھایا حسین نے

مرکب بنے رسولِ دو عالم حسین کے
کیا عز و جاہ و مرتبہ پایا حسین نے

خاتونِ خلد والدہ، خیبر شکن تھے باپ
کیا سلسلہ نسب، تھا پایا حسین نے

الیاس کا سفینہ بچا لے مرے خدا
جیسے کہ تیرے دیں کو بچایا حسین نے

جسٹس (ر) محمد الیاس

Marfat.com

سر کو شبیر نے کٹوایا عبادت کرتے
زیرِ خنجر رہے قرآں کی تلاوت کرتے

کر کے قربان متاعِ دل و جاں ابنِ علی
چل دیئے جور کو اور ظلم کو غارت کرتے

تھا عجب شاہ کا اندازِ شجاعت رن میں
دشمنِ جاں بھی رہے دیکھ کے حیرت کرتے

تشنہ لب رہ کے دیا تشنہ لبوں کو پانی
کربلا میں بھی رہے آپ سخاوت کرتے

میں محمد کا نواسا ہوں مجھے پہچانو
ہر قدم پر رہے شبیر ہدایت کرتے

عمر کٹ جائے مری ان کی ثنا خوانی میں
موت آ جائے مجھے شاہ کی مدحت کرتے

دشتِ کربل میں حسین ابنِ علی نے نیّر!
سر دیا دینِ محمد کی حفاظت کرتے

سید شریف الدین نیر

Marfat.com

سرمایۂ حیات ہے الفت حسین کی
تسکینِ جان و دل ہے محبت حسین کی

محروم ہے وہ دولتِ ایماں سے بالیقیں
رکھتا ہو دل میں جو بھی عداوت حسین کی

اہلِ نظر کے واسطے ہے دعوتِ عمل
کرب و بلا میں صبر و قناعت حسین کی

چلتی رہی ہیں ظلم و تعدی کی آندھیاں
لیکن بجھی نہ شمعِ صداقت حسین کی

تیغوں کے سائے میں بھی دیا ہے پیامِ دوست
اللہ رے استقامت و جرأت حسین کی

اے مدّعی ! زباں سے محبت کا دم نہ بھر !
جب ہو سکی نہ تجھ سے اطاعت حسین کی

مجھ کو ظہور ! اپنے مقدر پہ ناز ہے
دل میں ہے میرے موجزن الفت حسین کی

حافظ ظہور الحق ظہور

Marfat.com

سرِ نیزہ جو روشن ہوگیا ہے
رسولِ پاک کے گھر کا دیا ہے

اندھیری رات کی پوروں میں جگنو
بہ اندازِ شرر جل بجھ رہا ہے

بچھی تھی سیج تیروں کی اسی پر
شہِ معصوم پیاسا سو گیا ہے

ترے گھر میں جگہ کیا پائے دنیا
ترا خیمہ نہیں شہرِ وفا ہے

وفادارو ! یہاں چلتے ہیں آنسو
خریدارو ! یہ بازارِ رضا ہے

نجیبؔ ! اک شخص کی تشنہ لبی سے
ابھی تک نم ، ورق تاریخ کا ہے

نجیب احمد

Marfat.com

سلام اس پر کہ جو نیزوں کی جھنکاروں سے کھیلا تھا
سلام اس پر کہ جو تیروں کی بوچھاروں سے کھیلا تھا

ہزاروں اشقیا کی زد میں بے خوف و خطر آیا
سلام اس پر کہ جو دشمن کی یلغاروں سے کھیلا تھا

یہ جرأت کس کی ہے ٹکرائے جو تلوارِ حیدر سے
سلام اس پر کہ جو شمشیر کی دھاروں سے کھیلا تھا

کچل ڈالیں یزیدی فوج کی ناپاک تدبیریں
سلام اس پر کہ جو زر کے طرفداروں سے کھیلا تھا

کیا فاجر کا پردہ چاک جس نے نوکِ خنجر سے
سلام اس پر کہ جو کوفے کے سرداروں سے کھیلا تھا

کلیجہ منہ کو آ جاتا ہے جن کا تذکرہ سن کر
سلام اس پر کہ جو ظالم جفا کاروں سے کھیلا تھا

Marfat.com

سلام اس پر لقب جس نے شہیدِ کربلا پایا
سلام اس پر کہ جس نے راہِ حق میں سر کو کٹوایا

سلام اس پر کہ آلام و مصائب سے نہ منہ موڑا
سلام اس پر کہ جس نے صبر کا دامن نہیں چھوڑا

سلام اس پر کہ جس نے دشمنوں سے بھی محبت کی
سلام اس پر کہ جس نے انتہا کر دی شرافت کی

سلام اس پر کہ جس نے ہر قدم باطل کو ٹھکرایا
سلام اس پر کہ حق گوئی کا مطلب جس نے سمجھایا

سلام اس پر کہ جو فخرِ دو عالم کا نواسہ تھا
سلام اس پر کہ جو کوثر کا مالک ہو کے پیاسا تھا

سلام اس پر کہ جو شاہِ شہیداں شاہِ مرداں ہے
سلام اس پر کہ جو عینِ چراغِ راہِ عرفاں ہے

سلام اس پر کہ جو افسؔر! مرے دل کی تمنا ہے
سلام اس پر کہ جو افسر! مرا آقا و مولا ہے

Marfat.com

سلام ان پر ، شہیدِ کربلا کہتے ہیں سب جن کو
ضیائے قلب و عینِ مصطفیٰ کہتے ہیں سب جن کو

جنہوں نے جان دے کر ، کر دیا اسلام کو زندہ
ہے جن کی یاد سے اب تک ، خدا کا نام تابندہ

انہی کی ذاتِ والا باعثِ تکمیلِ ایماں ہے
لقب جن کا حسین ابنِ علی ، شاہِ شہیداں ہے

نہ کیوں ہر حامیٔ دینِ مبیں ، بھیجے سلام ان پر
فدا ہیں جان و دل سے ، جان و دل والے ، تمام ان پر

یہی وہ تھے جنہوں نے لاج رکھ لی اہلِ ایماں کی
بڑھا دی دہر میں توقیر ، ہر مردِ مسلماں کی

انہوں نے کر دیا ظاہر ، حقیقت کس کو کہتے ہیں
شہادت کا ہے کیا مطلب ، شہادت کس کو کہتے ہیں

کبھی روکے سے طوفانِ صداقت رک نہیں سکتا
کسی کا سر ، کسی انساں کے آگے جھک نہیں سکتا

شکیل بدایونی

Marfat.com

سلام ان کے نام پر، نبی کے نورِ عین ہیں
سلام ان کی ذات پر، نبی کے جو حسین ہیں

تڑپتی آس کو ملا، سکوں نبی کے لعل سے
نبی کے دیں کی زندگی، نبی کے دل کا چین ہیں

زمینِ شہرِ مصطفیٰ سے خاکِ کربلا تلک
رخِ جبیں زمین پر امامِ قبلتین ہیں

علی کے پیارے لاڈلے! سلام کربلا کرے
مرے حضور آپ تو، نصیبِ مشرقین ہیں

یہ لالی اس زمین کو، ملی ہے جن کے خون سے
سلام جانِ مصطفیٰ، جو جان و دل کے بین ہیں

مجیدؔ! اس دیار سے، دیارِ کربلا بھلا
ترے حضور کے وہاں پہ دل جگر کے چین ہیں

عبدالمجید چٹھہ

Marfat.com

سلام اے ساقیٔ مستاں ! سلام اے پیرِ میخانہ !
سلام اے مرشدِ پاکاں ! امامِ بزمِ رندانہ !

سلام اے شیخِ لاثانی ! سلام اے مرشدِ دوراں !
سلام اے کنزِ عرفانی ! سلام اے مصدرِ عرفاں !

سلام اے خسروِ خوباں ! سلام اے مجمعِ خوبی !
سلام اے تاجِ محبوباں ! سلام اے جانِ محبوبی!

سلام اے مرتضٰی صورت! سلام اے مصطفٰی سیرت!
سلام اے ہادیٔ دیں ! السّلام اے مہدی ملّت

سلام اے سروِ بستانے ! بہارِ ہر گلستانے!
سلام اے نورِ یزدانے ! سلام اے پنجتن شانے !

سلام اے چارۂ بیدمؔ ! علاجِ سوزِ پنہانی !
سلام اے مونسِ بیدم ! طبیب دردِ روحانی !

Marfat.com

سلام اے فاطمہ کے چاند ! جانِ فاتحِ خیبر !
سلام اے شاہِ کربل ! جرأتِ ایمان کے پیکر !

سلام اے جلوۂ نورِ ازل ! شانِ رسول اللہ !
سلام اے نقشۂ حسنِ علی ! جانِ رسول اللہ !

سلام اے سیّد و سردار جنت کے جوانوں کے !
سلام اے پاسباں دینِ متیں کے پاسبانوں کے !

سلام اے حجرۂ زہرا کی رونق ! نورِ ربانی !
شہیدانِ وفا پر ہے تری تا حشر سلطانی

سلام اے مالکِ کوثر ! سلام اے کربلا والے !
دعا دیتے رہیں گے حشر تک تجھ کو خدا والے

سلام اے قوتِ باطل شکن ! زورِ یداللّٰہی!
شہادت سے تمہاری ، زندگی نے زندگی چاہی

سلام اے ابنِ حیدر ! ہو نظر صائمؔ کی حالت پر
بھروسہ اس کو ہے ، تیری سخاوت ، تیری عادت پر

صائم چشتی

Marfat.com

سلطانِ دوجہاں کا تھا نورِ نظر حسین
مولائے کائنات کا لختِ جگر حسین

ٹوٹے پہاڑ رنج و الم کے ہزارہا
ہر گام پر تھا صابر و شاکر مگر حسین

قصرِ یزیدیت میں قیامت سی آگئی
سجاد کے خطاب کا تھا وہ اثر ، حسین

کھٹکا رہا نہ کوئی بھی ظلماتِ دہر کا
قوم و وطن کو دے گئے کیسی سحر ، حسین

ملتا کہیں نہ منبر و محراب کا نشاں
باطل کو پاش پاش نہ کرتے اگر ، حسین

ہو کر شہید ، دین کی عزت بچائے گا
آقا نے پیشتر ہی یہ دے دی خبر ، حسین

نانا ترا ہے بالیقیں مطلوبِ ذاتِ حق
محبوبِ مصطفیٰ ہے جو تیرا پدر حسین

مطلوب حسن مطلوب

Marfat.com

سلطانِ سلاطین ، حسین ابنِ علی ہے
وہ شیرِ جلی ، شیرِ جلی ، شیرِ جلی ہے

اسلام کے گلشن کی طرف دیکھنے والی
جو آئی بلا صدقۂ شبّیر ٹلی ہے

آقا کے نواسوں کا لہو پی کے جہاں میں
ایسی بھی کہیں اور کبھی شام ڈھلی ہے ؟

مرشد ہے حسین ابنِ علی جیسا ہمارا
نعرہ جو ہمارا ہے تو نعرۂ علی ہے

اِس طرف مدینہ ہے تو اُس سمت ہے کربل
جنت ہے مدینہ تو یہ جنت کی گلی ہے

اس گھر کی عطاؤں پہ کریں ناز نہ کیسے
خواجہ ہے کوئی اور کوئی غوثِ جلی ہے

ناصرؔ ! یہ غمِ آلِ محمد کا کرم ہے
آنکھوں سے ستاروں کی جو بارات چلی ہے

Marfat.com

سلطانِ کربلا کو ہمارا سلام ہو
جانانِ مصطفیٰ کو ہمارا سلام ہو

عباسِ نامدار ہیں زخموں سے چور چور
اس پیکرِ رضا کو ہمارا سلام ہو

اکبر سے نوجوان بھی رن میں ہوئے شہید
ہم شکلِ مصطفیٰ کو ہمارا سلام ہو

بھائی ، بھتیجے ، بھانجے ، سبھی ہو گئے نثار
ہر لعلِ بے بہا کو ہمارا سلام ہو

اصغر کی ننھی جان پہ لاکھوں درود ہوں
مظلوم و بے خطا کو ہمارا سلام ہو

ہو کر شہید قوم کی کشتی ترا گئے
امت کے ناخدا کو ہمارا سلام ہو

ناصرؔ ولائے شاہ میں کہتا ہے بار بار
مہمانِ کربلا کو ہمارا سلام ہو

سید ناصر حسین ناصر چشتی

Marfat.com

سوارِ دوشِ محمد کا رتبۂ عالی
حدیثِ عجز ہے میرا بیانِ اجمالی
کھلی ہے آج تخیّل کی بے پر و بالی
دکھائی دیتی ہیں لفظوں کی جھولیاں خالی
یہاں ضعیف ، ہر اظہار کا وسیلہ ہے
بس ایک دیدۂ خوں بار کا وسیلہ ہے

Marfat.com

مثیلِ شاہِ شہیدِ شہیر ناممکن
کوئی غریب ہو ایسا امیر ناممکن
حسین سا کوئی روشن ضمیر ناممکن
جہانِ عشق میں اس کی نظیر ناممکن

وہ جاں نثار عجب اک مثال چھوڑ گیا
کہ اس کا صبر ، ستم کا غرور توڑ گیا

چھپی ہے اس کے تدبر میں معرفت کیسی
کہ مصلحت کی جنوں سے مناسبت کیسی
ہوس کے ساتھ وفا کی مفاہمت کیسی
ستمگروں کے ستم سے مصالحت کیسی

اسی کی دین ہے یہ سوچ کا قرینہ بھی
کہ ایک جرم ہے ظالم کے ساتھ جینا بھی

مثالِ مہرِ جہاں تاب ضوفشاں ہے حسین
ہمہ خلوص ہے ایثارِ بے کراں ہے حسین
حیات راز ہے اور اس کا رازداں ہے حسین
ریاضِ دہر میں خوشبوئے جاوداں ہے حسین

وہ ظالموں کو ہمیشہ کا انتباہ بھی ہے
وہ اپنی ذات میں تفسیرِ لَآاِلٰہ بھی ہے

انور مسعود

Marfat.com

سوچ کے پہلو میں دشتِ کربلا جب آ گیا
جاں لرز اٹھّی مری اور دل مرا تھرّا گیا

تا ابد روشن رہے گا وقت کے اوراق پر
حق کی خاطر خون سے جو فیصلہ لکھا گیا

آج تک تابندہ و رخشندہ ہے نامِ حسینؑ
روشنی کا راستہ بھی کیا کبھی روکا گیا؟

مل گیا ہے جس کو عرفانِ حسین ابنِ علی
وہ بشر صبر و قناعت کی حقیقت پا گیا

تشنگی اور حرمتِ شامِ غریباں ہے عجب
آنسوؤں کا ابر ارضِ شام تک پیاسا گیا

کچھ بتا اب تو ہی ہم کو ، آسمانِ کج ادا
گلستانِ فاطمہ کو کس لیے روندا گیا

آج تک فطرت کا چہرہ ، جگمگاتا ہے شفیقؔ !
آندھیوں کے سامنے ، ایسا دیا رکھا گیا

شفیق آصف

Marfat.com

سوزِ الفت بھی ہے اشکوں کی فراوانی بھی
یہ وہ مجلس ہے جہاں آگ بھی ہے، پانی بھی

شہ کو منظور نہیں ، خُلد کا احساں ورنہ
جو طبق لایا تھا ، لا سکتا ہے وہ پانی بھی

یہ تو عباس کا مرکب تھا جو پیاسا پلٹا
ورنہ بدلی ہے کہیں فطرتِ حیوانی بھی

سینۂ گنجِ شہیداں سے وہ آہیں نکلیں
درد میں ڈوب گیا ، رنگِ غزل خوانی بھی

قتل تو ہو گئے لیکن یہ سمجھتے تھے حسین
آنکھ کھولے گی کبھی فطرتِ انسانی بھی

کربلا سے یہ ملا ، سارے زمانے کو سبق
عزم بڑھتا ہے تو بڑھتی ہے پریشانی بھی

لوگ کم فہم ہیں اصغر! تجھے کیا سمجھیں گے
تیری ہمت پہ تو حیران ہے قربانی بھی

سید وحید الحسن ہاشمی

Marfat.com

سیّد نے کربلا میں وعدے نبھا دیئے ہیں
دینِ محمدی کے گلشن کھلا دیئے ہیں

دینِ نبی پہ واری اکبر نے بھی جوانی
عباس نے بھی اپنے بازو کٹا دیئے ہیں

تنویر حیدری نے دے دے لہو کے قطرے
کرب و بلا کے ذرے تارے بنا دیئے ہیں

زینب کے باغ کے بھی دو پھول تھے مہکتے
زینب نے وہ بھی دونوں راہِ خدا دیئے ہیں

بولے حسین ، مولا ! تیری رضا کی خاطر
اک ایک کر کے میں نے ہیرے لٹا دیئے ہیں

زہراء کے ناز پالے ، پھولوں پہ سونے والے
کربل کی خاک میں وہ ہیرے رُلا دیئے ہیں

بخشش ہے اس کی لازم ، سیّد کے غم میں حافظ !
دو چار آنسو رو کر جس نے بہا دیئے ہیں

حافظ محمد حسین

Marfat.com

سینکڑوں سال ہوئے جب نہ ملا تھا پانی
آج تک ہے لبِ شبیر کا پیاسا پانی

کربلا سامنے آتی جو وہ لاشے لے کر
آنکھ تو آنکھ ہے، پتھر سے بھی رستا پانی

کیسی بستی میں محمد کا مسافر ٹھہرا
دھوپ خیمہ تھی، دری ریت، نظارا پانی

تشنگی اس کی سمندر کو بلا سکتی تھی
کاٹ سکتا تھا وہ تلوار سے چلتا پانی

کس کے سر فتح کا تاریخ نے سہرا باندھا
سرخرو کون ہے دونوں میں، لہو یا پانی ؟

جب بھی ذکرِ شہدا، دل نے مظفرؔ چھیڑا
آنکھ اک زخم بنی، آنکھ سے ٹپکا پانی

Marfat.com

سینے میں عشق رکھو خدارا حسین کا
کافی ہے زندگی میں سہارا حسین کا

جو لمحہ بھی گزارا ، گزارا حسین کا
چھوڑوں گا میں کبھی نہ دوارا حسین کا

اللہ کو پسند ہے نسبت حسین کی
اللہ کو عزیز ہے پیارا حسین کا

نقشِ قدم پہ اس کے کٹاتے گئے ہیں سر
اہلِ وفا نے صدقہ اتارا حسین کا

اہلِ جہاں نے دیکھ لیا حق کا معجزہ
بنتا گیا ہے نفع ، خسارا حسین کا

اولاد و آل وار دوں میں اس کے نام پر
اے سعدؔ ! کربلا ہے اشارا حسین کا

Marfat.com

شاہ نے مسکن بنایا کربلا کی خاک پر
حقؑ نے باطل کو مٹایا کربلا کی خاک پر

سرخرو عابد کا ہونا سامنے معبود کے
ہے ترے حصے میں آیا کربلا کی خاک پر

ایسا سجدہ جس کو سجدہ حشر تک سجدہ کرے
کیسا سجدہ کر دکھایا کربلا کی خاک پر

تھی شہادت کی عروسہ منتظر اس وقت جب
سہرا قاسم نے سجایا کربلا کی خاک پر

دینِ احمد کو بچانے کے لئے شبیر نے
کیسے اپنا سر کٹایا کربلا کی خاک پر

بیبیوں کی پردہ داری کا نہ رکھا کچھ خیال
سارے خیموں کو جلایا کربلا کی خاک پر

حیدرِ کرّار کے تازہ تبسّم خون نے
خُلد کا منظر بنایا کربلا کی خاک پر

عبدالخالق تبسم قادری

Marfat.com

شبِ اسرا ادھر رحمت کے بادل چھائے جاتے ہیں
رخِ پر نور سے گیسو ادھر سرکائے جاتے ہیں

جمالِ قاسم و اکبر کے جلوے ہیں جو ضو افشاں
فضائے نور میں شمس و قمر شرمائے جاتے ہیں

علمبردار ہیں عباس ، کیا شانِ جلالت ہے
کلیجے خوف سے اشرار کے تھرّائے جاتے ہیں

ہے وقتِ جنگ بھی تبلیغ ہر ہر گام پر جاری
رموزِ معرفت حضرت عیاں فرمائے جاتے ہیں

رہِ عشقِ الٰہی میں یہ جذبہ ہے شہادت کا
جوانانِ حرم میداں میں سر کٹوائے جاتے ہیں

نشاطِ روح کا ساماں ہے حُبِّ پنجتن ہاشمؔ !
ترانے عشقِ سبطینِ نبی کے گائے جاتے ہیں

ہاشم ضیائی

Marfat.com

شبیر پہ جو آنکھ کبھی تر نہیں ہوتی
وہ قابلِ دیدارِ پیمبر نہیں ہوتی

منظور جسے خاطرِ حیدر نہیں ہوتی
اس پر نگہِ ساقیٔ کوثر نہیں ہوتی

نیزے پہ ہے سر آج حسین ابنِ علی کا
سر دے کے بھی اولادِ علی سر نہیں ہوتی

محرومِ خور و نوش نبی کا ہے گھرانہ
اللہ کی زمیں تنگ کسی پر نہیں ہوتی

خیمے بھی جلائے گئے اولادِ نبی کے
یوں آل کسی شخص کی بے گھر نہیں ہوتی

محرومِ نظر آنکھ وہی آنکھ ہے اقدس !
جو شمعِ مودّت سے منوّر نہیں ہوتی

حافظ سید ظہور علی شاہ

Marfat.com

شبیرِ نامدار پہ لاکھوں سلام ہوں
شایانِ ذوالفقار پہ لاکھوں سلام ہوں

جس دوش پر نجاتِ دوعالم کا بار ہے
اس دوش کے سوار پہ لاکھوں سلام ہوں

گلہائے دیں کو رنگ ملا جس کے خون سے
اس نازشِ بہار پہ لاکھوں سلام ہوں

شامل رہا جو سبطِ پیمبر کی فوج میں
ہر اس وفا شعار پہ لاکھوں سلام ہوں

بیمار پر سلام ، علمدار پر سلام
ہر ایک جاں نثار پہ لاکھوں سلام ہوں

پیوست جس کے حلق میں تیرِ عدو ہوا
اس طفلِ شیر خوار پہ لاکھوں سلام ہوں

تائبؔ! غمِ شہید رہے جس میں ہر گھڑی
اس قلبِ سوگوار پہ لاکھوں سلام ہوں

Marfat.com

شرف کے شہر میں ہر بام و در حسین کا ہے
زمانے بھر کے گھرانوں میں گھر حسین کا ہے

فراتِ وقتِ رواں ! دیکھ ، سوئے مقتل دیکھ
جو سر بلند ہے اب بھی ، وہ سر حسین کا ہے

زمین کھا گئی کیا کیا بلند و بالا درخت
ہرا بھرا ہے جو اب بھی ، شجر حسین کا ہے

سوالِ بیعتِ شمشیر پر جواز بہت
مگر جواب وہی معتبر حسین کا ہے

کہاں کی جنگ کہاں جا کے سر ہوئی ہے کہ اب
تمام عالمِ خیر و خبر ، حسین کا ہے

محبّتوں کے حوالوں میں ذکر آنے لگا
یہ فضل بھی تو مرے حال پر حسین کا ہے

حضورِ شافعِ محشر ، علی کہیں کہ یہ شخص
گناہ گار بہت ہے ، مگر حسین کا ہے

افتخار عارف

Marfat.com

شرف ہو عشق کو جس سے وہ ہے مقامِ حسین
فلک کو ناز ہو جس پر وہ اوجِ بامِ حسین

بدن فگار ، دہن خشک ، سر تہِ ۔ر
نمازِ شوق نے دیکھا یہ اہتمامِ حسین

دبے نہ قوّتِ باطل سے بندۂ مومن
نہاں ہے خونِ شہادت میں یہ پیامِ حسین

نظیر آپ ہے اپنی زمین مقتل پر
ستیزہ کارئ شمشیرِ بے نیامِ حسین

قبول ہوتی ہے لب کی خفیف جنبش بھی
مقامِ عشق پہ ہوتا ہے جب قیامِ حسین

جہاں میں فکر و غمِ بیش و کم نہیں مجھ کو
حسین ہیں مرے آقا ، میں ہوں غلامِ حسین

وِلائے احمدِ مختار و حُبِّ آلِ عبا
طلب خدا سے کر ترمذی بنامِ حسین

سید بشیر محمد ترمذی

Marfat.com

شمعِ حریمِ حرم! کون؟ ہمارا حسین

شمعِ حریمِ حرم ! کون ؟ ہمارا حسین
عظمتِ لوح و قلم ! کون ؟ ہمارا حسین

شارحِ سرِّ یقین ، حافظِ شرعِ متیں
دینِ مبیں کا بھرم ! کون ؟ ہمارا حسین

نورِ نگاہِ نبی ، پورِ بتول و علی
منبعِ علم و کرم ! کون ؟ ہمارا حسین

راحتِ جانِ نبی ، محرمِ شانِ نبی
مظہرِ فیضِ اتم ! کون ؟ ہمارا حسین

نائبِ ختمِ رسل ، وارثِ مولائے کل
مالکِ عرب و عجم ! کون ؟ ہمارا حسین

اہلِ حرم کا امام ، غیرتِ دیں کا پیام
صبر کی تیغ دودم ! کون ؟ ہمارا حسین

چشمۂ صدق و یقیں ، مطلعِ نورِ مبیں
مالکِ باغِ ارم ! کون ؟ ہمارا حسین

ہادیٔ مہر و وفا ، پیکرِ صبر و رضا
قاطعِ ظلم و ستم ! کون ؟ ہمارا حسین

واہ رے وہ راج باج ، ملکِ شہادت کا تاج
خواجۂ دارا و جم ! کون ؟ ہمارا حسین

چھا گیا میدان پر ، دشت و بیابان پر
صبر کا لے کر علم ! کون ؟ ہمارا حسین

بندۂ حق آشنا ، خواجۂ اہلِ رضا
ایسا خدا کی قسم ! کون ؟ ہمارا حسین

یاس کی ظلمات میں ، غم کی سیہ رات میں
کہتا ہے دیدۂ نم ! کون ؟ ہمارا حسین

شیخ کی سرکار سے ، آسی نہ خالی پھرے
رکھے ہمارا بھرم ! کون ؟ ہمارا حسین

پروفیسر محمد حسین آسی

Marfat.com

عرض چہار دربارگاہِ امامِ عالی مقام

شہا ! ہمیشہ ترے بندگانِ عالی کے
جناب میں یہی سودا رکھے ہے عرضِ چہار

چہار عرض سے اب عرضِ اوّلیں ہے یہ
کہ ہند بیچ پریشاں نہ ہو یہ مشتِ غبار

صفِ نعال میں اپنے بلا کے دے جاگہ
کہ نورِ مغفرت اس کے لئے ہو شمعِ مزار

سوائے خاکِ در اپنے سے، اس کو یا مولا !
دویم ہے یہ، تو کسی در سے اب نہ دے سروکار

سویم اگرچہ سراپا ہے جوہرِ ذاتی
ولے ہمیشہ تہی دست ہے یہ رنگِ چنار

چہارم ایں کہ ہمہ دوستاں بہ ہر دو جہاں
قبول ہوویں بہ حق آئمہؑ اطہار

رہے فلک پہ مہ و مہر جب تلک قائم
ہمیشہ دیکھے اسی طرح چشمِ لیل و نہار

موالیوں کے قدم سے لگا رہے اقبال
جدا نہ ہو سرِ اعداء سے چنگلِ ادبار

مرزا محمد رفیع سودا

Marfat.com

شہیدِ کرب و بلا ! کیا مقام تیرا ہے
ہجومِ غم میں بھی دل شاد کام تیرا ہے

ترے نقوشِ قدم مشعلِ ہدایت ہیں
حیات جس پہ ہے نازاں وہ کام تیرا ہے

خوشا کہ میرے لبوں پر ہے گفتگو تیری
زہے نصیب کہ دل میں مقام تیرا ہے

انیسِ خاطرِ ناشاد یاد ہے تیری
تسلیٔ دلِ رنجور ، نام تیرا ہے

صداقتوں کے امیں جاں نثار ہیں تیرے
زعیمِ وقت ہر اک تشنہ کام تیرا ہے

خدا گواہ کہ ہستی ہے لازوال تری
تری قسم کہ مسلّم دوام تیرا ہے

خرد کو بادۂ الہام کی ضرورت ہے
جہاں کو پھر ترے پیغام کی ضرورت ہے

حافظ محمد مظہر الدین

Marfat.com

شہید مر نہیں سکتا ، حسین زندہ ہے
نبی کی آل کا دولہا حسین زندہ ہے

یزید دفن ہے تابوتِ ظلم میں اب بھی
وفا کے باب میں میرا حسین زندہ ہے

شہید زندہ ہے لیکن ہمیں شعور نہیں
یہ مرتے مرتے بھی کہنا حسین زندہ ہے

حسین تیرے لہو سے کھلا ہے گلشنِ دیں
ہمارا دین ہے زندہ ، حسین زندہ ہے

انہیں تو رزق دیا جاتا ہے سنو لوگو!
سدا گمان یہ رکھنا ، حسین زندہ ہے

کہو وہ مردہ ہے ، ان کو جو مردہ کہتا ہے
حسین زندہ ہے ، زندہ ، حسین زندہ ہے

اتر رہے ہیں زیارت کے واسطے قدسی
لحد میں آج بھی میرا حسین زندہ ہے

وہ کربلا میں اجاگر ! شہادتِ شبیر
لہو کے چھینٹے ہیں تازہ ، حسین زندہ ہے

نثار علی اجاگر

Marfat.com

صبا کا سینہ بنے سفینہ ، ذرا طبیعت رواں دواں ہو
ہوا میں خوشبو کے دائرے ہوں، خلا میں کرنوں کا سائباں ہو

زمیں زمرّد اگل رہی ہو ، گلاب و گلنار آسماں ہو
ہر ایک کونپل کنول اچھالے ،کلی کلی شُنجِ کن فکاں ہو

چمن کے سینے پہ فصلِ گل کا نشاں باندازِ کہکشاں ہو
جبینِ کونین ، پنجتن کے کرم سے فردوسِ اِنس و جاں ہو

سبھی سمندر ہوں میرے بس میں ، شجر شجر میرا راز داں ہو
درود کی انجمن سجاؤں ، دہن میں جبریل کی زباں ہو

خیال ہو سلسبیل جیسا ، جلو میں لفظوں کا کارواں ہو
چمن سجاؤں میں ھَلْ اَتٰی کا ، محبتوں سے بھرا جہاں ہو

کہیں قبیلہ ہو اولیا کا ، کہیں پہ بہلول کی دکاں ہو
بچھا کے مسند بشارتوں کی ، دلوں پہ ادراک مہرباں ہو

میں اپنی سوچوں کو، آبِ کوثر میں، غسل دے دوں تو امتحاں ہو
پڑھوں میں تسبیحِ فاطمہ جب ، تو کعبۂ فکر میں اذاں ہو

اگر یہ سب کچھ ملے تو مدحِ شہنشہِ مشرقین لکھوں
حیا کی تختی پہ اپنی پلکوں سے ، پھر میں لفظِ حسین لکھوں

محسن نقوی

Marfat.com

صبحِ ازل سے کربلا نازشِ دوجہاں کہو
قامتِ جاوداں کہو حاصلِ کن فکاں کہو

گزرے ہوں جس پہ ہمنوا ، راہروانِ باوفا
ایسے غبارِ راہ کو سرمۂ کہکشاں کہو

یہ نہ کہو ٹھہر گیا دورِ شہیدِ نامور
راہِ حیات میں سدا ، اس کو رواں دواں کہو

آنکھیں بشر کی ایک دن کھل کے رہیں گی دیکھنا
موجِ فرات کو ابھی ، دونوں کے درمیاں کہو

رونقِ محفل رضا اصغرِ شیر خوار اور
قاسمِ جانفشاں کہو اکبرِ نوجواں کہو

ہمدمِ سرفروش بھی بسکہ جگر گداز ہے
ایسے جگر گداز کو شاملِ داستاں کہو

نور محمد ہمدم

Marfat.com

خونِ شبیری نے بخشی زندگی کو طرحِ نو

صبحِ طیبہ سر بسر تنویرِ ایوانِ حسین
شامِ دشتِ کربلا شمعِ شبستانِ حسین

خونِ شبیری نے بخشی زندگی کو طرحِ نو
جاری و ساری رگ و پے میں ہے فیضانِ حسین

کچھ فرشتوں کا تبسّم ، کچھ شہیدوں کا لہو
عرش سے نازل ہوا یہ ساز و سامانِ حسین

شہسوارِ دوشِ عظمت جانِ آغوشِ بتول
رونما گنجِ شہیداں زیرِ دامانِ حسین

عارفِ حق جس نے سمجھے معنیٔ حرفِ جہاد
شرحِ آیاتِ حقیقت نورِ عرفانِ حسین

اس طرف جور و ستم تیغ و سناں تیر و تفنگ
صابر و شاکر ادھر تھے سینہ چاکانِ حسین

چھد گیا سینہ ، کٹے بازو بہ پاسِ دینِ حق
نظمِ ہستی کے لئے زینت ہے عنوانِ حسین

اس طرف پانی پہ ہے قبضہ بہ پندارِ شہی
اس طرف کوثر بداماں تشنہ کامانِ حسین

چند کلیاں ، چند غنچے ، کچھ شگوفے اور پھول
یہ تھے بستانِ نبی میں گل عذارانِ حسین

حشر در آغوش اب تک کربلا کا ریگ زار
اور خیاباں آفریں خاکِ گلستانِ حسین

حُبِّ اہلِ بیت سے معمور ہیں جن کے قلوب
وہ محبّانِ نبی ہیں ، وہ محبّانِ حسین

لٹ گیا ہے دودمانِ ہاشمی کا قافلہ
ساکنانِ عرش بھی ہیں مرثیہ خوانِ حسین

پھر جہاں کا گوشہ گوشہ کربلا انداز ہے
پھر دلِ کونین میں ہے شوقِ دامانِ حسین

سایۂ شمشیر میں ہو سجدۂ الفت ادا
اس طرح ہو سکتی ہے پیمانِ ایمانِ حسین

حکیم عبدالکریم ثمر

Marfat.com

صبر و استقلال کی روشن سحر ہے کربلا
زندگی قربان تیرے نام پر ہے کربلا

رہتی دنیا تک رہیں گے جاں نثارانِ حسین
اس حقیقت سے بھلا کس کو مفر ہے کربلا

اس لئے دنیا میں ہے دینِ محمد سرخرو
خون سے رنگیں تری شام و سحر ہے کربلا

آج بھی حق کا علم اونچا ہے آب و تاب سے
آج بھی ایثار کی پیغامبر ہے کربلا

آج پھر اس سرزمیں پر وحشتوں کا راج ہے
آج پھر مسلم کے خوں میں تر بتر ہے کربلا

صغریٰ صدف

Marfat.com

صبر و رضا سراپا دمِ امتحاں حسین
خالق کا شکر کرتے رہے بے اماں حسین

پابند تھے تقاضۂ عزم و یقین کے
ہر گام اہلِ حق کے رہے درمیاں حسین

اک حرف بھی نہ آیا زباں پہ اماں طلب
مصروفِ شرحِ دیں تھے فصاحت بیاں حسین

خونِ حسین سے ہوئی تزئینِ کربلا
قربان گاہِ عشق کی ہیں داستاں حسین

بے خوف کس طرح وہ رہے تا دمِ اخیر
نرغے میں دشمنوں کے نہ تھے سرگراں حسین

اللہ پر یقینِ مصمم تھا جاں گزیں
تصویرِ حسن طاعت و ایثارِ جاں حسین

ان کا جمالِ ظاہر و باطن عیاں ہوا
جب دشمنانِ جاں پہ ہوئے مہرباں حسین

جمال احمد جمال

Marfat.com

صد بار اس کی سیرت و گفتار پر سلام
بنتِ نبی کے لختِ جگردار پر سلام

جن کو وفورِ لطف سے چوما رسول نے
ایسے لبوں کے جوہرِ گلکار پر سلام

حق پر وہ جس نے اپنا گھرانہ لٹا دیا
امت کے ایسے قافلہ سالار پر سلام

اہلِ یقیں کو دے گیا مہر و وفا کا درس
آلِ نبی کے سیّد و سردار پر سلام

تعداد میں تو چند تھے پر سر بلند تھے
کربل کے ایک ایک فداکار پر سلام

دربارِ ظلم زاد میں ثابت قدم رہے
زینب پہ اور عابدِ بیمار پر سلام

ملّت کے غم میں راہِ شہادت پسند کی
صغریٰ صدفؔ! حسین سے غم خوار پر سلام

ڈاکٹر صغریٰ صدف

Marfat.com

ظلمتوں پر لپک پڑا تنہا
وہ بہتّر کا قافلہ تنہا

میرے نانا کی آل قتل ہوئی
ایک بیمار تھا پڑا تنہا

جسم تھے سب فگار روندے ہوئے
سر تلاوت کناں رہا تنہا

روحِ سجاد ! المدد کہ میں آج
تیرِ اعدا میں ہوں گھرا تنہا

چاہتے ہیں یہ مجھ سے پھر بیعت
ہے یزیدوں کا سامنا تنہا

جن و انساں کا تا بہ شام ابد
تو ہی ہے درد آشنا تنہا

سب زمانوں کے غم بھی کیا غم ہیں
غم تو تیرا ہے کربلا تنہا

سید منظور الکونین

Marfat.com

عاشقانِ خالقِ اکبر کا ہے افسر حسین
سرورِ کون و مکاں کی آل کا سرور حسین

رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْن کی رحمتِ بندہ نواز
اور ہیں خیرالنسا کی خیر کا پیکر حسین

میں نے دیکھا ہے کہ جب بے چارگی حد سے بڑھی
بن گئے ہیں ملّتِ بیضا کے چارہ گر حسین

شمر یا ابنِ زیاد اس کو مٹا سکتا نہیں
ہاں لکھا ہے لوحِ ہستی پر بقلمِ زر حسین

بیٹھتا ہے تخت پر جب بھی کبھی کوئی یزید
اہلِ دل محسوس کرتے ہیں کہ ہے سر پر حسین

پہنچا جس منزل پہ اس کو عرش کرتا ہے سلام
راہِ مولیٰ میں کٹا کر سر، لٹا کر گھر، حسین

تھام کر اب نقشِ لاثانی کا دامانِ حسین
ہے تصوّر میں یہ آسی بھی ترے در پر حسین

پروفیسر محمد حسین آسی

Marfat.com

عاشور کی ہے شب ، شبِ غربت حسین کی
ہے کتنی دل گداز حکایت حسین کی

ہے دشمنانِ دیں کو شقاوت حسین سے
ایمان کی ہے جان محبت حسین کی

پڑھتے ہیں وہ نماز تہِ خنجرِ جفا
ضرب المثل ہوئی ہے عبادت حسین کی

ہر وار میں تھا ضربتِ حیدر کا سا سماں
صد مرحبا شجاعت و ہمت حسین کی

محمود کے مقام پہ ہوں گے نبی کے ساتھ
معلوم ہو گی حشر میں وقعت حسین کی

اہل دُوَل عدو ہیں اگر تو ہوا کریں
مجھ کو تو بس ہے چشمِ عنایت حسین کی

محمود ! مجھ کو نارِ جہنم سے کیا خطر
میں خادمِ حسین ، تو جنت حسین کی

راجہ رشید محمود میانوی

Marfat.com

عزم و استقلال کا پیکر حسین ابنِ علی
نظم و ضبط و شکر کا خوگر حسین ابنِ علی

حق پرستوں کی نرالی فوج کا بطلِ جلیل
کاروانِ عشق کا رہبر حسین ابنِ علی

گل بدن، گل پیرہن، گل رو، گل افشاں، گل بدوش
وہ بہارِ باغِ پیغمبر حسین ابنِ علی

حدِ فاصل بن گیا جو خیر و شر کے درمیاں
خوں میں ڈوبا وہ مہِ انور حسین ابنِ علی

آبروئے عاشقاں تائبؔ ! شہیدِ کربلا
افتخارِ فاتحِ خیبر حسین ابنِ علی

Marfat.com

عظمتِ کردار سے تشریحِ قرآں ہیں حسین
جن پہ ہے انسانیت نازاں وہ انساں ہیں حسین

کیوں نہ پہنچے وہ سفینہ ساحلِ مقصود پر
جس کا رکھوالا خدا ہے اور نگہباں ہیں حسین

جس کا ہر پودا ہے اپنے ہی لہو سے لالہ رنگ
آدمیت کی زمیں پر وہ گلستاں ہیں حسین

جس سے زائل ہوگئی ہر ظلمتِ فکر و نظر
محفلِ عالم میں وہ شمعِ فروزاں ہیں حسین

جس پہ ہے دینِ مبیں کا قصرِ محکم استوار
وہ اساسِ پائیدارِ صدق و ایماں ہیں حسین

پیکرِ عزم و شجاعت ، جانِ اخلاص عمل
جذبۂ تسلیم میں سب سے نمایاں ہیں حسین

زندہ ہے ان کا عمل ، پائندہ ہے ان کا پیام
مطلعِ ہستی پہ خورشیدِ درخشاں ہیں حسین

خادم کیتھلی

Marfat.com

عظمتوں کی دھرتی پر بے نشان پانی کی
آؤ میں سناتا ہوں داستان پانی کی

چار سو مسلّط ہے خوفناک سناٹا
اک صدا ابھرتی ہے الامان پانی کی

کربلا کے منظر پر، اضطراب موجوں میں
یوں لبوں پہ اٹکی ہے، جیسے جان پانی کی

اب عباس آتے ہیں، کب عباس آتے ہیں
آس میں ابھی تک ہیں، تشنگان پانی کی

خون سے بجھا لی ہے، پیاس ننھے اصغر نے
اس کی شان کے آگے، کیا ہے شان پانی کی

بے بسی پہ زینب کی، ہے فرات شرمندہ
آنکھ میں بھی آنسو ہیں، مہربان پانی کی

اقبال ندیم

Marfat.com

عکسِ جمالِ یار ہے صورت حسین کی
سدرہ سے پوچھو مسندِ رفعت حسین کی

لختِ جگر نثار کیا نورِ عین پر
آقا ہی جانتے تھے حقیقت حسین کی

نانا نبی ہے ، بابا علی ، ماں ہے فاطمہ
اس سے زیادہ کیا ہو فضیلت حسین کی

ہر دور کے یزید کا واحد یہی علاج
کی جائے عام ہر جگہ سیرت حسین کی

جلتا رہے گا نارِ جہنم میں تا ابد
جس کے بھی دل میں ہوگی عداوت حسین کی

نیزے پہ سر بلند ہے اس بات کا ثبوت
اس حال میں بھی جیت ہے حضرت حسین کی

ابنِ علی کی یاد سے قائم ہے یہ حیات
راشدؔ ! قرارِ جان ہے مدحت حسین کی

راشد رؤف عطاری

Marfat.com

عکسِ نبی ہے صورت و سیرت حسین کی
اس سے زیادہ کیا ہو فضیلت حسین کی

ہے انتہائے ظلم و ستم پر بھی شکرِ حق
حیران کن ہے صبر کی طاقت حسین کی

اس شان سے کوئی سرِ مقتل نہیں گیا
بے مثل ہے جہاں میں شہادت حسین کی

ہر دور کے یزید سے بے خوف کر دیا
ممنون ہے حضور کی امت حسین کی

ہے احترامِ آلِ نبی دین کی اساس
ایمان کا ہے جزو محبت حسین کی

امت کے اتحاد کا اک معتبر نشان
والا صفات ذات ہے حضرت حسین کی

طارقؔ! نہیں یہ دور بھی کچھ کربلا سے کم
ہر روز بڑھ رہی ہے ضرورت حسین کی

طارق سلطان پوری

Marfat.com

علی کا لعل زہرا کا پسر کربل کو جاتا ہے
مدینہ شاہِ دیں کا چھوڑ کر کربل کو جاتا ہے

فرشتے آسماں سے الوداع کہنے کو آئے ہیں
کوئی سلطان ، کوئی تاجور کربل کو جاتا ہے

چلیں حوریں نچھاور اس پہ کرنے پھول جنت کے
خدا کے نور کا لختِ جگر کربل کو جاتا ہے

سجا کر تحفۂ جاں کشتیٔ شوقِ شہادت میں
لٹانے آج دیں پر گھر کا گھر کربل کو جاتا ہے

سوارِ دوشِ پیغمبر ، نشانِ قوّتِ حیدر
متاعِ دین و ملّت بے خطر کربل کو جاتا ہے

غریب و سادہ و رنگیں کہانی ہے امامت کی
کوئی بے ساز و سامانِ سفر کربل کو جاتا ہے

شہیدِ حسنِ ذاتِ سرمدی شبیر ہے صابرؔ !
جو بزمِ حسن میں خم کر کے سر، کربل کو جاتا ہے

سید محمد صابر حسین چشتی صابری

Marfat.com

علی کے عشق کا بیمار بیمارِ محمد ہے
علی کا چاہنے والا طلب گارِ محمد ہے
علی کی گفتگو واللہ ! گفتارِ محمد ہے
علی المرتضٰی کی دید دیدارِ محمد ہے

زمانہ جانتا ہے آپ نے کیا کیا نہیں پایا
کسی نے بھی نہیں پایا، جو پایا آپ نے پایا
حسین ابنِ علی کے سر پہ ہے اللہ کا سایا
گدائے کوچۂ شبیر دلدارِ محمد ہے

سخی ایسے کہ جن پر خود سخاوت ناز کرتی ہے
امام ایسے کہ جن پر خود امامت ناز کرتی ہے
شہید ایسے کہ جن پر خود شہادت ناز کرتی ہے
جو سچ پوچھو تو یہ دربار ، دربارِ محمد ہے

مٹے ایسے کہ مٹ کر پھر شجاعت زندہ کر ڈالی
حمیّت زندہ کر ڈالی ، صداقت زندہ کر ڈالی
رسولِ پاک کی اعظم ! شریعت زندہ کر ڈالی
اسے کہتے ہیں عاشق یہ وفادارِ محمد ہے

Marfat.com

حاملِ خلقِ محمد ہے شرافت تیری

غازۂ روئے صداقت ہے شہادت تیری — مایۂ خونِ پیمبر ہے شجاعت تیری
حاملِ خلقِ محمد ہے شرافت تیری — حاصلِ بنتِ پیمبر ہے نجابت تیری
کیوں نہ ہو سینۂ عشّاق میں الفت تیری — یادگارِ دلِ احمد ہے محبت تیری
نازشِ حیدرِ کرّار شجاعت تیری — سرخیٔ عارضِ اسلام صداقت تیری
جب سے لب ہائے محمد نے تمہیں چوما ہے — خاکِ پا چومتی ہے عرش کی رفعت تیری
تیرے جلوؤں کی قسم اہل نظر کے نزدیک — دیدۂ دل کی ہے معراج زیارت تیری
نازشِ یوسف و داؤد ہے تقویٰ تیرا — حاملِ فقرِ محمد ہے قناعت تیری
مظہرِ حسنِ ازل کیوں نہ ہو نقشہ تیرا — صورتِ احمدِ مختار ہے صورت تیری
مرکبِ ناز بنا دوشِ پیمبر تیرا — سرنگوں عرش بھی ہے دیکھ کے رفعت تیری
اے گلِ باغِ رسالت مجھے تیری ہی قسم — زلفِ لیٰسین سے ماخوذ ہے نکہت تیری
تیری خاطر سے ہوا سجدہ نبوت کا طویل — کس قدر حق کو بھی منظور ہے راحت تیری
بوسہ گاہِ لبِ احمد ہے تیرا روئے حسیں — سجدہ گاہِ دلِ عشّاق ہے تربت تیری

فیضِ مضطر بھی ہے اک چاہنے والا تیرا
حشر میں اس کا سہارا ہے عنایت تیری

صاحبزادہ سید فیض الحسن شاہ

Marfat.com

غمِ آلِ نبی نے کر دیا ہر غم سے دور آخر
مری شاخِ تمنا ! آگیا نا تجھ پہ بور آخر

کسی کو بددعا دینا نہیں تھا ان کی فطرت میں
وگرنہ عرش اہلِ بیت سے کتنا تھا دور آخر ؟

بچا لیتے جو دشتِ کربلا میں جاں حسین اپنی
کہاں سے سیکھتا پھر یہ جہاں عقل و شعور آخر

یہی وہ زخم ہے، چاٹے گا جس کو حشر تک باطل
یزیدیت کا توڑا ایک بچے نے غرور آخر

سرِ شبیر ہی کی روشنی سے ہے کھلا ہم پر
کہ ہے جو خاک، بالآخر ہے خاک اور نور، نور آخر

کوئی پوچھے تو جا کر اتنا اس بے فیض محفل سے
علی کے اصغرِ معصوم کا کیا تھا قصور آخر ؟

پڑاؤ کربلا پہلا ہے پروازِ تخیل کا
پہنچ جاتے ہیں پھر سلطان ! طیبہ تک طیور آخر

سلطان محمود

Marfat.com

غمِ حسین کا سینے میں داغ لیتا جا
ہے راستے میں اندھیرا چراغ لیتا جا

دل و نگاہ شریکِ غمِ حسین رہے
یہی ہے دولت علم البلاغ ، لیتا جا

حضورِ سبطِ پیمبر مرا سلامِ خلوص
جو ہو سکے تو اے روشن دماغ ! لیتا جا

غمِ حسین کا ہر زخم گلفشاں ہے آج
تو اپنے ساتھ یہ خوشیوں کا باغ لیتا جا

غمِ حسین میں سینہ فگار و دل افگار
غمِ جہاں سے جو چاہے فراغ ، لیتا جا

انہی کے نقشِ کفِ پا کی روشنی سے تجھے
ملے گا عشق و وفا کا سراغ ، لیتا جا

ولائے سبطِ پیمبر کے فیض سے کوثرؔ !
مئے ظہور کا روشن ایاغ ، لیتا جا

Marfat.com

غمِ شبیر میں آنکھوں میں آنسو آئے جاتے ہیں
یہ وہ موتی ہیں خونِ دل سے جو چمکائے جاتے ہیں

خدا کے واسطے اے شہپرِ جبریل ! سایہ کر
علی اصغر کے عارض دھوپ میں کملائے جاتے ہیں

امامت کے فریضہ کی بلندی کوئی کیا جانے
یہاں شاہوں کے تاج وتخت بھی ٹھکرائے جاتے ہیں

اِدھر بچوں کو بھی اک بوند پانی کی نہیں ملتی
اُدھر گھوڑے بھی آبِ نہر سے نہلائے جاتے ہیں

سرِ زینب کی چادر اور نامحرم کی نظروں میں
فلک جنبش میں ہے، کرّ و بیاں تھرّائے جاتے ہیں

حسین ابنِ علی نے جن کو روکا تھا کلیجہ پر
دلِ اسلام میں وہ تیر اب تک پائے جاتے ہیں

شہادت اک حقیقت زندہ و پائندہ ہے ماہرؔ !
فسانے کربلا کے آج تک دہرائے جاتے ہیں

ماہر القادری

Marfat.com

غمِ شبیر وہ غم ہے کہ چھپائے نہ بنے
آنکھ چھلکائے بنے ، حال سنائے نہ بنے

حال اس دشت کے پیاسوں کا بیاں کیا ہو، جہاں
سر پہ بس دھوپ رہی ، سائے بھی سائے نہ بنے

چشمِ دل میں ہے عجب آمدِ حُر کا نقشہ
ایسا نقشہ ہے کہ کاغذ پہ بنائے نہ بنے

اک سبکدوشی سے جو بارِ عَلَم لے کے اٹھیں
انہی ہاتھوں سے ، تہی مشک اٹھائے نہ بنے

غم پناہی کے لئے دل تو وہی دل ہے نصیرؔ !
جو ہر اک چلتے مسافر کی سرائے نہ بنے

نصیر ترابی

Marfat.com

غم کے صحراؤں میں گھنگھور گھٹا سا بھی تھا
وہ دلاور جو کئی روز کا پیاسا بھی تھا

زندگی اس نے خریدی نہ اصولوں کے عوض
کیونکہ وہ شخص محمد کا نواسہ بھی تھا

اپنے زخموں کا ہمیں بخش رہا تھا وہ ثواب
اس کی ہر آہ کا انداز دعا سا بھی تھا

صرف تیروں ہی کی آتی ہوئی بوچھاڑ نہ تھی
اس کو حاصل غمِ زہراء کا دلاسا بھی تھا

جب گیا بن کے سوالی وہ حضورِ یزداں
سرِ اقدس کا لئے ہاتھ میں کاسہ بھی تھا

اس نے بوئے دل ہر ذرہ میں عظمت کے گلاب
ریگزار اس کے لہو سے چمن آسا بھی تھا

میں تہی دست نہ تھا حشر کے میداں میں قتیلؔ!
چند اشکوں کا میرے پاس اثاثہ بھی تھا

قتیل شفائی

Marfat.com

فاطمہ کی آنکھ کے تارے حسین
شیرِ یزداں کے جگر پارے حسین

تیرگی کا منبع و مرکز یزید
نور کے بہتے ہوئے دھارے حسین

ہے علی کے شیر ہی کا حوصلہ
اپنا کنبہ دین پر وارے حسین

تھا جمالِ مصطفیٰ پیشِ نظر
کر رہے تھے رب کے نظارے حسین

پیش جب تیرا وسیلہ کر دیا
کام بگڑے بن گئے سارے حسین

ہے حُسَینٌ مِنّی سے عارف ! عیاں
تھے بہت سرکار کو پیارے حسین

Marfat.com

فخرِ عالم ، شہِ زمین و زماں
نورِ جاں ، نورِ دیدۂ ایماں

راکبِ دوشِ قاسمِ کوثر
شہریارِ دیارِ تشنہ لباں

آشنائے جفا ، شہیدِ وفا
بے نیازِ جہانِ سود و زیاں

پیکرِ عزم و ہمت و ایثار
سر سے پا تک مروت و احساں

آج پانی کی بوند کو ترسے
بحر و بر جس کے تابعِ فرماں

اک معمّہ ہے اس کی تشنہ لبی
جس کی ٹھوکر میں چشمۂ حیواں

اعظمؔ ! اس شاہ پر کروڑوں سلام
جس کا غم ہے نجات کا ساماں

اعظم چشتی

Marfat.com

فرات، کرب و بلا کا ہے راز دار، اب بھی

فرات ، کرب و بلا کا ہے راز دار ، اب بھی
ستم رسیدہ ہیں ابنائے روزگار ، اب بھی

گو اک زمانہ ہوا کربلا کو گزرے ہوئے
ہے روحِ عصر بدستور بے قرار ، اب بھی

لہو سے سینچے ہوئے گرچہ صدیاں بیت گئیں
مہک رہے ہیں اسی طرح لالہ زار، اب بھی

حسین حرمتِ مظلومیت کی ہے آواز
وہ احترامِ بشر کا ہے پاسدار ، اب بھی

شکست کھائے ہوئے ہے سپاہِ دجلِ یزید
کٹا کے سر کو کھڑا ہے وہ کامگار ، اب بھی

فرازِ روحِ شہادت سے ہر زمانے میں
ہمیں پکار رہا ہے وہ شہسوار ، اب بھی

یزیدیت کے مقابل محاذ آرا ہیں
جنودِ بے سر و ساماں ، پسِ غبار ، اب بھی

یہ فیضِ سیّدِ شہدا ہے نوعِ انساں پر
کوئی زمانہ ہو، ظالم ہے بے وقار، اب بھی

جلی حروف میں یہ داستانِ ذبحِ عظیم
لکھی ہوئی ہے سرِ لوحِ رہگذار ، اب بھی

ضرورت آج بھی سب کو بڑی حسین کی ہے
ورودِ شاہ کا رہتا ہے انتظار ، اب بھی

حسین ہی کا لہو رنگ لایا ہے نیرؔ !
رخِ حیات پہ ہر رت میں ہے نکھار، اب بھی

ضیاء نیر

Marfat.com

فرازِ نیزہ ، لبِ تشنہ کام اور وہ کلام
زبانِ سیّدِ عالی مقام اور وہ کلام

نہ پھر جہاں کو میسّر ہوئی وہ دید و شنید
نہ پھر بہم ہوا نورِ امام اور وہ کلام

ابھی تو ہم کہیں پیتے تھے اور سنتے تھے
نگاہِ ساقیٔ کوثر کے جام اور وہ کلام

اسد ہے صاحبِ نہج البلاغہ کی بیٹی
علی کا لہجہ ، وہ دربارِ شام اور وہ کلام

بھلا نہ پائے گا اب دشتِ نینوا تا حشر
رخِ حسین علیہِ السّلام اور وہ کلام

دلِ فقیر کا اخترؔ ! عجیب عالم ہے
خرام کرتا ہے خوں میں وہ نام اور وہ کلام

Marfat.com

فطرتِ آدم کو کر دیتی ہے قربانی بلند
دل میں کھل جاتی ہے اس کے نور سے ہر راہِ بند
مہر و مہ ہوتے ہیں اس کی خاکِ پا سے ارجمند
ہے فرشتوں کے گلوئے پاک میں اس کی کمند
سر وہ جس میں ذوقِ قربانی ہو، جھک سکتا نہیں
تنکوں سے، بڑھتا ہوا سیلاب رک سکتا نہیں

گلشنِ صدق و صفا کا لالۂ رنگیں حسین
شمعِ عالم، مشعلِ دنیا، چراغِ دیں حسین
سر سے پا تک سرخیٔ افسانۂ خونیں حسین
جس پہ شاہوں کی خوشی قربان وہ غمگیں حسین
مطلعِ نورِ مہ و پرویں ہے پیشانی تری
باج لیتی ہے ہر اک مذہب سے قربانی تری

بارشِ رحمت کا مژدہ بابِ حکمت کی کلید
روزِ روشن کی بشارت صبحِ رنگیں کی نوید
ہر نظامِ کہنہ کو پیغامِ آئینِ جدید
اے کہ ہے تیری شہادت اصل میں مرگِ یزید
تیری مظلومی نے ظالم کو کیا یوں بے نشاں
ڈھونڈتا پھرتا ہے اس کی ہڈیوں کو آسماں

مہندر سنگھ بیدی

Marfat.com

فلک نے جھک کے کیا جن کی خاکِ پا کو سلام
مسافرانِ رہِ دشتِ کربلا

رہِ وفا میں گئے منزلِ شہادت تک
اس ابتدائے سعادت کی انتہا کو سلام

ابھر کے نوکِ سناں سے فضا میں لہرایا
سپاہِ عشق کے اس پرچمِ وفا کو سلام

خدا سے دشمنِ جاں کی بھی مغفرت چاہی
تری نماز تری عظمتِ دعا کو سلام

مری نگاہ بھی واں تک پہنچ نہیں سکتی
میں کس طرح سے کروں شاہِ کربلا کو سلام

وہ جس کے خون سے پھر شمع دیں ہوئی روشن
فروغِ دیدۂ محبوبِ کبریا کو سلام

صوفی غلام مصطفیٰ تبسم

Marfat.com

فنا کے دشت میں راہِ بقا حسین سے ہے
گھٹن میں آج بھی تازہ ہوا حسین سے ہے

ہلالِ ماہِ محرم بتا رہا ہے ہمیں
نئے برس میں فقط داخلہ حسین سے ہے

مرے کلام میں یہ رنگِ غم یونہی تو نہیں
ہر اک ردیف، ہر اک قافیہ حسین سے ہے

اک ایک قطرۂ خوں بولتا ہے پلکوں پر
کہ اشک اشک مرا سلسلہ حسین سے ہے

رسول نانا؛ علی بابا؛ سیدہ ماں ہیں
رہِ نجات کا ہر زاویہ حسین سے ہے

ہماری زیست ہے سینہ بہ سینہ ذکرِ حسین
ہماری سانس بھی مقبولؔ "یا حسین" سے ہے

مقبول زیدی

Marfat.com

قافلۂ کربلا کے جاں نثاروں پر سلام
بو تراب و فاطمہ کے چاند تاروں پر سلام

آیۂ تطہیر آئی جن کی شانِ پاک میں
خلد کے ان نوجوانوں شہسواروں پر سلام

حق کی خاطر کربلا میں جو ہوئے تھے خیمہ زن
حیدر و زہرا کے ان سب جاں سے پیاروں پر سلام

تیروں کی بارش میں جن کے پاؤں میں لغزش نہیں
صبر و استقلال کی ان یادگاروں پر سلام

رحمتِ عالم کے شانوں پر جو ہوتے تھے سوار
ان حسینوں، مہ جبینوں اور پیاروں پر سلام

جان و دل ساقی ! فدا ہوں کربلا کے شاہ پر
اور ان کے خون سے تر ریگزاروں پر سلام

حافظ غلام رسول ساقی

Marfat.com

قتل گاہِ شاہ میں کیسی اداسی چھا گئی
کربلا میں شامِ غربت بال کھولے آ گئی

حیدری جاہ و حشم تھا ، ہاتھ میں تلوار تھی
دیکھ کے غازی کے تیور موت بھی گھبرا گئی

یہ حسینی قافلے کی جیت کا اعلان تھا
حُرملہ کے تیر کو اک مسکراہٹ کھا گئی

زینبِ مضطر نے دی ہوگی دعا تجھ کو ضرور
جب ہوائے گرم ! تو لاشے سبھی دفنا گئی

آیتیں جکڑی ہوئی تھیں شام کے بازار میں
یہ اذیت عابدِ بیمار کو تڑپا گئی

جب سنائی میں نے باسرؔ! شہر کو روتے ہوئے
کربلا ! تیری کہانی سانس تک مہکا گئی

کامران باسر

Marfat.com

قدم تو میرے ہیں ، رستہ مگر حسین کا ہے
کہ میری آنکھ میں روشن سفر حسین کا ہے

زہے نصیب ، تو پتھر سے آبشار ہوئی
کرم یہ تجھ پہ ، مری چشمِ تر ! حسین کا ہے

سگانِ دنیا نے تاراج کر دیا سرِ شام
اگرچہ سب کو خبر تھی یہ گھر حسین کا ہے

یزیدِ عصر کی مدحت سرائی کیسے کروں
مرا قلم ، مرا دستِ ہنر ، حسین کا ہے

وفا کا خوں نہ کرو ساکنانِ شہرِ فریب
اسے نہ مارو کہ یہ نامہ بر حسین کا ہے

رہے جو شانوں پہ، سب مصلحت سے، پست ہوئے
ہوا بلند جو نیزے پہ سر حسین کا ہے

مچی ہے جس سے مرے خوں میں آتشِ انکار
زمانہ جانتا ہے وہ شرر حسین کا ہے

جواز جعفری

Marfat.com

قرآن کی توہین کو شبیر نہ مانے
شیطان کے آئین کو شبیر نہ مانے

قرآں کے قوانین و مضامینِ ازل پر
ابلیس کی تضمین کو شبیر نہ مانے

جو سر پہ پڑا کوہِ الم جھیل لیا وہ
پر فتنۂ فتّین کو شبیر نہ مانے

ہر تیرِ جفا سینۂ گلگوں سے لگایا
سلطانیٔ بے دین کو شبیر نہ مانے

اسلام کی گردن پہ چھری چلنا تھی جس سے
اس فتوئے سنگین کو شبیر نہ مانے

پیغام دیا سایۂ تلوار میں حق کا
گستاخ فرامین کو شبیر نہ مانے

قانون محمد کا طلب کرتے تھے صائمؔ !
کسرائی سلاطین کو شبیر نہ مانے

صائمؔ چشتی

Marfat.com

قطرۂ اشکِ مودت ہے سمندر کی طرح
جس کی موجوں پہ رواں غم ہیں گلِ تر کی طرح

کثرتِ فوج پہ نازاں ہے یزیدی لشکر
فوجِ شبیر کا ہر فرد ہے لشکر کی طرح

زندگی آلِ محمد سے وفا داری ہے
کب یہ سمجھا ہے کوئی بوذر و قنبر کی طرح

جنگ کا اذن جو عباسِ علی کو ملتا
درِ کوفہ کو پلٹتے درِ خیبر کی طرح

علم کے در پہ چلے آؤ زمانے والو!
فکرِ انساں کے لئے علم ہے زیور کی طرح

پوچھتی ہے یہ شجاعانِ عرب سے تاریخ
کون بے تیغ لڑا ہے علی اصغر کی طرح ؟

پرویز مجتبٰی فضلی

Marfat.com

کب رائیگاں گئی ہے یہ محنت حسین کی
جینا سکھا گئی ہے ، عبادت حسین کی

کس عزم سے لڑی ہے، انہوں نے بقا کی جنگ
بے مثل آئنہ ہے ، شجاعت حسین کی

دیتی ہے روز ہم کو بھی سچائیوں کا درس
نوکِ سناں پہ جاری ، تلاوت حسین کی

اسلام کے شہیدوں کی ، مدّت سے آج بھی
جنت میں ہو رہی ہے امامت حسین کی

شمرِ لعین و ابنِ زیاد و یزید سن
جنت حسین کی ہے یہ جنت حسین کی

بھیجوں گا میں بھی ان کو سلاموں کے سرخ پھول
دل میں جو کھل اٹھی ہے محبت حسین کی

Marfat.com

کبھی تجھے کبھی دشتِ بلا کو دیکھا ہے
ترے چراغ کی زد پر ہوا کو دیکھا ہے

لبِ فرات پہ دیکھی ہے تشنگی کی چمک
فضا پہ دامنِ موجِ صبا کو دیکھا ہے

یقین و عزم کے پیکر ترے ارادے میں
لہو کے رنگ میں آبِ بقا کو دیکھا ہے

خدا کی راہ میں سب کچھ لٹا دیا تو نے
رضا کے نام پہ تیری وفا کو دیکھا ہے

اٹھا ہے دستِ دعا جب ترے حوالے سے
قبول ہوتے ہوئے ہر دعا کو دیکھا ہے

عجیب شامِ الم تھی کہ بنتِ زہراء نے
کبھی فلک، کبھی اپنی ردا کو دیکھا ہے

دل و نگاہ میں اک روشنی سی رہتی ہے
کہ جب سے ہم نے قمرؔ! کربلا کو دیکھا ہے

ریاض قمر

Marfat.com

کتابِ زیست کا رنگین باب ، کرب و بلا
دیارِ عشق میں لازم نصاب ، کرب و بلا

فریب و حرص کے گلشن کو خار لگتا ہے
جنوں کے دشت میں کھلتا گلاب ، کرب و بلا

ستم شعاروں کے نرغے میں بر سرِ پیکار
ہر ایک فرد کہ ہے ہمرکابِ کرب و بلا

کسی کمینے کے اسفل سوال کا لوگو !
ابد تلک کے لئے ہے جواب ، کرب و بلا

جو داستان ہے اک شیر خوار پیاسے کی
تو عکسِ شاہِ زمن کا شباب ، کرب و بلا

درندگی کی گھٹا ٹوپ ظلمتوں میں ریاض !
طلوع ہوتا ہوا آفتاب ، کرب و بلا

پروفیسر محمد ریاض احمد شیخ

Marfat.com

کتنی نورانی حسیں تصویر ہے شبیر کی
کائناتِ حسن میں تنویر ہے شبیر کی

زیست طیب، موت طاہر، مستِ تسنیم وطہور
شاہد اس پر آیۂ تطہیر ہے شبیر کی

خم جبیں، سر بر زمیں "اللہ اکبر" وردِ لب
یہ رکوع و سجدہ یہ تکبیر ہے شبیر کی

سر حریفوں کے، سرِ میداں، تنوں سے ہیں جدا
ہمسرِ تیغِ قضا شمشیر ہے شبیر کی

مستحقِ باغِ رضواں ہیں محبّانِ حسین
جنت الفردوس بھی جاگیر ہے شبیر کی

صاحبِ معراج کے دوشِ مبیں پر ہیں سوار
تا بہ اوجِ آسماں توقیر ہے شبیر کی

روز افزوں کیوں ترقی نورِ ایماں میں نہ ہو
دل میں، آنکھوں میں ضیاؔ! تنویر ہے شبیر کی

لسان الحسان مولانا ضیاء القادری

Marfat.com

کربلا ! تقدیسِ انسانی پہ مر جانے کا نام
رنگ کی صورت نکھر آنے ، بکھر جانے کا نام

نرغۂ سیلِ بلا میں زیرِ شمشیرِ جفا
رخ کی رونق ، سر کی ثروت ، سچ کی سنگت ، کربلا

حرف جو لکھا گیا ، خوں رنگ تصویروں کے ساتھ
نغمہ جو گایا گیا مقتل میں شمشیروں کے ساتھ

Marfat.com

کربلا ، ذرات کے دل سے نکلتا آفتاب
کربلا ، لمحات کے ہاتھوں پہ شمعِ آفتاب

کربلا ، تنکوں سے دریا موڑنے کا نام ہے
کربلا شبنم سے لوہا توڑنے کا نام ہے

کربلا وہ ''بیکسی'' جس سے تپاں نبضِ حیات
کربلا وہ ''تشنگی'' جس سے رواں موجِ فرات

کربلا ہے دوسروں کی آگ میں جلنے کا نام
کربلا ، پاؤں میں کانٹے توڑ کر چلنے کا نام

کربلا ، وہ خاک جو لعل و گہر پیدا کرے
کربلا ، وہ شام جو صبحِ بشر پیدا کرے

لفظ کو مفہوم بخشے ، نطق کو آواز دے
کربلا ، وہ موت جس کو زندگی آواز دے

زیرِ شمشیرِ جفا تکبیر کہنا ، کربلا
شب کو شب ، زنجیر کو زنجیر کہنا ، کربلا

سید ضمیر جعفری

Marfat.com

کربلا زندہ ہے جینے کی لگن زندہ ہے
حق پہ چلنے کے لئے حق کا چلن زندہ ہے

ظلمتِ کفر میں دم توڑ چکی فکر یزید
جا بہ جا ذکرِ شہنشاہِ زمن زندہ ہے

الفتِ شاہِ شہیداں میں جو قربان ہوا
اپنی تربت میں بھی وہ زیرِ کفن زندہ ہے

خونِ بے شیر سے شبیر نے سینچا تھا جسے
حق پرستی کا ابھی تک وہ چمن زندہ ہے

بھائی کی لاش کو افسوس کفن دے نہ سکی
دل میں یہ زینبِ مضطر کے چبھن زندہ ہے

لوٹ کر آئے گا پردیس سے میرا اکبر
اسی امید پہ بیمار بہن زندہ ہے

سب ہی دم توڑ گئے عرصۂ امکاں میں سہیلؔ!
اے انیس! آپ کا اندازِ سخن زندہ ہے

Marfat.com

کربلا کے جاں نثاروں کو سلام

کربلا کے جاں نثاروں کو سلام
فاطمہ زہراء کے پیاروں کو سلام

مصطفیٰ کے ماہ پاروں کو سلام
نوجوانوں ، گلعذاروں کو سلام

یا حسین ابنِ علی مشکل کشا !
آپ کے سب جاں نثاروں کو سلام

اکبر و اصغر پہ جاں قربان ہو
میرے دل کے تاجداروں کو سلام

قاسم و عباس پر لاکھوں درود
کربلا کے شہسواروں کو سلام

بھوکی پیاسی بیبیوں پر ہو درود
بھوکے پیاسے گلعذاروں کو سلام

ہو گئے قرباں محمد اور عون
سیدہ زینب کے پیاروں کو سلام

کربلا میں ظلم کے ٹوٹے پہاڑ
جن پہ، ان سب دلفگاروں کو سلام

آل و اصحابِ نبی کے جس قدر
چاہنے والے ہیں ، ساروں کو سلام

جو حسینی قافلے میں تھے شریک
کہتے ہیں عطّار ساروں کو سلام

Marfat.com

کربلا کی خاک پر کیا آدمی سجدے میں ہے
موت رسوا ہو چکی ہے ، زندگی سجدے میں ہے

وہ جو عاشورے کی شب ، گل ہو گیا تھا اک چراغ
اب قیامت تک اسی کی روشنی سجدے میں ہے

سنّتِ پیغمبرِ خاتمؐ ہے سجدے کا یہ طول
کل نبی سجدے میں تھے، آج اک ولی سجدے میں ہے

اس پہ حیرت کیا ، لرز اٹھی زمینِ کربلا
راکبِ دوشِ پیمبر ، آخری سجدے میں ہے

حشر تک جس کی قسم کھاتے رہیں گے اہلِ حق
ایک نفسِ مطمئن اس دائمی سجدے میں ہے

افتخار عارف

Marfat.com

کربلا معراج انساں ، کربلا معیار ہے
کربلا دراصل اس میں عظمتِ کردار ہے

اے علمدارِ حسین ابنِ علی تیری وفا
افتخارِ خاندانِ حیدرِ کرآر ہے

قوتِ تقریرِ زینب ، پھر کوئی جوہر دکھا
آج کا بازار بھی تو شام کا بازار ہے

آج بھی جاری و ساری ہیں یزیدی قوتیں
آج بھی دربار ، میرِ شام کا دربار ہے

تُف ہو تجھ پر لشکرِ ملعون لاکھوں بار تُف
تو ذلیل و خوار تھا اور تو ذلیل و خوار ہے

گونج پھر سے اے اذانِ اکبری بستی میں گونج
بستیٔ کمزور کو جوشِ جواں درکار ہے

ناصر علی

Marfat.com

کربلا میں جب چراغِ کربلا روشن ہوا
اس طرف قبلہ ادھر قبلہ نما روشن ہوا

مٹ نہیں پایا کسی طوفانِ گرد و باد سے
سینۂ صحرا پہ کس کا نقشِ پا روشن ہوا

کربلا والوں کی یادیں تو چراغاں کر گئیں
دل سے لے کر آنکھ تک کا راستہ روشن ہوا

یاس کے عالم میں بھی جب لے لیا نامِ حسین
دل میں غنچہ سا کوئی چٹکا ، کھلا ، روشن ہوا

جس کے دل میں بس گیا، عشقِ علی، سو بس گیا
وہ دیا روشن رہا ہے جو دیا روشن ہوا

میرا بیٹا بھی ہوا مدحت نگارِ اہلِ بیت
اک دیا بجھنے سے پہلے دوسرا روشن ہوا

ہم زمانے کو بتاتے جائیں گے انجم خلیقؔ!
کربلا میں کیا بجھا تھا اور کیا روشن ہوا

انجم خلیق

Marfat.com

کربلا میں سر دیا شبیر نے
شام میں تبلیغ کی ہمشیر نے

سر جھکایا دیکھ کر بیٹے کو پھر
لاش اٹھائی کربلا کے پیر نے

جب چلے عباس لے کر اذنِ جنگ
پاؤں چومے عزت و توقیر نے

دیکھ کر پانی میں عکسِ رخ پھرے
کیا کہا عباس سے تصویر نے

کیا کہوں اصغر پہ کیا بیتی مگر
سینۂ باطل کو توڑا تیر نے

توڑ ڈالا قلبِ لشکر شاہ نے
بات کی یہ فاطمہ کے شیر نے

نقدِ فن ، زعمِ سیادت سب سہی
کر دیا رسوا مجھے تقدیر نے

کوثر الہ آبادی

Marfat.com

کربلا میں لٹنے والے تاجداروں کو سلام
گلشنِ اسلام کی تازہ بہاروں کو سلام

ان کی شمشیریں تھیں یا رقصاں تھیں لاکھوں بجلیاں
شہسوارِ کربلا کے شہسواروں کو سلام

ہو گئے بازو قلم اونچا مگر رکھا علم
حضرتِ عباس جیسے جاں نثاروں کو سلام

جن کی لاشوں نے درخشاں کر دی عاشورے کی رات
ان محمد مصطفیٰ کے چاند تاروں کو سلام

ہو گئے سیراب جو پیاسوں کے تازہ خون سے
کربلا کے ان پیاسے ریگ زاروں کو سلام

عمر بھر بہتا رہا جن سے مسلسل خونِ دل
چشمِ زین العابدیں کی آبشاروں کو سلام

بن کے قیدی شام کو، جو شام کو صائمؔ ! چلے
ان اسیروں ، بے سہاروں ، غم کے ماروں کو سلام

صائمؔ چشتی

Marfat.com

کربلا میں ہیں نشانِ رفتگاں دیکھو ذرا
اور مظلوموں کی آہوں کا دھواں دیکھو ذرا

حق و باطل، ظالم و مظلوم کی ہے داستاں
سر کٹاتی گردنوں کا امتحاں دیکھو ذرا

اک طرف نیزے ہیں، تلواریں ہیں، ظالم فوج ہے
اک طرف ہنگامۂ آہ و فغاں دیکھو ذرا

یہ زمیں یہ آسماں ہیں سوگ میں ڈوبے ہوئے
خون سے رنگیں ہے سارا گلستاں دیکھو ذرا

کر رہے ہیں آج تک سیلاب کس کی جستجو
ڈھونڈھتے ہیں سجدہ گاہِ قدسیاں دیکھو ذرا

وہ پرستارانِ کعبہ، وہ اسیرانِ حرم
آستاں دیکھو ذرا یہ خانماں دیکھو ذرا

ہار کر جیتے ہیں وہ اعجازؔ! یہ ہے معجزہ
کربلائی زخم ہائے خونچکاں دیکھو ذرا

اعجاز فیروز

Marfat.com

کرکے نظامِ شر، تہ و بالا حسین نے
گرتے ہوئے بشر کو سنبھالا حسین نے

اس سے یزید تب بھی ہراساں تھا، اب بھی ہے
تاریخ کو دیا جو حوالہ حسین نے

ہے انتظارِ صبح تو بے چارگی کا نام
سورج کو عین شب میں اجالا حسین نے

سر جائے پر نہ ہاتھ سے جائے متاعِ سر
کیسا رواج دہر میں ڈالا حسین نے

ہوتا وگرنہ ایک تخیّل ثباتِ عزم
اس کو عمل کی شکل میں ڈھالا حسین نے

انجم خلیقؔ ! خوفِ جہاں ہی نہیں رہا
یوں خوفِ جاں سے کر دیا بالا حسین نے

Marfat.com

کرم کے بادل برس رہے ہیں ، دوام اس پر ، سلام اس پر
سلام اس پر کہ فیض رب کا ہے عام اس پر ، سلام اس پر

وہ شاکر ایسا ، لٹا کے اپنا گھرانہ ، کرتا ہے شکر اس کا
وہ صابر ایسا کہ صبر کا اختتام اس پر ، سلام اس پر

بہادر ایسا ، ذہین ایسا ، کہ یاد تازہ ہوئی علی کی
حسینؑ ایسا ، حُسینؑ جچتا ہے نام اس پر ، سلام اس پر

وہ زیرِ خنجر نمازی ایسا کہ آج تک ناز کر رہے ہیں
رکوع اس پر ، سجود اس پر ، قیام اس پر ، سلام اس پر

وہ ایسا مسند نشیں کہ صبحیں خراج دے کر گذر رہی ہیں
غریب ایسا کہ آئی غربت میں شام اس پر ، سلام اس پر

یہ سانس چلتا رہے گا جب تک ، یہ دل دھڑکتا رہے گا جب تک
حسنؔ ! میں پڑھتا رہوں گا یونہی ، سلام اس پر ، سلام اس پر

Marfat.com

کروں میں کیوں نہ ادب سے تجھے سلام، حسین!
تو میرا آقا ہے ،میں ہوں ترا غلام ،حسین !

مری نمازِ محبت کا تو جواب نہیں
میں مقتدی ہوں ، مرا مقتدا ، امام حسین !

بڑی طویل ہے فہرست گو شہیدوں کی
مگر ہے سب سے ہی اونچا ترا مقام ،حسین !

شہید ہوتے ہی کرب و بلا کے میداں میں
ہوا ہے باغِ عدن میں ترا مقام،حسین !

سنو ! سنو ! سرِ باطل پہ حق کو دے مارو!
یہ دے رہی ہے شہادت تری پیام ، حسین !

کسی شہید سے تیری مثال کیسے دوں
کہ خود مثال تو اپنی ہے لاکلام ، حسین !

ریاضؔ ! شیوہ مرا اس لئے ہے حق گوئی
کہ میرے دل پہ بھی لکھا ہوا ہے نام ، حسین!

Marfat.com

کس کی زباں سے پیاس نے پائی ہے آبرو ؟
کس تشنہ لب کے حصے میں آئی ہے آبرو ؟
ایمان کس شہید پہ لائی ہے آبرو ؟
دریا میں کس کے غم کی سمائی ہے آبرو ؟
پیاسا ہوا ہے کون ، عزیزوں سے چھوٹ کر ؟
روتے ہیں یہ حباب کسے پھوٹ پھوٹ کر ؟
کس کی زباں سے پیاس نے پائی ہے آبرو ؟
ایمان کس کی خاک پہ لائی ہے آبرو ؟
آنکھوں میں کس کے غم کی سمائی ہے آبرو ؟
آنکھوں کی کس کے غم نے بڑھائی ہے آبرو ؟
ہم سب کو کس کے غم میں سدا شور و شین ہے ؟
دریا میں شور ہے کہ وہ پیاسا حسین ہے
بچپن میں قصدِ روزہ کیا پیاس کے لئے
زہراء کا دودھ چھوڑ دیا پیاس کے لئے
احساں فرات کا نہ لیا پیاس کے لئے
پانی نہ ساتویں سے پیا پیاس کے لئے
رودادِ ذبح یاد ہے سارے جہان کو
کہتا وہ پیاس پیاس چبا کر زبان کو

Marfat.com

کربلا کا منظر

کسی نے جا کے گلچیں سے یہ پوچھا روزِ عاشورا — کہ تو کیوں آج گلگشتِ گلستاں کو نہیں اٹھتا
کہا جس وقت سے لوٹا گیا ہے گلشنِ زہراء — اسی دم سے کسی شے کو نہیں دل چاہتا میرا
ہوا کو، ابر کو، گل کو، چمن کو، سیرِ بستاں کو

بلکتے تھے، نہ لڑکوں کو کوئی پانی پلاتا تھا — بڑوں کا پیاس کے مارے کلیجہ منہ کو آتا تھا
تنِ سرور پہ جب فرطِ نقاہت سے غش آتا تھا — سمجھ کر بے کس و بے یار ہر اک آزماتا تھا
کٹاری کو، چھری کو، بانک کو، خنجر کو، پیکاں کو

یزیدِ نا خلف سے بولے عابد اے سگِ دنیا! — تری محفل میں مے خواری کا ہے شام و سحر چرچا
اگر آلِ پیمبر ہوں تو اس کو یاد تو رکھنا — اٹھا کر خاک پر اک ایک کو اک روز پٹکوں گا
سُبو کو، خم کو، مے کو، میکدہ کو، مے پرستاں کو

لئے کانوں کے موتی جس گھڑی شمرِ ستم گر نے — فلک کو دیکھ کر اس دم کہا یہ شہ کی دختر نے
نہ پہچانا ہمیں، اس دشمنِ آلِ پیمبر نے — ہمارے واسطے پیدا کیا ہے سب کو داور نے
گہر کو، لعل کو، یاقوت کو، ہیرے کو، مرجاں کو

مولانا محمد خلیل صاحب کچھوچھوی

Marfat.com

کون ناموسِ رسالت کا نگہباں ہوگیا
کس کا سر نیزے کو پہنچا، کون قرباں ہوگیا

کس کے آنسو چہرۂ نو روز کی رونق بنے
کس کا خوں اسلام کی صبحِ درخشاں ہوگیا

کس کی شہ رگ پر یزیدی ہاتھ اٹھے بے دریغ
کون تھا جس کا لہو تفسیرِ قرآں ہوگیا

کس کی نعشِ خوں چکاں تشہیر کو لائی گئی
کس کا پرچم چادرِ گورِ غریباں ہوگیا

کس نے کی مرگِ ملوکیت کی صبحِ اولیں
کون شمعِ ظلمتِ شامِ غریباں ہوگیا

کل بہتّر فرد میدانِ وغا میں ڈٹ گئے
شمر کے ہاتھوں محمد کے نواسے کٹ گئے

شورش کاشمیری

Marfat.com

کوئی بتائے ، کوئی کہیں ہے حسین سا ؟
لاکھوں میں ایک ماہ جبیں ہے حسین سا؟

کس شان سے چلے ہیں رہِ مستقیم پر
دنیا میں کون رہبرِ دیں ہے حسین سا؟

کس کی نظر میں رفعتِ ہفت آسماں ہے گم؟
ماتھے پہ کس کے نورِ جبیں ہے حسین سا؟

واللہ کیا مکان ہے وہ جس مکان میں
بے مثل و بے مثال مکیں ہے حسین سا

بے اختیار کہنے لگے ساکنانِ عرش
واں بھی نہیں ، یہاں بھی نہیں ہے حسین سا

اے خالقِ جہاں ! ترے سارے جہان میں
کوئی حسین تھا ، نہ حسیں ہے حسین سا

اعظمؔ ! بٹھا کے دوش پہ ، فرمایا شاہ نے
کوئی سوار بھی تو نہیں ہے حسین سا

محمد اعظم چشتی

Marfat.com

کوئی چراغِ تخیّل نہ میری راہ میں رکھ
بس اک سلام کا گوہر مری کلاہ میں رکھ

اگر تو تُو کسی سچّائی کا مؤرخ ہے
یزیدِ عصر کو بھی دفترِ سیاہ میں رکھ

بکھیر صفحۂ قرطاس پر لہو کے حروف
قلم سنبھال کے مت دل کی خانقاہ میں رکھ

علی کے سجدۂ آخر سے حلقِ اصغر تک
ہر ایک تیرِ ستم ، مرکزِ نگاہ میں رکھ

مجھے وہ حرّیتِ فکر بھی دے حُر کی طرح
پھر اس کے بعد اسی لشکر و سپاہ میں رکھ

ترا یہ شاعرِ نقاش تو ہے ذرۂ خاک
اسے غبار بنا یا کہ مہر و ماہ میں رکھ

Marfat.com

کوئی شبیر سا خالق کا پرستار نہیں
امتِ احمدِ مرسل کا وفادار نہیں
لب پہ دعوے ہیں ، مگر عظمتِ کردار نہیں
جرأت و عزم و عزیمت نہیں ، ایثار نہیں
کودتا کون ہے اٹڈے ہوئے طوفانوں میں
کون گھر بار لٹاتا ہے بیابانوں میں
ذات ایسی کہ نہیں جس کا زمانے میں جواب
ان کے جد شافعِ محشر ، تو پدر علم کا باب
روئے اطہر کی زیارت میں تلاوت کا ثواب
کشتِ اسلام ہوئی اس کے لہو سے شاداب
تین ایام کے پیاسے نے بڑا کام کیا
شاہِ بطحا کے نواسے نے بڑا کام کیا
بے کسوں اور غریبوں کا سہارا وہ حسین
ظالموں کے جو مقابل تھا صف آرا وہ حسین
حضرتِ فاطمہ کے عزم کا تارا وہ حسین
تھا پیمبر کو دل جاں سے بھی پیارا وہ حسین
اس کو گلزارِ رسالت کی کلی کہتے ہیں
ہم عقیدت سے حسین ابنِ علی کہتے ہیں

Marfat.com

آخری سجدے میں آیا جو وہ اخلاص مآب
اٹھ گیا بندہ و معبود کے مابین حجاب
لڑ گئی حسنِ حقیقی سے نگاہِ بے تاب
بڑھ کے جبریل نے تھامی مرے مولا کی رکاب
مصطفیٰ جھوم گئے ، پیکِ قضا جھوم گیا
جو بھی بندہ تھا خدا کا ، بخدا جھوم گیا

سیرتِ پاک ، قوانینِ شرافت کا نصاب
تابناکی میں جبیں ، روکشِ مہر و مہتاب
چشم حق بیں میں تھی خم خانۂ وحدت کی شراب
ہر نظر آپ کی تھی صبر و رضا کا اک باب
بے خودی ایسی کہ بس ارض و سما جھوم اٹھے
آدمی کیا ہیں ، فرشتے بخدا جھوم اٹھے

مثلِ واعظ نہیں منبر پہ فقط زمزمہ خواں
زاہد خشک کے مانند نہیں سجدہ کناں
اس کے سجدے میں سمٹ آئی تھی روحِ ایماں
سر تھا نیزے پہ مگر وردِ زباں تھا قرآں
جن کے سجدے تہِ شمشیر ادا ہوتے ہیں
ان کے اندازِ عبادت ہی جدا ہوتے ہیں

سید نصیر الدین نصیر گولڑوی

Marfat.com

کہاں سے لاؤں میں ایسی زباں ، امام حسین !
کرے صفات جو تیری بیاں ، امام حسین !

تری ثناء تو رقم ہے کتاب و سنت میں
بڑی ہے شان تری بے گماں ، امام حسین !

تجھی سے ہوتا ہے عرفانِ مصطفیٰ حاصل
تجھی سے ملتا ہے حق کا نشاں ، امام حسین !

خدا کے لطف کا ، فیضِ نبی کا مصدر ہے
وہ کربلا میں ترا آستاں ، امام حسین !

ترے غلام کو تیرے طفیل محشر میں
بڑا یقیں ہے ، ملے گی اماں ، امام حسین !

یہ آرزو ہے ریاضؔ حزیں کی شام و سحر
ترے طریق پہ دے دوں میں جاں ، امام حسین !

Marfat.com

کھولدے عقدے سنیے ، ہو کر پرانی ، دیکھئے
معجزہ بنتے لہو کی اک کہانی ، دیکھئے

اپنے اعداء پہ سفارت میں وفا لایا سفیر
جاں نثاری بعد از نامہ رسانی دیکھئے

کیا سخاوت ہے جری کی ،مشک سے جو بچ گیا
دے دیا چشمِ بشر کو سب وہ پانی ، دیکھئے

طاقت و لشکر کشی سے بھی ملے نہ مدّعا
اس کو ہی کہتے ہیں ضعفِ حکمرانی ، دیکھئے

دبدبہ قائم ہے جس کا ہر لسان و لفظ پر
کر گئی ایسا تکلم بے زبانی ، دیکھئے

جستجوئے جادۂ حق کے سبب ممکن ہوا
کھل گئے حُر پر حجابِ آسمانی ، دیکھئے

عابدہ تقی

Marfat.com

کہو نہ حاجتِ ذکرِ شہِ ہدیٰ کیا ہے
حسین ہی نے تو ثابت کیا ، خدا کیا ہے

غمِ حسین دلوں کا نفاق دھوتا ہے
بس اب نہ پوچھو کہ رونے کا فائدہ کیا ہے

رضائے حق کی ہر اک راہ میں ہے نقشِ حسین
میں کربلا سے نہ جاؤں تو راستہ کیا ہے

اگر حسین کی سیرت پہ ہوسکا نہ عمل
تو پھر یہ مجلس و ماتم کا فائدہ کیا ہے ؟

حسینیت سے جو ٹوٹا یزیدیت کا بھرم
یہ پھر کھلا ، اثرِ ارضِ کربلا کیا ہے

پلٹ نہ آتے جو دریا سے تشنہ لب عباس
تو کون جانتا اِس دہر میں ، وفا کیا ہے

یہ کربلا کے شہیدوں نے حل کیا ، ورنہ
کسے خبر تھی ، فنا کیا ہے اور بقا کیا ہے

سید وحید الحسن ہاشمی

Marfat.com

کیا بتائیں ؟ کیا ہوا تھا ، درمیانِ کربلا
دل لرز اٹھتا ہے سن کر داستانِ کربلا

خون کے اشکوں میں اک اک حرف ہے ڈوبا ہوا
آئے کیا لفظ و بیاں میں داستانِ کربلا

سربکف آلِ نبی ، خنجر بکف اعدائے دیں
معرکہ ہے کفر و دیں کا درمیانِ کربلا

سبطِ سرکارِ دو عالم کی مصیبت دیکھ کر
کانپ کانپ اٹھے زمین و آسمانِ کربلا

آئے تو کیوں آئے لغزش پائے استقلال میں
جادۂ تسلیم ہے اور کاروانِ کربلا

تشنہ کامی کی قسم ، جامِ شہادت کی قسم
راہیٔ جنت ہوئے سب رہروانِ کربلا

پیشوائے اہلِ جنت ہوں گے محشر میں عزیزؔ !
سیّدہ کے لعل ، میرِ کاروانِ کربلا

عزیز حاصل پوری

Marfat.com

کیا جلوہ کربلا میں دکھایا حسین نے
سجدے میں جا کے سر کو کٹایا حسین نے

خوش بخت تھا کہ آپ کے قدموں میں آ گرا
سویا نصیب حُر کا جگایا حسین نے

نانا کے پاک نام پہ ہر چیز وار دی
کچھ بھی نہ اپنے پاس بچایا حسین نے

صدمے سے قدسیوں کی بھی چیخیں نکل گئیں
اصغر کو جب گلے سے لگایا حسین نے

راہِ خدا میں جان کی بازی لگا گئے
پیشِ یزید سر نہ جھکایا حسین نے

کیوں آپ کو نہ اپنے نواسے پہ ناز ہو
ہر قول مصطفیٰ کا نبھایا حسین نے

فیضانؔ ! وہ تو ساقیٔ کوثر کے لعل تھے
کہتا ہے کون ؟ آب نہ پایا حسین نے

پروفیسر فیض رسول فیضان

Marfat.com

کیا عہد عبودیت تھا رضا ، اک حرف بھی پورا ہو نہ سکا
وہ اور کسی کا کیا ہوگا ، جو اپنے خدا کا ہو نہ سکا

شبیر کا غم ہے مصلح دل ، یہ غم ہے تو پھر وہ آنسو کیا ؟
جو دل کی ٹھنڈک بن نہ سکا ، جو آنکھ کا تارا ہو نہ سکا

لینے کو بلائیں اپنے ہی سر ، تھے چشم و چراغِ پیغمبر
اسلام مٹے ، انسان مٹے ، اس گھر کو گوارا ہو نہ سکا

وہ دن ہے حسینی طلعت کا ، جو حشر کے دن تک روشن ہے
وہ شب تھی یزیدی ظلمت کی ، جس شب کا سویرا ہو نہ سکا

شبیر میں ہے ایسی ہی کشش ، آنکھیں تو کھلیں ، دل کھینچتا ہے
جو حُر کی طرح سوچا سمجھا ، پھر اور کسی کا ہو نہ سکا

مظلوم کے خونِ ناحق سے ، مذہب کی حدیں قائم ہیں رضا !
لوگوں نے تماشا کر دیکھا ، اسلام تماشا ہو نہ سکا

سید آل رضا

Marfat.com

کیا قیامت کا سماں تھا ، دوستو !
خون سے رنگیں جہاں تھا ، دوستو !
ذرہ ذرہ کربلا کا زخم تھا
راستے میں کارواں تھا ، دوستو !

ہائے کیا قسمت مرے پیاروں کی تھی
زندگی مشکل میں بے چاروں کی تھی

Marfat.com

تھے زمین و آسماں خاموش سے
فرطِ حیرت سے ہوئے مدہوش سے
لحہ لحہ پر قیامت کا گماں
دم بخود قدرت تھی جذب و جوش سے
محشرِ صغریٰ کی اک تصویر تھی
پاؤں میں بیمار کے زنجیر تھی

ہے غلط یہ حشمتِ جاہ و جلال
ان کی خواہش تھی پراگندہ خیال
کلمہ گویانِ محمد ہیں گواہ
اور شاہد ہے خدائے لایزال
وہ فقط اللہ کی خاطر لڑے
اور مقابل میں کئی شاطر لڑے

اور کیا تحریر ہو اب داستاں
داستانِ کربلا ہے ترجماں
سیّد مظلوم کو کیجے سلام
ہے انہی کے دم سے یہ روشن جہاں
زندگی اپنی نچھاور کر گئے
خدمتِ دینِ پیمبر کر گئے

عابد شاہ عابد

Marfat.com

کیا کہوں کیا کربلا کے خونچکاں منظر میں ہے
ہے زمیں سکتے کے عالم میں ، فلک چکر میں ہے

خون کے چھینٹوں سے تازہ کی بہار اسلام کی
کہ بقائے دوجہاں پنہاں اسی جوہر میں ہے

واقعاتِ کربلا عبرت بھری نظروں سے دیکھ
زندگی کا راز پوشیدہ اسی دفتر میں ہے

پھر ضرورت ہے مٹا دو آ کے باطل کا وجود
پھر وہی جبرِ یزیدی بانیانِ شر میں ہے

کون رکھتا ہے یہاں جامِ شہادت کی طلب
یوں رضائے حق کا سودا آج کس کے سر میں ہے

ہے علاجِ کفر و باطل اب بھی مسلم کا جلال !
اک قیامت آج بھی بگڑے ہوئے تیور میں ہے

عقل حیراں ہے ، نظر خاموش ، زاہد ! عشق کا
آخری سجدہ حضورِ خالقِ اکبر میں ہے

صوفی عبدالوہاب زاہد چشتی

Marfat.com

کیا منزلت و شان تری ابنِ علی ہے
جَد ختمِ رسل ، باپ ولی ابنِ ولی ہے

اجداد ہیں امجاد تو ممتاز ہے اولاد
جس رخ سے بھی دیکھو کَرِم لَمْ یَزَلی ہے

وہ باپ ، جسے کہتے ہیں اللہ کا چہرہ
وہ ماں ہے ، جو آغوشِ نبوت میں پلی ہے

تو پاک ہے ، طیب ہے ، مُزَکّیٰ ہے ، مُطہّر
طینت تری تطہیر کے سانچے میں ڈھلی ہے

ہے وصف خفی تیرا اگر سورۂ کوثر
تو لَمْعَۃ لَمْحیٰ تری توصیفِ جلی ہے

سر دینا رہِ حق میں ہے تیرے لئے معراج
اور موت ترے واسطے مصری کی ڈلی ہے

ہے راحتِ جاں مدحتِ اولادِ پیمبر
ہر بیت مرا گلشنِ ایماں کی کلی ہے

سید راحت حسین راحت

Marfat.com

کیسی پیشِ رب جھکی تھی تیری پیشانی، حسین!
خود جبینِ عرش تک ہے محوِ حیرانی، حسین!

اپنی رفعت، نوکِ نیزہ پر بھی منوا کر رہا
کتنا مشکل کام اور کتنا بآسانی، حسین!

ہے شبِ عاشور چہرے کے تغیر سے عیاں
تیری جانب جھک رہی ہے حُر کی پیشانی، حسین!

تیرے ہونٹوں کی قسم بارِ ندامت کم نہیں
پانی پانی ہی رہے گا حشر تک پانی، حسین!

چند لمحے وقت کی میزاں پہ آتے ہی نہیں
آخری سجدہ ہے تیرا کتنا طولانی، حسین!

حشر تک کے واسطے دونوں کی یہ پہچان ہے
ظلم کا بانی یزید اور عدل کا بانی، حسین!

کوثر نقوی

Marfat.com

کیسے زباں پہ لاؤں فسانہ حسین کا
لوٹا ہے ظالموں نے گھرانا حسین کا

جیسے بھی کوئی چاہے ، کرے شرحِ کربلا
ممکن نہیں ہے نام مٹانا حسین کا

زہرا کی روحِ پاک بھی تھی سخت بے قرار
جب قافلہ ہوا تھا روانہ حسین کا

خیمے جلے ہوئے نظر آتے ہیں جس جگہ
اے چشمِ تر وہاں تھا ٹھکانہ حسین کا

جب راکبِ رسول تھا ، نازِ بتول تھا
آتا ہے یاد وہ بھی زمانہ حسین کا

تا حشر خوں رلائے گا اہلِ مدینہ کو
جانا ، مگر نہ لوٹ کے آنا حسین کا

مجھ کو خدا بچائے گا دوزخ کی آگ سے
رفعتؔ ! ہوں میں غلام پرانا حسین کا

رفعت سلطان

Marfat.com

کیسے کروں بیان میں رتبہ حسین کا
نانا کے دیں کے واسطے صدقہ حسین کا

ظالم کے ظلم و جبر پہ تڑپی تھی سرزمیں
رویا تھا کتنے درد سے کوچہ حسین کا

بچے بھی کٹ کے ہو گئے اس راہ پر شہید
تھا کس قدر دلیر وہ کنبہ حسین کا

جاتا ہے لے کے جانبِ منزل یہ نقشِ پا
کتنا حسیں ہے دیکھئے رستہ حسین کا

طاغوتی حکمرانی مٹانے کے واسطے
لانا پڑے گا پھر وہی لہجہ حسین کا

ہو کے شہید کر گئے وہ دیں کو جاوداں
رشتہ تھا کتنا دین سے پختہ حسین کا

قربانیوں کا درس ہے اس میں چھپا ہوا
کہے بیان ہر کہیں قصہ حسین کا

عاکف غنی

Marfat.com

کیوں خدائی ہو نہ جان و دل سے قربانِ حسین
بوسہ گاہِ مصطفیٰ ہے شہ رگِ جانِ حسین

آج تک ہیں غیر قومیں بھی ثناخوانِ حسین
اللہ اللہ! کیا عظیم الشان ہے شانِ حسین

کام آئے بہرِ حق سب نونہالانِ حسین
ہوگیا نذرِ خزاں سارا گلستانِ حسین

مرحبا ! یہ حق پرستی یہ صداقت پروری
حضرتِ حر ہو گئے مقتل میں قربانِ حسین

جان دی لیکن دیا ہرگز نہ دستِ حق پرست
اللہ اللہ! کس قدر محکم تھا ایمانِ حسین

رن میں آتے تھے نظر کشتوں کے پشتے ہر طرف
وار جب اعداء پہ کرتے تھے جوانانِ حسین

کوئی خطرہ ہی نہیں شاغلؔ کو یومِ حشر کا
تا ابد محفوظ ہے وہ زیرِ دامانِ حسین

شاغل نظامی

Marfat.com

گرد ہے اکسیر ، خاکِ کربلا کے سامنے
زرد مٹی کی حقیقت کیا طلا کے سامنے

پردہ پوشِ عاصیاں ، ہے ان کا دامانِ وسیع
کیا گنہ کا ڈھانپنا ، آلِ عبا کے سامنے

کہتے تھے حضرت علی اکبر کا جانا ہے غضب
ہم نہ دنیا سے گئے اس دلربا کے سامنے

جب سکینہ کی زباں پر پیاس کے کانٹے پڑے
سر جھکا کر مشک لے آئی چچا کے سامنے

فقر کی دولت کو کیا خالق نے بخشا ہے وقار
ہاتھ پھیلاتا ہے سلطاں بھی گدا کے سامنے

فصلِ پیری میں ہوس دنیا کی توبہ کر انیسؔ!
حشر میں کس منہ سے جائے گا خدا کے سامنے

Marfat.com

لباس ہے پھٹا ہوا غبار میں اٹا ہوا
تمام جسمِ نازنیں چھدا ہوا کٹا ہوا
یہ کون ذی وقار ہے بلا کا شہسوار ہے
کہ ہے ہزاروں قاتلوں کے سامنے ڈٹا ہوا
یہ بالیقیں حسین ہے نبی کا نورِ عین ہے

یہ جس کی ایک ضرب سے ، کمالِ فنِ حرب سے
کئی شقی گرے ہوئے ، تڑپ رہے ہیں کرب سے
غضب ہے تیغۂ دوسر ، کہ ایک ایک وار پر
اٹھی صدائے الاماں ، زبانِ شرق و غرب سے
یہ بالیقیں حسین ہے نبی کا نورِ عین ہے

یہ کون حق پرست ہے ، رضائے حق میں مست ہے
کہ جس کے سامنے کوئی ، بلند ہے نہ پست ہے
ادھر ہزار گھات ہے ، مگر عجیب بات ہے
کہ ایک سے ہزارہا کا حوصلہ شکست ہے
یہ بالیقیں حسین ہے ، نبی کا نورِ عین ہے

Marfat.com

دلاوری میں فرد ہے ، بڑا ہی شیر مرد ہے
کہ جس کے دبدبے سے دشمنوں کا رنگ زرد ہے
حبیبِ مصطفیٰ ہے یہ ، مجاہدِ خدا ہے یہ
جبھی تو اس کے سامنے یہ فوج گرد برد ہے
یہ بالیقیں حسین ہے ، نبی کا نورِ عین ہے

ادھر سپاہِ شام ہے ، ادھر علیہ سلام ہے
ادھر ہیں دشمنانِ دیں ، ادھر فقط امام ہے
مگر عجیب شان ہے ، غضب کی آن بان ہے
کہ جس طرف اٹھی ہے تیغ ، بس خدا کا نام ہے
یہ بالیقیں حسین ہے ، نبی کا نورِ عین ہے

عبا بھی تار تار ہے ، تو جسم بھی فگار ہے
زمیں بھی ہے تپی ہوئی ، فلک بھی شعلہ بار ہے
مگر یہ مردِ تیغ زن ، یہ صف شکن ، فلک فگن
کمالِ صبر و تن دہی سے ، محوِ کارزار ہے
یہ بالیقیں حسین ہے ، نبی کا نورِ عین ہے

ابوالاثر حفیظ جالندھری

Marfat.com

لبِ فرات جو پیاسا دکھائی دیتا ہے
ہر ایک قطرہ لہو سا دکھائی دیتا ہے

جو یاد آتے ہیں مجھ کو جلے ہوے
دھواں سا دل سے پھر اٹھتا دکھائی دیتا ہے

مجھے جو خاص عقیدت یہ پنجتن سے ہے
یہی نجات کا رستہ دکھائی دیتا ہے

نصابِ حق وہ بھلا کب مٹا سکا تھا یزید
لہو سے ریت پہ لکھا دکھائی دیتا ہے

ہے یاد دل میں مرے کربلا کے پیاسوں کی
مجھے فرات بھی صحرا دکھائی دیتا ہے

یقین کیسے میں کرلوں کہ رک گیا ہے ستم
لہو تو آج بھی بہتا دکھائی دیتا ہے

کسی بھی غم پہ جو رویا نہیں کبھی عارفؔ!
غمِ حسین میں روتا دکھائی دیتا ہے

Marfat.com

لبِ فرات شہِ تشنگاں کو سوچتا ہوں
قدم زمیں پہ ہیں اور آسماں کو سوچتا ہوں

قدم قدم پہ مصائب کا سامنا تجھ کو
میں تیرے صبر، ترے امتحاں کو سوچتا ہوں

خبر کہیں سے بھی آئے کسی کے لٹنے کی
مرے امام ! ترے کارواں کو سوچتا ہوں

جب اس جہاں میں کہیں بھی مجھے اماں نہ ملے
حسین مولا ! ترے آستاں کو سوچتا ہوں

سَموم جس کے مقدر بجائے بادِ بہار
ترے لٹے ہوئے اس گلستاں کو سوچتا ہوں

حسین ! خون رلاتا ہے مجھ کو دھیان ترا
سلگتی دھوپ میں جب سائباں کو سوچتا ہوں

Marfat.com

لکھا شبیر نے خوں سے خدا کا نام سجدے میں
حیاتِ دائمی کا لے لیا انعام سجدے میں

میانِ حق و باطل فرق کر دو سر کٹا کر تم
حسین ابنِ علی نے یہ دیا پیغام سجدے میں

کٹا دن دس محرم کا اُٹھاتے لاشے اپنوں کے
ہوئی شبیر کی ہے زندگی کی شام سجدے میں

نمازِ عصر جائے تو خسارا ہی خسارا ہے
یہی پیغام تھا سب عاشقوں کے نام سجدے میں

کسی تک بھی نہیں پہنچا کسی نے بھی نہیں چکھا
محمد کے نواسے کو ملا جو جام سجدے میں

عروقِ مردہ اس کی اپنے خوں سے جاری کر ڈالیں
کیا شبیر نے یوں زندہ پھر اسلام سجدے میں

لٹا کے گھر کا گھر ساجد خدا کو کر لیا راضی
یزیدی قوتوں کو کر دیا ناکام سجدے میں

ساجد لطیف

Marfat.com

لکھا ہے عجزِ بیاں میں تمہارے نام سلام
قبول ہو مرے آقا ! مرا یہ خام سلام

سلام لکھتے رہو محفلوں میں پڑھتے رہو
جو کام ہو نہیں پاتا کرے وہ کام سلام

یہ کس شہید کی جنت میں آمد آمد ہے
نبی کے ساتھ فرشتے کہیں سلام سلام

مری نماز مجھے راستہ دکھاتی ہے
ہے میرا سجدہ عبادت ، مرا سلام سلام

نہ عاقبت کی اسے فکر ہے نہ محشر کی
گرہ میں لے کے چلا ہے کوئی غلام سلام

حلیمؔ ! خون سے آواز ایک آتی ہے
سلام ، اے مرے مولا ! مرے امام ! سلام

حلیم قریشی

Marfat.com

لکھایا مسکرا کر اصغرِ بے شیر نے فتویٰ
سنایا قریہ قریہ زینبِ دلگیر نے فتویٰ

بہتّر[72] با وفا معصوم جانوں کی شہادت پر
لکھا دشتِ وفا پر خون سے شبیر نے فتویٰ

تھے بے گور و کفن لاشے، حرم طوق و سلاسل میں
دیا ہر گام پر سجاد کی زنجیر نے فتویٰ

زمانہ یاد رکھے گا سدا خطبات زینب کے
دیا دربار میں کیا شیر دل ہمشیر نے فتویٰ

میانِ حق و باطل کربلا میں کر دیا صادر
اذانِ فجر میں اکبر تری تکبیر نے فتویٰ

ہزاروں عالموں کے جھوٹ کی تردید کرنے کو
دیا ہر سطرِ قرآں کی صحیح تفسیر نے فتویٰ

کسی نے جب نہ مانا رتبۂ اطہار تو حیدرؔ!
کیا صادر وہیں پر آیۂ تطہیر نے فتویٰ

Marfat.com

لہو تیرا جو ان آنکھوں کے آتش دان تک آیا
ترے ایمان کا صدقہ مرے ایمان تک آیا

محمد نے بھی فرمایا تھا ''تو مجھ سے ہے میں تجھ سے''
تری قربانیوں کا سلسلہ قرآن تک آیا

نبوت کے شہادت کے صداقت کے حوالے سے
گیا انساں خدا تک اور خدا انسان تک آیا

شہادت ، اعترافِ بندگی کی آخری حد ہے
یہی حد پار کرنے عدل تک احسان تک آیا

نہ کم کی دھوپ سورج نے ، نہ دریا نے دیا پانی
کسی کو بھی نہ اس کی تشنگی کا دھیان تک آیا

مظفرؔ ! ہر محرم میں سلام ان پر نیا بھیجوں
زہے تقدیر غم اس کا ، مرے وجدان تک آیا

مظفر وارثی

Marfat.com

لہولہو ہے زبانِ قلم بیاں کے لیے

لہو لہو ہے زبانِ قلم بیاں کے لیے
یہ گُل چنے ہیں شہیدوں کی داستاں کے لیے

کھڑے ہیں شاہ کمربستہ امتحاں کے لیے
پھر ایسی رات کب آئے گی آسماں کے لیے

دیا بجھا کے یہ کہتے تھے ساتھیوں سے حسین
جو چاہو ڈھوند لو رستہ کوئی اماں کے لیے

کہا یہ سن کے رفیقوں نے یک زباں ہو کر
یہ جاں تو وقف ہے مولائے انس و جاں کے لیے

ہمیں تو منزلِ آخر ہے آستانِ حسین
یہ سر جھکے گا نہ اب اور آستاں کے لیے

ستارے ڈوب گئے وقت ڈھونڈتا ہے پناہ
کڑی ہے آج کی شب دورِ آسماں کے لیے

گواہی باقی ہے اصغر کی، لے چلے ہیں حسین
ورق اک اور بھی ہے زیبِ داستاں کے لیے

لٹا ہے دشتِ غریبی میں کارواں کس کا ؟
کہ خاک اڑاتی ہے منزل بھی کارواں کے لیے

کہاں کہاں نہ لٹا کاروانِ آلِ نبی
فلک نے ہم سے یہ بدلے کہاں کہاں کے لیے؟

یہ دشتِ کرب و بلا ہے جنابِ خضر! یہاں
ہے شرط تشنہ لبی عمرِ جاوداں کے لیے

بہے ہیں کس قدر آنسو چھپے ہیں کتنے ہی داغ
یہ جمع و خرچ ہے باقی، حساب داں کے لیے

سکوتِ اہلِ سخن بھی ہے ایک طرزِ سخن
یہ نکتہ چھوڑ دیا میں نے نکتہ داں کے لیے

سخن کی تاب کہاں اب کہ دل ہے خوں ناصرؔ!
زبانِ تیر چلی ، ایک بے زباں کے لیے

ناصر کاظمی

Marfat.com

لہو میں ڈوبے ہوئے خاک میں نہائے ہوئے
یہ کون لوگ ہیں دنیائے غم پہ چھائے ہوئے

گزر گیا ہے کوئی دن دعائے صبر کے ساتھ
گزر گئی ہے کوئی شب دیا بجھائے ہوئے

ہمارا کیا کسی خورشید سے ہو ربط ، کہ ہم
ترے چراغ کی لو سے ہیں لو لگائے ہوئے

حسین ! یوں تری باہوں میں ہے علی اصغر
کہ جیسے کوئی ہو دستِ دعا اٹھائے ہوئے

یہ بوجھ طوق و رسن کا نہیں ، حیا کا ہے
نبی کی آل کھڑی ہے جو سر جھکائے ہوئے

کسی کی تشنہ لبی کا ہے تذکرہ شہزاد!
ہماری آنکھ میں لگتے ہیں اشک آئے ہوئے

قمر رضا شہزاد

Marfat.com

ماوریٰ الفاظ کے نرغے سے ہے شانِ حسین
خود رسول اللہ ہیں شورش ! ثنا خوانِ حسین

اپنی بخشش کے لئے ان کی ثنا خوانی کرو
آخرت کی نعمتیں ہیں زیرِ دامانِ حسین

خونِ حیدر کو ہے ان کی میزبانی کا شرف
کربلا کی خاک کے ذرے ہیں مہمانِ حسین

شمرِ ذوالجوشن پہ لعنت ہو خدا کی بے حساب
ہاتھ اس بدبخت کے تھے اور گریبانِ حسین

چار مصرعوں میں حقائق کو سمو کر رکھ دیا
تھے معین الدین چشتی مرتبہ دانِ حسین

کیا ڈرا سکتے ہیں مجھ کو دشمنانِ اہلِ بیت
میں نے دل پر نقش کر رکھا ہے فرمانِ حسین

میں خطیب العصر ہوں نہج البلاغۃ کی قسم
میں ہوں شورش ! طالبِ علمِ دبستانِ حسین

شورش کاشمیری

Marfat.com

متاعِ منزلِ کونین تیرا صبرِ جمیل
تری رضا پہ ہوئی ختم داستانِ خلیل

کچھ اس طرح سے ہوا تجھ پہ لطفِ ربِ جلیل
وظیفہ اہلِ نظر کا ہے تیرا ذکرِ جمیل

تری عطا کا کوئی حرف سے پوچھ لے احوال
بس اک نگاہ سے تقدیر ہوگئی تبدیل

تیرے لہو سے جو ملّت نہ ہو سکی بیدار
جگا سکے گا کہاں اس کو صورِ اسرافیل

جہاں بھی قافلۂ انقلاب ہوگا رواں
تری نوا سے ملے گا اسے پیامِ رحیل

سلام تجھ پہ کہ "آلیوم" کی فضاؤں میں
تجھے سنبھال کے رکھا گیا پئے تکمیل

Marfat.com

مثالی ہے سچ کو یہ معیار دینا
بھرے گھر کو سچائی پر وار دینا

حسین ابنِ حیدر ہی کا حوصلہ تھا
یزیدِ صف آراء کو للکار دینا

یہ نسبت بڑی بار آور ہے یارب!
مجھے ہمتِ صبر و ایثار دینا

عجب عہد تھا وہ ، کیا رَدّ جو شہ نے
فقط ہاتھ میں ہاتھ اک بار دینا

یہاں کام ہی قطعِ شر کا ہے ورنہ
وہ کیا جانیں دشمن کو آزار دینا

محشر بدایونی

Marfat.com

جگر گوشۂ بتول

محبتوں کے چراغ روشن حسین سے ہیں
تمام دنیا کے مرد، آہن، حسین سے ہیں

جہاں بھی اہلِ ہنر کی باتیں سنی ہیں ہم نے
کہا سبھی نے کہ خام، کندن، حسین سے ہیں

کوئی بھی رُت ہو، بفضلِ کربل بہار ہو گی
کہ سب بہاریں، تمام ساون، حسین سے ہیں

خدا نے ان کو، نبی کے صدقے بنایا رہبر
شہادتوں کے تمام گلشن حسین سے ہیں

حسین ہی نے کیا ہے دینِ حنیف زندہ
حسین ان سے، نبیِ احسن حسین سے ہیں

Marfat.com

محراب کی ہوس ہے نہ منبر کی آرزو
ہم کو ہے طبل و پرچم و لشکر کی آرزو

بام و جدال و گردِ رہِ عزم کا ہے شوق
اورنگ کی ہوس ہے نہ افسر کی آرزو

تعویذ کیا کروں گا کہ ان بازوؤں کو ہے
اژدر شکار قوتِ حیدر کی آرزو

کرنا ہے اپنے خون میں ہم کو شناوری
تسنیم کی تڑپ ہے نہ کوثر کی آرزو

اس آرزو سے میرے لہو میں ہے جزر و مد
دشتِ بلا میں تھی جو بہتر[72] کی آرزو

ہاں عمرِ جاوداں کی ہمیں بھی نوید دے
اے موت ! اے جوانیٔ اکبر کی آرزو

جوشؔ ! اس سبوئے قلب پہ کون و مکاں نثار
غلطاں ہو جس میں ساقیٔ کوثر کی آرزو

جوش ملیح آبادی

Marfat.com

محفلِ نور عقیدت سے سجا رکھی ہے
دل کے ہر ساز کی ہر تار ہلا رکھی ہے

چارہ گر کوئی نہیں تیرے سوا دنیا میں
جس نے بیمارئ عصیاں کی دوا رکھی ہے

مردہ دل زندہ ہوا کرتے ہیں جس سے، رب نے
تیرے کوچے کی ہوا میں وہ شفا رکھی ہے

یا نبی تیرا گھرانہ ہے جہاں میں ایسا
جس نے دنیا میں سخاوت کی بنا رکھی ہے

تیرے شبیر نے دنیا کو بہاریں دے کر
اپنے بچوں کے لئے کرب و بلا رکھی ہے

مجھ کو پروا نہیں شاہوں کی ، ہمیشہ میں نے
جھولی دروازۂ زہراء پہ پھیلا رکھی ہے

قصۂ کرب و بلا سن لو خضرؔ سے لوگو !
اس نے اک طرزِ بیاں سب سے جدا رکھی ہے

پیر سید خضر حسین چشتی

Marfat.com

مجھے فریب نہ دے کوئی شمر ، کوئی یزید
کہ میرے پیشِ نظر ہے حسین کی تقلید

لگا کے نعرۂ حق ، توڑ کر سرِ باطل
حسین نے ہمیں سمجھائے معنیٔ توحید

نصیب ہوگا مجھے شاہِ کربلا کا جمال
سنا ہے حشر کے دن جمع ہوں گے پیر و مرید

خدا نے خوب لعینوں سے انتقام لیا
جہاں میں بن گیا دُشنام ، نامِ شمر و یزید

مرے لئے تو ہے قرآں ، امام کا چہرہ
کھلی ہوئی ہے مرے سامنے کتابِ مجید

تھا قدسیوں کی زباں پر بھی وردِ صَلِّ علیٰ
حسین جب ہوئے میدانِ کربلا میں شہید

حافظ محمد مظہر الدین

Marfat.com

مری زبان پہ ہے نامِ دلکشائے حسین
ہزار جان سے ہے میری جاں فدائے حسین

یزیدیت سے نبرد آزمائی کرتا کون ؟
جہاں میں اور نہیں تھا کوئی سوائے حسین

فضائے ارض و سما سوگوار ہونے لگی
بچشمِ نم جو کیا ذکرِ جانفزائے حسین

ادھر یزید کا لشکر ہے خون کا پیاسا
ادھر ہے اصغرِ معصوم و بے نوائے حسین

بلند نام خدا کا ہو ، سر رہے نہ رہے
یہی رضائے خدا تھی ، یہی رضائے حسین

خدا کے نور سے سمجھیں گے متقّل اس کو
نبی کے نور سے ہے نورِ پر ضیائے حسین

غرورِ قوتِ باطل کو توڑنے کے لیے
رشیدؔ ! کوئی نہ آیا بس ایک آئے حسین

رشید عثمانی

Marfat.com

کٹا کے سر بھی بدستور مسکرائے حسین

ری مجال ہے کیا ! کر سکوں ثنائے حسین
کسی کے دائرۂ فکر میں نہ آئے حسین

قام و مرتبہ و شانِ ارتقائے حسین
بڑھا رہا ہے خدا کی قسم خدائے حسین

باز و ناز کے انداز سب فدائے حسین
ہے لَاالٰہ کی بنیاد ہر ادائے حسین

جاتِ امّتِ عاصی ہے ابتلائے حسین
جوابِ جنتِ فردوس کربلائے حسین

شکن جبیں پہ کبھی بھول کر نہ لائے حسین
کٹا کے سر بھی بدستور مسکرائے حسین

خدا گواہ کہ ہیں دوجہاں برائے حسین
یہ دل نثارِ حسین اور جاں فدائے حسین

گاہِ شوق ہے آئینۂ لقائے حسین
دلِ فسردہ ہے مستِ مئے ولائے حسین

کسے نصیب ہوئی یہ شہادتِ عظمیٰ
شہیدِ راہِ وفا کون ہے ؟ سوائے حسین

ضائے عالمِ اسلام جگمگا اٹھی
طلوع جب ہوا خورشیدِ پر ضیائے حسین

یہ ایک راہِ ظفر امتحانِ عشق میں تھی
کہ سر کٹائے حسین اور گھر لٹائے حسین

ادھر یزید کا وہ جبر اور استبداد
ادھر یہ حوصلۂ صبر آزمائے حسین

خیال و وہم کی دنیا میں کھوگئی دنیا
جہاں میں پا نہ سکا کوئی مدّعائے حسین

اگر حسین سے نسبت نہیں تو کچھ بھی نہیں
ہزار کوئی کہے جائے ہائے ہائے حسین

ہزار ملتے ہیں یوں مدّعی محبت کے
عزیزؔ ! ہو تو کوئی درد آشنائے حسین

عزیز حاصل پوری

Marfat.com

مژدہ اے ضبطِ فغاں ! ماہِ محرم آگیا
گردشِ پیہم میں جامِ دیدۂ نم آگیا

پھر نظر میں پھر گئی سیّد کے رخ کی تازگی
آنکھ کے آئینے میں پھر عکسِ شبنم آگیا

گود میں پیاسا علی اصغر تڑپتے دیکھ کر
یاد مجھ کو یک بہ یک سیلابِ زمزم آگیا

جب سکینہ کے لئے پانی کا مشکیزہ پھٹا
ہوش سے دریا گئے اور جوش میں یمّ آگیا

شہ نے دینِ جاں بہ لب کو پھر سے زندہ کر دیا
جان میں پھر جان آئی ، دم میں پھر دم آگیا

کس قدر تاثیر تھی شبیر کی تقریر میں
حُر کہ تھا مردِ جری ، سر کو کیے خم آگیا

ابنِ زہرا کی شہادت کا بیاں ہونے لگا
لیجئے فیضانؔ ! پھر سکتے میں عالم آگیا

Marfat.com

مسلمانوں کے دل میں جذبۂ اسلام باقی ہے
قدح خواروں کے خم میں بادۂ گلفام باقی ہے

یزیدی اور زیادی یاد بھی آتے نہیں ہم کو
مگر اب تک حسین ابنِ علی کا نام باقی ہے

وہ مَنْ یُّقْتَلْ کی سرخی ہے حدیثِ نامۂ جاں پر
خدا کی طرح اس کا آخری پیغام باقی ہے

سناں پر گرچہ اس کا سر، نشانِ حجّتِ حق تھا
مگر اس حجّتِ حق کا، ابھی اِتمام باقی ہے

حسین ابنِ علی کے قتل کا مطلب نہ ہم سمجھے
یہ ہم پر آج تک اسلام کا الزام باقی ہے

نہ ہو کچھ نام سے مطلب فقط ہو کام سے مطلب
بقول اقبال کے اسلامیوں کا کام باقی ہے

Marfat.com

معراجِ یقیں ، عہدِ ذبیح اللہ کی تفسیر ، قربانیٔ شبیر
کربل میں ہوئی خوابِ براہیم کی تعبیر ، قربانیٔ شبیر

زندہ ہیں تری گونج میں تابندہ زمانے ، پائندہ زمانے
باطل کے لئے موت کا پیغامِ ہمہ گیر ، قربانیٔ شبیر

Marfat.com

اونچا ہے ترے نام کی نسبت سے ہمہ دم ، توحید کا پرچم
تجھ سے ہوا میثاقِ وفا باعثِ توقیر ، قربانیٔ شبیر

رنگین ہے جس خون سے اسلام کا دامن ، وہ عہد ہے روشن
پیشانیٔ دیں پر ہے چمکتی ہوئی تحریر ، قربانیٔ شبیر

ہر دور میں تازہ ہے وفاؤں کی کہانی ، ہوگی نہ پرانی
لکھتی ہی چلی جاتی ہے جرأت کے دساتیر ، قربانیٔ شبیر

دیتے ہیں زمانے تیری عظمت کو سلامی ، اے عزمِ دوامی
پیوست کیا ظلم کے سینے میں عجب تیر ، قربانیٔ شبیر

ہونے نہ دیا عظمتِ اجداد کو پامال ، ایسا ترا اجمال
قائم ہے ترے دم سے ہی اسلاف کی جاگیر ، قربانیٔ شبیر

نیزے پہ تلاوت ہوئی ، حیران تھا جبریل ، بے مثل تھی ترتیل
حرمت تجھے میراث ہوئی آیۂ تطہیر ، قربانیٔ شبیر

آزرؔ ! کہیں دنیا میں اگر حشر بپا ہو ، یا ظلم روا ہو
ہے ظلم کی گردن کے لئے حلقۂ زنجیر ، قربانیٔ شبیر

Marfat.com

سلطانِ دیں، شہیدِ صداقت پہ سو سلام

مقبولِ بارگاہِ نبوت پہ سو سلام
سر تا بہ پا رضائے مشیت پہ سو سلام

زہرا کے لعل ، مالکِ جنت پہ سو سلام
سلطانِ دیں ، شہیدِ صداقت پہ سو سلام

آبِ بقا سمجھ کے ہر اک غم کو پی گئے
اربابِ دیں کے ذوقِ شہادت پہ سو سلام

تاریخِ دیں کو جس نے مکمل بنا دیا
اس کے عمل پہ اس کی ارادت پہ سو سلام

لاکھوں درود راکبِ دوشِ رسول پر
خیرُالنساء کے لعل کی عظمت پہ سو سلام

سردارِ خلد ، قاسمِ کوثر ، شفیعِ حشر
محبوبِ مصطفیٰ کی فضیلت پہ سو سلام

حق کی رضا کے سامنے خم تھا سرِ نیاز
ایسے خلوص ، ایسی اطاعت پہ سو سلام

عالم کو جس کی راہنمائی پہ فخر ہے
اس میرِ کاروانِ شریعت پہ سو سلام

آئی نہ باوجودِ ستم لب پہ بد دعا
ابنِ علی کے حلم و متانت پہ سو سلام

لاکھوں درود آلِ رسالت مآب پر
ان کے خیال ، ان کی محبت پہ سو سلام

خونِ جگر سے سینچا گلستانِ دین کو
اس بے مثال جذبۂ خدمت پہ سو سلام

عبرتؔ! تم ان کی آل پہ پڑھتے رہو درود
بھیجے ہیں حق نے جن کی محبت پہ سو سلام

عبرت صدیقی بریلوی

Marfat.com

مقتل کی سمت صورتِ خیبر شکن چلے
عباس آج حیدرِ کرّار بن چلے

ابنِ زیاد تیرے گماں میں نہ تھا مگر
صحرا میں جنگ جیت کے ہیں بے وطن چلے

سارے شغال بھاگ گئے تھے یزید کے
جب ہاشمی جوان ، سبھی سوئے رن چلے

خورشید شرمسار ہے ، شدّت کے باوجود
مولا حسین صورتِ سایہ فگن چلے

چلتے کہاں تھے اپنی رضا پر جہان میں
مرضئ کردگار پہ شاہِ زمن چلے

باطل کے لشکروں میں قیامت بپا ہوئی
کچھ اس طرح سے دشت میں، تشنہ دہن چلے

پشتِ فرس پہ ہمسرِ افلاک ہیں اسدؔ !
غازی مثالِ ماہرِ شمشیر زن چلے

Marfat.com

منسوب جو ہوئی ہے شہادت کے نام سے
قائم ہوئی ہے حق کی وہ حجت امام سے

جاں دے کے اہلِ عشق نے سب زندگی کے قرض
بے باق کر دیئے ہیں حیاتِ دوام سے

یہ راہِ کربلا بھی ہے کن نوریوں کی راہ
قدموں کے سب نشان ہیں ماہِ تمام سے

ابنِ خلیل سے ہے جو رشتہ حسین کا
وہ رشتہ کربلا کا ہے بیت الحرام سے

چشمِ فلک نے دیکھا ہے تابشؔ ! یہ سانحہ
اہلِ سحر کا واسطہ ہے اہلِ شام سے

Marfat.com

منظر وہ شامِ غم کا ، لہو منظروں میں تھا
کرب و بلا کا عکس سبھی آئینوں میں تھا

تشنہ لبی وہ تھی کہ کنارِ فرات سے
اشکوں کا ایک سیل رواں گھاٹیوں میں تھا

چھایا ہوا تھا خوف ، یزیدانِ وقت پر
لیکن بلا کا حوصلہ ، ان کمسنوں میں تھا

اصغر نثار ہو گئے ، اکبر ہوئے فگار
پھر بھی مرا حسین بڑے حوصلے میں تھا

ارض و سما کے پاس ، کہاں ایسی جرأتیں
وہ صبرِ بے مثال کہ خیمہ زنوں میں تھا

سجادِ سوگوار کے ہاتھوں میں تھی مہار
کچھ بیڑیوں کا شور ، انہی دائروں میں تھا

اس سانحہ پہ رو پڑے طاہرؔ ! یہ آسماں
عالم جو ضبطِ گریہ کا ، ان بیبیوں میں تھا

ڈاکٹر طاہر تونسوی

Marfat.com

میٹھا میٹھا ہے میرے محمد کا نام
ان پہ لاکھوں کروڑوں درود و سلام

لاکھوں اربوں درود آپ کی آل پر
سیدہ فاطمہ کے حسین لعل پر
ہے کیا نوش جس نے شہادت کا جام
ابنِ حیدر پہ لاکھوں کروڑوں سلام

زیرِ خنجر بھی جو مسکراتا رہا
شکر اپنے خدا کا بجاتا رہا
کلمۂ حق رہا جس کے لب پر مدام
ابنِ حیدر پہ لاکھوں کروڑوں سلام

اک خدا کی رضا جس کا مقصود تھا
ظلم سہتا رہا شکر کرتا رہا
جس کے صبر و تحمل کے چرچے ہیں عام
ابنِ حیدر پہ لاکھوں کروڑوں سلام

جس کے اصغر کو تیروں نے چھلنی کیا
سامنے جس کے اکبر پہ خنجر چلا
لٹ گیا سر شام جو امام ہمام
ابنِ حیدر پہ لاکھوں کروڑوں سلام

Marfat.com

جس جگہ پہ گرا خونِ جانِ بتول
جس جگہ تڑپا لاشۂ ابن رسول
اس جگہ کا ملائک کریں احترام
ابنِ حیدر پہ لاکھوں کروڑوں سلام

ہونٹ جس کے سدا چومتے تھے رسول
چاند کہہ کر بلاتی تھیں اماں بتول
دشتِ کربل میں ڈوبا وہ ماہِ تمام
ابنِ حیدر پہ لاکھوں کروڑوں سلام

کٹ گیا سر نہ آگے جفا کے جھکا
چڑھ کے نیزے پہ بھی جو ہے اونچا رہا
حشر تک اس کا اونچا رہے گا مقام
ابن حیدر پہ لاکھوں کروڑوں سلام

گھر کا گھر جس نے ہے راہِ حق میں دیا
جس نے روشن کیا دینِ حق کا دیا
اس کا روشن ہے حافظؔ ! ہمیشہ ہی نام
ابنِ حیدر پہ لاکھوں کروڑوں سلام

حافظ محمد حسین

Marfat.com

میدان میں جو اترا وہ بے باکِ کربلا
ڈھونڈیں پناہیں چار سُو ''چالاکِ کربلا''

کرتی نہ کیسے خلعتِ خلدِ بریں بھی رشک
پہنی تھی جب حسین نے پوشاکِ کربلا

جھک جھک کے کر رہا ہے جسے آسماں سلام
اٹھ اٹھ کے چومتی ہے اسے خاکِ کربلا

جب تک رہا وہ معرکۂ کربلا ، رہے
شبیر کے طواف میں افلاکِ کربلا

کٹ کٹ کے خود تو گرتے رہے خاک پر، مگر
آلِ نبی نے کٹنے نہ دی ناکِ کربلا

لرزاں ہو میری فکر جو سوچوں وہ سانحہ
مجھ سے نہ ہو سکا کبھی ادراکِ کربلا

ماحول کی زبان پہ ثاقبؔ ! ہو ''الاماں''
مذکور جب بھی ہوتے ہیں غم ناکِ کربلا

ثاقب علوی

Marfat.com

میرا حسین باغِ نبوت کا پھول ہے
حیدر کی اس میں جان ہے، خونِ بتول ہے

آلِ نبی کا پیار ہے ایماں کی زندگی
ان سے نہیں ہے پیار تو سب کچھ فضول ہے

دنیا میں اور کون ہے شبیر کے سوا ؟
ایسا سوار جس کی سواری رسول ہے

ایسی عظیم ذات ہے آقا حسین کی
جس کے لئے رسول کے سجدے میں طول ہے

جس کے لئے یزید نے اتنے ستم کیے
وہ تاج تو حسین کے قدموں کی دھول ہے

تو ان کے گھر سے مانگ لے جو کچھ بھی جی کرے
مختار دوجہان کی آلِ رسول ہے

گزرا جہاں جہاں سے نواسہ رسول کا
اب تک وہاں خدا کے کرم کا نزول ہے

Marfat.com

نام تیرا ہوا ہلال، حسین!

نام تیرا ہوا ہلال ، حسین !
مجھ پہ طاری ہے وجد و حال، حسین!

جتنا روتا ہوں ہچکیوں کے ساتھ
اتنا کھلتا ہے دل کا حال ، حسین !

اک ترا ذکر ہے شعورِ حیات
اک ترا غم ہے حسبِ حال، حسین!

بس ترے نام کی لطافت سے
ہوتا رہتا ہوں میں بحال ، حسین !

روشنی کا حصار ہے میں ہوں
تیرے غم، میرے ماہ و سال، حسین!

تجھ کو لکھا ہے اپنے سینے پر
اب تو ممکن نہیں زوال ، حسین !

کھلنے لگتا ہے دل کا مشکیزہ
بس تری پیاس ہے کمال، حسین!

جس پہ کھلتا ہے نیّت کا راز
اس پہ کھلتا ہے ہر سوال ، حسین !

مجھ پہ بھی کربلا کی گرد پڑے
اے محمد کے خوش خصال ! حسین !

میرا سایہ بھی مجھ پہ روشن ہو
یوں مقدر میرا اجال ، حسین !

دل کے رستے سے چشمِ تر ہے رواں
جانتا تو ہے مرا حال ، حسین !

میں صدفؔ ہوں تری ہی نسبت سے
روشنی ہے مرا مآل ، حسین !

پروفیسر صدف چنگیزی

Marfat.com

نام و نسب حسین کا جرأت حسین کی
بے مثل بے مثال شہادت حسین کی

دیں قیمتی ہے دولتِ جاں قیمتی نہیں
ازبر ہمیں ہے خوب نصیحت حسین کی

بھاری ہوئی لعین کی فوجوں کے سامنے
شفاف و مختصر سی جماعت حسین کی

ایسے بھی کوئی جان لٹاتا ہے بار بار
دیکھی فلک نے ، صبر کی طاقت حسین کی ؟

نانا نے جس کے ناز اٹھائے ہزار بار
ہے کس کو آج یاد نزاکت حسین کی

ہاں حلقۂ یزید سے ، بچنے کے واسطے
ہے حشر تک سبھی کو ضرورت حسین کی

گستاخ ! دل کو تو بھی ذرا تندرست کر
بیمار کو شفا ہے عقیدت حسین کی

گستاخ بخاری

Marfat.com

نبی کی آنکھ کے تارے حسین ابنِ علی
علی کے راج دلارے حسین ابنِ علی

نماز تیغوں کے سائے میں بھی ضروری ہے
یہ کر گئے ہیں اشارے حسین ابنِ علی

بجز تمہارے، نقوش وفا و صبر و رضا
لہو سے کس نے سنوارے حسین ابنِ علی

یہ کس نے اپنا ٹھکانا کیا جہنم میں
یہ کون بکتا ہے؟ ہارے حسین ابنِ علی

تمہارے غم میں جو آنسو بہائے نازشؔ نے
بنے وہ اشک ستارے حسین ابنِ علی

حاجی محمد حنیف نازش

Marfat.com

نبی کی بیٹی کے گھر میں خوشی حسین سے ہے
زمیں سے تا بہ فلک روشنی، حسین سے ہے

کہا تھا شاہِ دو عالم نے یہ انہی کے لئے
حسین مجھ سے، مری زندگی حسین سے ہے

یزید وقت کے ایوانِ پر تکلف میں
دکھائی دیتی ہے جو کھلبلی، حسین سے ہے

یہ فردِ جرم ہر اک دور میں ہوئی تحریر
ہماری آج بھی کیوں دوستی حسین سے ہے

بچا لیا ہے اسے سر کٹا کے سجدے میں
جہاں میں سرخرو اب بندگی حسین سے ہے

شفاعت اس کی کرے گا نہ کوئی محشر میں
وہ آدمی کہ جسے دشمنی حسین سے ہے

خدا کے نام کا ڈنکا بجا دیا اس نے
خدا کے دین میں سب دلکشی حسین سے ہے

سید طاہر ناصر علی

Marfat.com

نبی کے لعل کا کچھ یوں خیال رکھا ہے
حسینیت کی مہک کو سنبھال رکھا ہے

دل و جگر میں مرے کوئی شے نہیں قائم
بس ایک دردِ حسینی کو پال رکھا ہے

جو اہلِ بیت سے قربت کو کہہ رہا ہے گناہ
تو اس نے اپنے لئے خود زوال رکھا ہے

خدا بھلا کرے ماں کا کہ اس نے دل میں مرے
غمِ حسین کو بچپن سے ڈال رکھا ہے

نہیں حسینی، تو ہے معترض کے دل میں یزید
یہ اس کے سامنے میں نے سوال رکھا ہے

فضائے حشر سے خوش ہوں کہ قلب میں، میں نے
جمالِ الفتِ قرآن و آل رکھا ہے

سید وحید الحسن ہاشمی

Marfat.com

نشاطِ نشّہِ صبر و رضا میں رہتا ہے
یہ میرا قلبِ حزیں کربلا میں رہتا ہے

کسی مقام پہ بھی مضمحل نہیں ہوتا
حسین ! آپ کی جو اقتدا میں رہتا ہے

سرور و کیف سے دل اس کا مشکبار ہوا
جو منہمک غمِ آلِ عبا میں رہتا ہے

خدا، رسول، فرشتے، بشر بھی اس کے ہیں
جو سر کٹا کے بھی اس کی رضا میں رہتا ہے

یہ ان کی چشمِ تلطف کا فیض ہے کہ یہ دل
حریمِ خلد کی آب و ہوا میں رہتا ہے

وہ سبّ و شتم، وہ اہلِ وفا پہ ظلم و ستم
اسی خیال سے دل ابتلا میں رہتا ہے

نثار جس کی ہوائے وفا پہ قلب و نظر
ریاضؔ! کعبۂ جاں اس فضا میں رہتا ہے

ریاض حسین زیدی

Marfat.com

نظامِ کن کی روانی ترے وجود سے ہے
یہ دوجہاں کی کہانی ترے وجود سے ہے

جو تیرا نام نہ ہو تو مری شناخت نہ ہو
مری ہر ایک نشانی ترے وجود سے ہے

یہ اور بات کہ پیاسا ہے تو لبِ دریا
مگر فرات کا پانی ترے وجود سے ہے

تری عطا سے ہے تاثیر میرے لفظوں میں
مرے بیاں میں معنی ترے وجود سے ہے

ترے خیال سے گویا ، وضو کیا دل نے
نمازِ عشق سہانی ترے وجود سے ہے

ترے طفیل ہی تو منجمد نہیں جذبے
یہ آنسوؤں کی روانی ترے وجود سے ہے

دیا ہے تو نے سہارا اسے بڑھاپے میں
کہ دینِ حق کی جوانی ترے وجود سے ہے

مرتضیٰ حسن سید

Marfat.com

نقشِ کرب و بلا اور ابھر اور ابھر
بجھ نہ جائیں کہیں زندگی کے شرر

"العطش" بھی کہا اور "الحمد" بھی
غازیوں نے لبوں پر زباں پھیر کر

چند تیغیں تھیں اور جاں نثارانِ حق
زرہ و جوشن کہاں ، کیسے خودّ و سپر

اور اس پر قیامت کی تھی تشنگی
کر دیا پھر بھی فوجوں کو زیر و زبر

یہ جوانانِ جنت کا سردار ہے
کربلا ! اپنی قسمت پہ تو ناز کر

اس بہادر کی تو بے کسی پر نہ جا
اس کی ٹھوکر پہ قربان فتح و ظفر

ہر روایت غلط ہر درایت غلط
یہ شہادت نہیں ہے اگر معتبر

ماہر القادری

Marfat.com

نگاہوں میں بیمار بیٹی کا چہرہ غمِ دِل کو دل میں دبانا تو دیکھو
محمد کے روضے کو دے کر سلامی نبی کے نواسے کا جانا تو دیکھو

اِدھر چُھٹ رہا ہے نبی کا مدینہ اُدھر دین کا ہے بھنور میں سفینہ
فِدا کر کے اکبر کی اُٹھتی جوانی سفینے کو ساحل پہ لانا تو دیکھو

اِدھر پانی پینے کو اصغر چلا ہے اُدھر پردہ داروں میں محشر بپا ہے
یہ معصوم اصغر کے تازہ لہو سے چمن مصطفیٰ کا سجانا تو دیکھو

بہن سامنے ہاتھ باندھے کھڑی ہے سکینہ اُدھر پاؤں پہ گر پڑی ہے
حُسین ابنِ حیدر کا مقتل کی جانب سلام آخری کر کے آنا تو دیکھو

جگر چر گئے ہیں کلیجے پھٹے ہیں علمدار غازی کے بازو کٹے ہیں
بدن سارا تیروں نے چھلنی کیا ہے یہ دانتوں سے پرچم اُٹھانا تو دیکھو

نظر چاند کی لاش پر رُک گئی ہے جھکا سر نہیں پر کمر جُھک گئی ہے
وہ اکبر کے چہرے سے چہرہ ملا کر اُمنگوں کا لاشہ اُٹھانا تو دیکھو

شہیدوں کی زندہ کہانی رہے گی اب اشکوں میں صائمؔ! روانی رہے گی
چلو مشورہ ضبطِ غم کا بھی مانا مگر مُصطفیٰ کا گھرانہ تو دیکھو

صائمؔ چشتی

Marfat.com

نمازِ دل کی سچی داستاں سجدے کے نیچے ہے
زمیں کی بات چھوڑو، آسماں سجدے کے نیچے ہے

حسین ابنِ علی تیری عبادت سب سے اعلیٰ ہے
مکاں ہاتھوں میں ہے اور لامکاں سجدے کے نیچے ہے

نہ دنیا کے نظاروں میں، نہ عقبیٰ کی بہاروں میں
اگر ہے تو حیاتِ جاوداں سجدے کے نیچے ہے

اگر سر کو جھکاؤ تم، حسینی شان و شوکت سے
چلے گا پھر پتہ کیا کیا نہاں سجدے کے نیچے ہے

لگا ہے چار سو پاتال میں میلہ فرشتوں کا
عقیدت کا یہ کیسا آستاں سجدے کے نیچے ہے

زمانہ کج نظر ہے، رمزِ قدرت کو کہاں سمجھے
زمیں پر جو تنا ہے سائباں سجدے کے نیچے ہے

یہی دنیا، یہی عقبیٰ، یہی قبلہ، یہی کعبہ
محبت کی مکمل داستاں سجدے کے نیچے ہے

جان کاشمیری

Marfat.com

نورِ چشمِ رحمۃ للعالمیں، ابن علی

نورِ چشمِ رحمۃ للعالمیں ، ابنِ علی
مرتضیٰ شیرِ خدا کا دلنشیں ابنِ علی

سربکف بہرِ دفاع و حفظِ دیں ، ابنِ علی
مرد ہے تاریخ ساز عہدِ آفریں ، ابنِ علی

حق پرستی کے جہانوں کا وہ خورشیدِ منیر
خاتمِ صدق و حقیقت کا نگیں ، ابنِ علی

آمریت کے مفاسد سے بخوبی با خبر
ایک مستقبل شناس ، اک حال بیں ، ابنِ علی

وقت کے جابر سے ٹکر لی جواں مردی کے ساتھ
تھا ، نہ کنج عافیت کا جاگزیں ، ابنِ علی

جادۂ حق پر تھا وہ اس کا تھا محکم اعتقاد
استقامت کا جبل ، پختہ یقیں ، ابنِ علی

کلمۂ حق سے نہ تو جھجکا تجھے یہ علم تھا
حکمرانِ شام ہے چیں بر جبیں ، ابنِ علی !

اپنی منزل کی طرف بڑھتے رہے تیرے قدم
ہر قدم پر آفتیں کیا کیا نہ تھیں ، ابنِ علی !

تیرا استقلال یکتا ، تیری جرأت بے مثال
منفرد ہے تیرا عزمِ آہنی ، ابنِ علی !

تجھ سے قائم ہے وقار و اعتبار اہلِ حق
بالیقیں نازِ زماں ، فخرِ زمیں ، ابنِ علی !

تیری قربانی سے اہلِ عشق کا ہے سر بلند
جو کیا تو نے ، جواب اس کا نہیں ، ابنِ علی !

ہے تقاضا وقت کا ، اپنائیں تیرا راستہ
مصلحت شیوہ ہم اس قابل نہیں ، ابنِ علی !

باطل و حق کی کشاکش میں کھڑے ہیں ہم جہاں
ہو نہ جائے ہم سے برگشتہ کہیں ، ابنِ علی

طارق سلطان پوری

Marfat.com

نوعِ انساں کے لئے ہے یہ پیامِ کربلا
احترامِ آدمیت احترامِ کربلا

اصلِ شبیری کو کب سمجھا کوئی دنیا پرست
ہے زمانے سے ابھی اوجھل مقامِ کربلا

کربلا جاں سے گزرنا ہے اصولوں کے لئے
منزلِ جاں ہے فقط بس یک دوگامِ کربلا

ہر یزیدِ عصر کو للکارنا مقصود ہے
حشر تک کرنا بپا ہے اک نظامِ کربلا

ظلم کو تسخیر کرنے کے لئے ہے آج بھی
ہر سرِ ظالم پہ تیغِ بے نیامِ کربلا

آؤ پھر تجدید ایمان و یقیں کے واسطے
بیعتِ شہ کے لئے اٹھیں بنامِ کربلا

سرفروشی ہے یہ نیرؔ! مصلحت کوشی نہیں
ہے حقیقت میں یہی رازِ دوامِ کربلا

Marfat.com

نہیں ملتا ہمیں اب کوئی ایسا در نہیں ملتا
تہِ چرخِ بریں شبیر کا ہمسر نہیں ملتا

جو اپنے خون سے رنگین کر لے خود قبا اپنی
بجز شبیر ، ایسا کوئی نام آور نہیں ملتا

جوان سے دشمنی کا بیج بو لے اپنی فطرت میں
سکونِ قلب پھر اس کو، کہیں دم بھر نہیں ملتا

دیا دشمن کو درسِ حق پرستی ان کا کیا کہنا
حسین ابنِ علی کی شان کا رہبر نہیں ملتا

سکھایا ہے ہمیں عمّار و بوذر کی طرح جینا
ہمیں غم حوصلے سے اب کوئی بڑھ کر نہیں ملتا

حسین ابنِ علی نے یوں شفق رنگین کر دی ہے
نگارِ زندگی کو اب کوئی زیور نہیں ملتا

Marfat.com

واقف شہِ امم کی دعا سے حسین ہیں
ٹھہرے جو کربلا میں رضا سے حسین ہیں

تمثیل جس کی تا دمِ محشر نہ مل سکے
منسوب ایسے کرب و بلا سے حسین ہیں

لفظوں میں کیا بیاں ہو مقامِ حسینیت
اس درجہ دوجہاں میں جدا سے حسین ہیں

تا حشر اس پہ ناز کرے گی نماز بھی
سجدے میں آج ایسی ادا سے حسین ہیں

زہراء کے لعل ، لختِ جگر گوشۂ علی
سرکارِ دوجہاں کے نواسے حسین ہیں

فرما دیا ، رسولِ خدا ہیں حسین سے
فرما دیا ، رسولِ خدا سے حسین ہیں

دشتِ بلا کی خاک بھی نوحہ کناں ہوئی
دریا بھی رو پڑا کہ پیاسے حسین ہیں

Marfat.com

وجہِ ناموسِ امم توقیر ہے شبیر کی
تاجِ فرقِ معرفت تقدیر ہے شبیر کی

ہیں چراغ خانۂ حیدر ، سراجِ خلد ہیں
شمعِ بزمِ مصطفیٰ تنویر ہے شبیر کی

پیکرِ انسانیت ہے ، وجہ عرفانِ خدا
عکس روئے مصطفیٰ ، تصویر ہے شبیر کی

ماہِ نو ہے جلوہ گر یہ آسماں پر یا کوئی
خون میں ڈوبی ہوئی شمشیر ہے شبیر کی

گلشنِ اسلام کو بخشی حیاتِ دائمی
زندگی افروز کیا شمشیر ہے شبیر کی

گلشنِ ہستی کا ہے ہر پھول مرجھایا ہوا
برگِ گل پر داستاں تحریر ہے شبیر کی

کیا غمِ فرقت مجھے زاہد ! غمِ شبیر میں
جب نگاہِ شوق میں تصویر ہے شبیر کی

صوفی عبدالوہاب زاہد چشتی

Marfat.com

وہ اندھیروں کو پسِ دیوار کرتا جاتا ہے
امن کا اور نور کا پرچار کرتا جاتا ہے

کون ہے جو جل رہا ہے، دیپ صورت دشت میں
کون ہے جو راستے ہموار کرتا جاتا ہے

پیاسی دھرتی ایک دم ہی ، رنگ میں آنے لگی
وہ لہو سے دشت کو گلزار کرتا جاتا ہے

وہ حسین ابنِ علی ، وہ مصطفیٰ کا لاڈلا
روشنی کو تیرگی سے پار کرتا جاتا ہے

حالتِ جنگ و جدل میں یا کہ وہ نیزے پہ ہو
ہر جگہ حق بات کا اظہار کرتا جاتا ہے

احمد خیال

Marfat.com

وہ سرفروشِ چمن ، سبطِ مصطفیٰ بھی ہے
حسین ابنِ علی شعلۂ وفا بھی ہے

کٹا کے سر بھی جو زندہ رہا شہیدِ بتول
دوامِ حق کا وہ مظہر بھی ہے ، بقا بھی ہے

سنانِ جور کے آگے نہ جھک سکا جو امام
وہ آگہی کا حوالہ بھی ہے ، انا بھی ہے

Marfat.com

جو سر بریدہ جسد خاک وخوں میں غلطاں ہے
وہ سربلندی کی رمزوں سے آشنا بھی ہے

کہ جس کے صدقِ شہادت سے سرخرو ہے شفق
کہ جس سے عالمِ ظلمات میں ضیا بھی ہے

جو لو ہے شمعِ صداقت کی ہر اندھیرے میں
سکوتِ ظلمتِ شب میں جو اک صدا بھی ہے

چلا جو راہِ خدا میں یقینِ محکم سے
جو با خدا ہے مسافر، جو با حیا بھی ہے

وہ حق کی رہ کا مجاہد، وہ راستی کی نوید
وہی ہے منزلِ مقصود، راستہ بھی ہے

کڑی ہے دھوپ مگر آلِ مصطفیٰ کے لیے
وہ اپنی ذات میں رحمت کی اک گھٹا بھی ہے

جہاں میں آج بھی زندہ ہیں باقیاتِ یزید
کہ حق کی بات ابھی موجبِ سزا بھی ہے

ڈاکٹر طاہر سعید ہارون

Marfat.com

وہ شمع آج ظلم کے جھونکے بجھا گئے
پتے کی طرح دونوں جہاں تھرتھرا گئے

یہ واقعہ عجیب ہے اے کربلا کی شام
دو آفتاب آج لہو میں نہا گئے

ایماں کو ایک بار بھی جنبش نہیں ہوئی
سو بار کوفیوں کے قدم ڈگمگا گئے

جب حضرتِ امام کے خیمے میں آئے حُر
محسوس یہ ہوا کہ مدینے میں آگئے

آنکھوں کا کیا ہے وہ تو برستی ہیں روز و شب
دل خوں ہوا حسین اگر یاد آگئے

ابنِ علی نے جامِ شہادت تو پی لیا
لیکن عدُو کا نام و نشاں تک مٹا گئے

ہنستے ہوئے شہید ہوئے اہلِ کربلا
لیکن جہاں میں درد کی دولت لٹا گئے

شہزاد احمد

Marfat.com

وہ فدائے ابنِ حیدر جو بہتّر لوگ تھے
کربلا میں آگئے جو سب سے بہتر لوگ تھے

اس طرف ظالم بڑے ہی دل کے پتھر لوگ تھے
اس طرف اہلِ مودّت مثلِ گوہر لوگ تھے

اس طرف قلاش تھے اسلام کی پہچان سے
اس طرف قربِ الٰہی میں تونگر لوگ تھے

اس طرف عتبہ و شیبہ کا رگوں میں خون تھا
اس طرف عشق محمد سے منوّر لوگ تھے

جو سناں کی نوک پر سر تھے ہوئے وہ سربلند
جو تھے نیزوں کو اٹھائے سب سے بدتر لوگ تھے

جب ملا تھا اذنِ رخصت اور کیا تھا گل چراغ
جو فدائے آل ٹھہرے خوش مقدر لوگ تھے

کہہ رہی ہے ساری دنیا سے تبسّم ! کربلا
جو یہاں پر دفن ہیں وہ حق شناور لوگ تھے

عبدالخالق تبسم قادری

Marfat.com

وہی سفر وہی صحرا دکھائی دیتا ہے
حسین آج بھی تنہا دکھائی دیتا ہے

بس اک چراغ ہوا تھا سرِ سناں روشن
یہ سب اسی کا اجالا دکھائی دیتا ہے

کوئی بھی ہو وہ کہیں کا بھی رہنے والا ہو
تجھے پکارے تو اپنا دکھائی دیتا ہے

نظر کے ساتھ جو دل سے بھی دیکھ سکتا ہو
اسی اسی کو یہ رستہ دکھائی دیتا ہے

کبھی جو پیاس کا شمشیر ذکر کرتا ہوں
تو لفظ لفظ میں دریا دکھائی دیتا ہے

Marfat.com

ہالۂ نورِ نبوت ہیں حسین

ہالۂ نورِ نبوت ہیں حسین
رفعتِ عرشِ سعادت ہیں حسین

خسروِ شہرِ سخاوت ہیں حسین
فخرِ منشورِ عبادت ہیں حسین

راکبِ دوشِ نبوت ہیں حسین
کعبۂ توقیر و عزت ہیں حسین

احترام ! اے چیرہ دستانِ زماں
مصطفیٰ کی شکل وصورت ہیں حسین

سر ہے نیزے پر، رواں ہے قافلہ
قافلہ سالارِ غربت ہیں حسین

شب اندھیری، شام کی راہیں طویل
اور مصروفِ تلاوت ہیں حسین

کہہ رہا ہے قریہ قریہ راہ کا
دُرِّ نایابِ شریعت ہیں حسین

روشنی ، رشد و ہدیٰ کی روشنی
شمعِ انوارِ ہدایت ہیں حسین

ہے نبوت سے جنہیں شرفِ بدن
وہ تعلق وہ قرابت ہیں حسین

مصطفیٰ کی چشمِ رحمت پر سلام
جس کی ٹھنڈک اور راحت ہیں حسین

کربلا کے ذرے ذرے کی قسم
کنزِ منشورِ شہادت ہیں حسین

مصطفیٰ کا نور بھی ، پورِ بتول
ہاشمی حسن صباحت ہیں حسین

آنسوؤں کے طشت میں لکھ ان کا نام
اے قمرؔ ! شاہِ شہادت ہیں حسین

قمر تابش

Marfat.com

ہجومِ غم میں بھی توفیق مسکرانے کی
حسین ہی کی طرف تھی نظر زمانے کی

یہ منزلت ہے یہ توقیر اس گھرانے کی
بنی ہے خاکِ شفا ، خاک آستانے کی

خبر سنی جو شہِ کربلا کے آنے کی
درود پڑھنے لگیں گردشیں زمانے کی

ہر ایک کو علی اکبر کے قتل کا غم ہے
کہ جیسے ٹوٹ گئی شاخ آشیانے کی

لٹے ہوؤں کے ہیں سجاد قافلہ سالار
یہ عمر تھی کہیں بارِ الم اٹھانے کی ؟

مرے حسین ! جہاں کے حسین ! سب کے حسین !
''رضائے دوست'' ہے سرخی ترے فسانے کی

ماہرالقادری

Marfat.com

ہر ایک عہد ترا ، "تب سے ناتمام" تلک
یزید زندہ رہا کربلا کی شام تلک

چلی تھی تیغ بہ ظاہر فرات کے لب پر
لہو لہو تھی فضا مسجدِ حرام تلک

نہ وقت کھول سکا آنکھ ، روشنی ایسی
نگاہ کیسے پہنچتی مرے امام تلک

ضمیرِ عصر پہ ہم ہیں ترے قدم کے نشاں
ہمارا نام بھی ہے بس تمہارے نام تلک

حضور ! عمر ہو اتنی یہ آرزو ہی رہی
میں پہلا شعر کہوں آخرِ سلام تلک

Marfat.com

ہر جا ہے ذکرِ عام امامِ حسین کا
چرچا ہے صبح و شام امامِ حسین کا

ہیں نانا جان آپ کے آقائے دوجہاں
ہر شخص ہے غلام امامِ حسین کا

سب کچھ لٹا کے پھر بھی نہ اف تھا زبان پر
اللہ رے! صبرِ تام امامِ حسین کا

عباس نامدار یہ کہتے تھے وقتِ جنگ
میں بھی ہوں اک غلام امامِ حسین کا

اصغر سا شیر خوار پسر تشنہ لب ہے آج
بے کل ہے گھر تمام امامِ حسین کا

سجاد کربلا سے مدینے میں لائے ہیں
سُن ! آخری سلام امامِ حسین کا

شیدائے آلِ پاکِ محمد ہوں میں حبیبؔ !
دل پر ہے کندہ نام امامِ حسین کا

Marfat.com

ہر وقت امامِ کربل کو پابندِ شریعت پاتا ہوں
حقا کہ امامِ برحق میں خوشبوئے نبوت پاتا ہوں

اے شیرِ خدا کے لختِ جگر ! محبوبِ خدا کے نورِ نظر !
تیری ہی بدولت اپنے لہو میں آج حرارت پاتا ہوں

اے حق و صداقت کے پرچم ! اغیار تجھے کیا کرتے خم
میں تجھ سے عقیدت رکھتا ہوں، تجھ ہی میں حقیقت پاتا ہوں

اعداء کی معیّت میں لاکھوں اور تیرے بہتّر[72] میداں میں
سہ روز کے تشنہ شیروں کو مشتاقِ شہادت پاتا ہوں

تنہائی کے فارغ لمحوں میں جب کرب و بلا یاد آتی ہے
دل خون کے آنسو روتا ہے اطراف میں ظلمت پاتا ہوں

وہ وقت بہت نزدیک ہے جب تاریخ کو میں دہرا دونگا
محرومِ مسرت دل میں غیاثؔ ! اب شوقِ زیارت پاتا ہوں

غیاث الدین قریشی

Marfat.com

ہوائے ظلم سے جب بجھتے جا رہے تھے چراغ
حسین اپنے لہو سے جلا رہے تھے چراغ

یقیں کا نور تھا آلِ نبی کے چہروں پر
وہ آدمی تھے کہ صحرا میں آ رہے تھے چراغ

دیا تھا اذن جو عباس کو شہادت کا
حسین بامِ وفا پر سجا رہے تھے چراغ

کٹھن تھا قریۂ ظلمت میں ٹھہرنا حُر کا
خیامِ آلِ عبا کے بلا رہے تھے چراغ

وہ ایک رات کی مہلت جو تھی شبِ عاشور
ہوائے کفر تجھے آزما رہے تھے چراغ

اگر بجھو بھی تو بن جاؤ صبح کا خورشید
ہمیں یہ رمزِ شہادت سکھا رہے تھے چراغ

فراستؔ ! آلِ محمد کا تھا لہو سرِ دشت
میانِ کرب و بلا جھلملا رہے تھے چراغ

فراست رضوی

Marfat.com

ہوتا ہے عرش و فرش پہ چرچا حسین کا

ہوتا ہے عرش و فرش پہ چرچا حسین کا
بجتا ہے شش جہات میں ڈنکا حسین کا

کوثر بھی ہے حسین کا، طوبیٰ حسین کا
کوئی ذرا بتائے، نہیں کیا حسین کا

وہ سر ہی کیا ہو جس میں نہ سودا حسین کا
وہ قلب کیا، اگر نہ ہو شیدا حسین کا

وہ منزلِ رضائے خدا تک پہنچ گئے
رہبر تھا جن کا نقشِ کفِ پا حسین کا

انسان کے شعور سے برتر ہے یہ مقام
قرآں سے پوچھئے ذرا رتبہ حسین کا

اس کے فرشتے بندۂ بے دام ہو گئے
مانندِ حُر جو بن گیا بندہ حسین کا

کونین میں سپر ہے نمازوں کی آج تک
اللہ رے! وہ آخری سجدہ حسین کا

روزہ نماز ہو کہ وہ حج و زکوٰۃ ہو
ہر آئنے میں ملتا ہے چہرہ حسین کا

شبیر کی خوشی میں خوشی ہے رسول کی
منشائے ایزدی ہے ارادہ حسین کا

کیسے حسین کا نہ خریدار ہو خدا
سچے حسین، سچا ہے سودا حسین کا

راحت نصیب ہو مرے قلب و نگاہ کو
اے کاش جا کے چوم لوں، روضہ حسین کا

سید راحت حسین راحت

Marfat.com

ہو رہی ہے پھر لہو میں ابتدائے کربلا
سر سے پا تک کچھ نہیں ہے ماسوائے کربلا

سامنے آتا ہے پانی، تو میں ہٹ جاتا ہوں دور
پیاس کو محفوظ رکھتا ہوں برائے کربلا

زندگی ہی زندگی تھا، نوکِ نیزہ پر وہ سر
روشنی ہی روشنی تھی وہ ہوائے کربلا

تب سے یہ ہونا نہ ہونا، اک برابر ہے ہمیں
کربلا میں کیا ہوا تھا اے خدائے کربلا

تین دن کی پیاس جانے ختم پر کب آئے گی
جانے کب ہوگی زمیں پر انتہائے کربلا

وہ چراغِ شامِ عاشورہ ابد کے طاق میں
وہ امانت دار خیمے، وہ سرائے کربلا

کہنے سننے کو یہ دو مضمون ہی باقی رہ گئے
اک سکوتِ کربلا ہے، اک صدائے کربلا

شاہین عباس

Marfat.com

ہوئے ہیں گُل سبھی ظلم و ستم جفا کے چراغ
مگر ہیں تاباں و رخشندہ مصطفیٰ کے چراغ

ہوائے تند سے لو ان کی اور تیز ہوئی
کمالِ اوج پہ روشن ہیں سب وفا کے چراغ

یہ کربلا سے ملا درس ہے زمانے کو
جو حق پرست ہو بس وہ چلے اٹھا کے چراغ

مٹے گی ظلمتِ رنج و الم، یقیں رکھ لے
علی کے نام کے تو دیکھ لے جلا کے چراغ

وفا شناسوں کے ہرگز نہ ڈگمگائے قدم
امامِ پاک نے دیکھا تھا جب بجھا کے چراغ

کرے گا رشک زمانہ جو پل سے گزریں گے
محبتِ شہِ کربل کے ہم دکھا کے چراغ

ہے میرا ناز کہ مدّاحِ آلِ احمد ہوں
بجا ہی لیں گے تبسم ! مجھے ثنا کے چراغ

عبدالخالق تبسم قادری

Marfat.com

ہے ظلم کی شکست ، صداقت حسین کی
انسانیت کی فتح ، عزیمت حسین کی

اس بات پر گواہ ، خدا اور رسول ہیں
ایماں کی ہے دلیل محبت حسین کی

قرآن کے ورق کی طرح بے مثال ہیں
صورت حسین کی ہو کہ سیرت حسین کی

اس شانِ فقر پر تو نچھاور ہیں تخت و تاج
ہے آج تک دلوں پہ حکومت حسین کی

شاعر بھی کیا کہے ، کوئی ذاکر بھی کیا بتائے
دوشِ نبی سے پوچھئے عظمت حسین کی

ایمان اور یقین کی دولت کے باوجود
ہر دور میں رہی ہے ضرورت حسین کی

ماہرالقادری

Marfat.com

ہے عبث ہر ذکر حمدِ کبریا کے سامنے
نعتِ محبوب و ثنائے مرتضیٰ کے سامنے

ہل گئیں باطل کی چولیں بھی درِ خیبر کے ساتھ
کھل گیا سب کا بھرم، خیبر کشا کے سامنے

کس کا جل سکتا ہے اہلِ بیت کے آگے چراغ
ظلمتیں ٹھہریں گی کیا، نورِ خدا کے سامنے

کند تھے دشمن کے حربے، روبروئے ذوالفقار
کیا ٹھہرتے سانپ، موسیٰ کے عصا کے سامنے

پنجتن کا واسطہ دے کر کیا جس دم طلب
ہر مرادِ دل ملی، دستِ دعا کے سامنے

عینِ راحت ہو، لبِ کوثر پڑھوں اپنا سلام
مجلسِ شہ میں علی و مصطفیٰ کے سامنے

سید راحت حسین راحت

Marfat.com

ہے قولِ پاکِ رسولِ اکرم، حسین مجھ سے جدا نہیں ہے
جو ابنِ حیدر سے بغض رکھے، ہمارا وہ باخدا نہیں ہے

حسین باغِ نبی کا گل ہے، اسی کے دم سے ہیں سب بہاریں
اسی سے گلشن میں دینِ حق کے، خزاں کا اب شائبہ نہیں ہے

تمام اصحاب ہیں مکرم، سبھی کے رشتے نبی سے محکم
مقامِ صبر و رضا میں لیکن، حسین سا دوسرا نہیں ہے

رہِ خدا میں لٹا دیا گھر، وہ محوِ سجدہ تھے زیرِ خنجر
امامِ عالی مقام جیسا کسی نے سجدہ کیا نہیں ہے

سلگتے صحرا میں اس کے تن پر بجائے پانی کے تیر برسے
شہیدِ کرب و بلا کے لب پر رشیدؔ! پھر بھی گلہ نہیں ہے

Marfat.com

ہیں کربلا کی زمیں پر محبتوں کے چراغ
وہ باغِ خلد کے پھولوں کی خوشبوؤں کے چراغ

حیات ہیں ، وہ بجھائے سے کب بجھے ہیں کبھی
وہ مصطفیٰ کے نواسے وہ رحمتوں کے چراغ

کرم یہ کم تو نہیں مجھ پہ میرے آقا کا
کہاں میں اور کہاں ان کی مدحتوں کے چراغ

وہ تیر کھا کے جو بے شیر مسکرایا ہے
جلیں نہ کیسے ہر اک دل میں آنسوؤں کے چراغ

گلے پہ شمر کا خنجر ، حسین سجدے میں
کچھ اس ادا سے بھی روشن ہیں طاعتوں کے چراغ

یہ کان کھول کے سن لے ہر اک یزید مزاج
نہ بجھ سکیں گے کبھی بھی صداقتوں کے چراغ

حسینی بزم ہے ، اے ذوالفقار ! کیا کہنا
نظر نظر میں ہیں تاباں عقیدتوں کے چراغ

سید ذوالفقار حسین

Marfat.com

یاد پیاسوں کی جو آئی تو نہ ٹھہرا پانی
اشک بن بن کے مری آنکھ سے ٹپکا پانی

داستانِ غمِ شبیر سنائی جب بھی
میں نے پتھر سے بھی رِستے ہوئے دیکھا پانی

والیٔ کوثر و تسنیم نے چاہا ہی نہیں
پھوٹ سکتا تھا اسی دشت سے ورنہ پانی

عرش کی سمت نظر کی ، مگر اتنا ہی کہا
میں نے اپنے لیے مالک نہیں مانگا پانی

تیری دہلیز پہ دیتے ہیں سلامی بادل
تیری پوشاک پہ جبریل نے چھڑکا پانی

میری نس نس میں محبت کے ہیں پھوٹے چشمے
آنکھ میں ، تیری عقیدت کا سمایا پانی

جب سے پیاسے نے کیا کوچ جہاں سے عابدؔ!
تب سے شبیر پہ روتا ہے یہ پیاسا پانی

Marfat.com

یارب ! سرِ حسین کہاں ، طشتِ زر کہاں
بازارِ شام اور محمد کا گھر کہاں

پر خار راستوں میں اسیروں کے قافلے
غربت میں آہ! شام کہاں ہے سحر کہاں

زینت نبی کے دوش کی اور فاطمہ کا لعل
شاخِ سناں نے پایا ہے ایسا ثمر کہاں

آیا تھا وہ مدینہ کی بستی کو چھوڑ کر
صحرائے نینوا میں مسافر کا گھر کہاں

شہزادیوں کے بارہ گلے ، ایک تھا رسن
عابد یہ بھول پائے گا زخمِ جگر کہاں

اصغر ! جوان بھائی کا دیدارِ آخری
عباس دے صدا ، کہ رہی اب نظر کہاں

اصغر علی ندیم

Marfat.com

یا شہیدِ کربلا ! فریاد ہے

یا شہیدِ کربلا ! فریاد ہے
جانِ بی بی فاطمہ ! فریاد ہے

آہ ! سبطِ مصطفیٰ ! فریاد ہے
ہائے ابنِ مرتضیٰ ! فریاد ہے

بیڑا امواجِ تلاطم میں پھنسا
آہ ! میرے ناخدا ! فریاد ہے

اس علی اکبر کا صدقہ جو کہ ہیں
ہم شبیہِ مصطفیٰ ، فریاد ہے

ہے یہی حاجت کہ طیبہ میں مروں
اے مرے حاجت روا ! فریاد ہے

دشمنوں کی دشمنی سے تنگ ہوں
شہسوارِ کربلا ! فریاد ہے

دے دیا سارے طبیبوں نے جواب
بہرِ زہرا دے شفا ، فریاد ہے

نفس و شیطاں کی پکڑ میں آگیا
زورِ عصیاں بڑھ چلا ، فریاد ہے

دے علی اصغر کا صدقہ سرورا !
پیکرِ جود و سخا ! فریاد ہے

عابدِ بیمار کے صدقے میں دے
دردِ عصیاں کی دوا ، فریاد ہے

حال ہے بے حال ، شاہِ کربلا !
آپ کے عطّار کا ، فریاد ہے

مولانا محمد الیاس عطار قادری

Marfat.com

یزید تو نے تو کچھ دیر زندگانی کی
مرے حسین نے صدیوں پہ حکمرانی کی

ہر ایک شام کو بخشی ترے لہو نے شفق
ہر ایک صبح ترے ذکر نے سہانی کی

وگرنہ آنکھوں کا ہونا تو رائیگاں گیا تھا
حسین ہم پہ ترے غم نے مہربانی کی

لبِ فرات کئی لوگ مر گئے تشنہ
مگر بجھی نہیں ہے پیاس پھر بھی پانی کی

رضاؔ! وہ پیاس ابھی ثبت ہے فضا میں کہیں
کہ آ رہی ہے صدا اب بھی "پانی پانی" کی

Marfat.com

یزید شہر میں سہمے دلوں کی آس ، حسین
فراتِ عدل پہ تشنہ لبوں کی پیاس ، حسین

یہ چپ چٹان عزائم کو موم کر دے گی
کوئی تو بات ہو اے کربلا شناس ، حسین

تمام عہد کے ہر حملہ پہ بھاری ہے
تری کتاب کا چھوٹا سا اقتباس ، حسین

یزیدیت کے اندھیروں میں وہ چراغ جلا
زمانہ ڈھونڈتا ہے اپنے آس پاس ، حسین

طلوعِ شامِ غریباں کی دستکیں ہیں شکیلؔ!
شفق پہ پھیل گیا ہے لہو لباس ، حسین

Marfat.com

چہ نسبت خاک را بہ عالمِ پاک

یزید نقشۂ جور و جفا بناتا ہے
حسین اس میں خطِ کربلا بناتا ہے

یزید موسمِ عصیاں کا لاعلاج مرض
حسین خاک سے خاکِ شفا بناتا ہے

یزید کاخِ کثافت کی ڈولتی بنیاد
حسین ، حسن کی حیرت سرا بناتا ہے

یزید تیز ہواؤں سے جوڑ توڑ میں گم
حسین سر پہ بہن کے ردا بناتا ہے

یزید لکھتا ہے تاریکیوں کو خط دن بھر
حسین شام سے پہلے دیا بناتا ہے

یزید آج بھی بنتے ہیں لوگ کوشش سے
حسین خود نہیں بنتا ، خدا بناتا ہے

غلام محمد قاصر

Marfat.com

یوں نبھائی حق سے اپنی دوستی شبیر نے
وار دی کرب و بلا میں زندگی شبیر نے

جگمگاتا ہی رہے گا جس کی کرنوں سے جہاں
اپنے سجدوں سے وہ دے دی روشنی شبیر نے

تھا کھٹکتا غلبۂ اسلام جن کی آنکھ میں
اُن کے اندر کی شقاوت دیکھ لی شبیر نے

اپنے نانا کی محبت اور عظمت کے لئے
کوئے بطحا جیسی جنت چھوڑ دی شبیر نے

ایسی کلیاں جن کی قسمت میں کبھی کھلنا نہ تھا
بخش دی ان کو لہو سے تازگی شبیر نے

کربلا کی خاک کو قدسی بھی آئے چومنے
اس طرح کی ، اس زمیں پر ، بندگی شبیر نے

سر کٹے جو کربلا میں ، ان سے ناصرؔ ! ہے عیاں
موت کو جانا ہے شانِ زندگی شبیر نے

سید ناصر حسین ناصر چشتی

Marfat.com

یہ اختیار کتنا وسیع و بلند ہے
سارا جہاں حسین کی مٹھی میں بند ہے

بدلا ہے کربلا میں تقاضائے انقلاب
نیزے پہ اب جو سر ہے وہی سربلند ہے

کیا ان کی ہمتوں پہ کوئی تبصرہ کرے
بچہ بھی جن کے گھر کا شہادت پسند ہے

ہر قوم چاہتی ہے کہ ہو جائے خود اسیر
اتنی حسینیت کی مؤثر کمند ہے

ایوانِ انبساط میں جنت نہ کر تلاش
یہ تو غمِ حسین کے آنسو میں بند ہے

دیکھے جہاں، حسین کی آغوش کا کمال
ہے تیر پست، گردنِ اصغر بلند ہے

یہ دل پہ منحصر ہے، مبارک تمہیں ہنسی
مجھ کو غمِ حسین میں رونا پسند ہے

سید وحید الحسن ہاشمی

Marfat.com

یہ بحث کیا کہ کہاں پر نہیں ، کہاں پہ حسین
زباں زباں ہے، تو آئے گا ہر زباں پہ حسین

مری جبینِ عقیدت وہاں جھکے گی ضرور
مگر یہ شرط کہ لکھا ہو آستاں پہ حسین

جہاں جہاں پہ فنا ہے ، وہاں وہاں پہ یزید
جہاں جہاں پہ بقا ہے ، وہاں وہاں پہ حسین

یزیدیت کے مٹانے کو یوں بھی نکلے ہیں
سناں کے سامنے اہلِ حرم ، سناں پہ حسین

ہوائے شوق تھپیڑوں سے خود ہی سمجھے گی
بہا دو کشتیٔ دل ، لکھ کے بادباں پہ "حسین"

رگِ حیات نہ کٹتی تو جانے کیا ہوتا
گلا کٹا کے تو چھائے ہیں دو جہاں پہ حسین

یزید کٹ گیا تیغِ زبانِ اصغرؑ سے
شکست قوتِ باطل کو دی ، کہاں پہ حسین

سید وحید الحسن ہاشمی

Marfat.com

یہ جو محفل میں اشک باری ہے
یہاں خرچے میں نفع جاری ہے

یہ مگر ذکرِ کربلا سے کھلا
ایک غم میں بھی غمگساری ہے

حلقۂ شورِ "العطش" میں کہاں
وہ جو دریا کو بے قراری ہے

کون پانی کو روکنے والا ؟
پیاس کا جبر اختیاری ہے

ہمہ شب انتظارِ صبحِ وصال
شب نہیں زندگی گزاری ہے

فیصلے کا ہے ایک پل ورنہ
سوچنے کو تو عمر ساری ہے

دو قدم رہ گیا ہے خیمۂ شاہ
حُر پہ یہ وقت کتنا بھاری ہے

نصیر ترابی

Marfat.com

یہ خانوادہ اور ہے ، شجرہ کچھ اور ہے
میرا درِ حسین سے ناتا کچھ اور ہے

اے رہروانِ جادۂ گلزارِ زندگی
کربل کی رہ سے ہو کے گذرنا کچھ اور ہے

گو روئے آبِ نیل پہ چلنا بڑی ہے بات
قعرِ فراتِ غم سے ابھرنا کچھ اور ہے

یہ وہ نہیں جو ترشیٔ ایام سے ہو ختم
جو ہم کو لگ چکا ہے وہ نشہ کچھ اور ہے

دنیا میں بے مثال تو عقبیٰ میں بے مثال
اے روحِ کائنات ! یہ مولا کچھ اور ہے

فرتاش سید

Marfat.com

یہ کس کے ظلم و ستم کی اساس بولتی ہے
بلادِ کرب میں شدّت کی پیاس بولتی ہے

جہاں بھی سامنا ہوتا ہے حق و باطل کا
پہن کے زیست ، حسینی لباس بولتی ہے

کبھی جو گھر سے میں دریا کی سمت جاتا ہوں
کسی کی پیاس ، مرے آس پاس بولتی ہے

بس ایک صبر کہ پھیلا ہوا ہے چہروں پر
نہ زخم چیخ رہے ہیں نہ پیاس بولتی ہے

حسن ، حسین ، علی ، فاطمہ کی صورت میں
نبی کے دین کی پوری اساس بولتی ہے

مدینہ شہر کے رستے میں کس کے آنسو ہیں
یہ کس کے لوٹ کے آنے کی آس بولتی ہے

درِ حسین سے نسبت کا فیض ہے عامرؔ !
کہ دنیا آج ہمیں غم شناس بولتی ہے

مقصود عامر

Marfat.com

یہ کون لوگ ہیں حق کا علم اٹھائے ہوئے
جو راہِ غم میں ہیں چپ چاپ سر جھکائے ہوئے

زمین شوق سے سو بار چومتی ہے جنھیں
سفید پوش ہیں جو خون میں نہائے ہوئے

وہ راز کیا ہے کہ جس کے امین ہیں یہ لوگ
کہ زخم کھا کے بھی زخموں کو ہیں چھپائے ہوئے

جو ان کے ساتھ ہے ہر پل وہ روشنی کیا ہے ؟
کہ موجِ خوں میں بھی چہرے ہیں جگمگائے ہوئے

ملا ہے ان کو یقیناً کوئی مقامِ بلند
کہ گھر لٹا کے بھی چلتے ہیں سر اٹھائے ہوئے

گنو تو کم ہیں ، جو سمجھو تو ان گنت ہیں یہ
کہ دو جہان کی ہیں وسعتوں پہ چھائے ہوئے

یہی تو لوگ ہیں مقبولِ بارگاہِ رسول
یہی ہیں ربِ دو عالم کے آزمائے ہوئے

شبنم شکیل

Marfat.com

یہ کیوں کہوں ، نہ ملا تشنہ کام کو پانی
نہ تھا قبول ہی پینا ، امام کو پانی

اشارہ کرتے جگر گوشۂ رسول اگر
مجال تھی کہ نہ آتا ، سلام کو پانی؟

ترستے کیا شہِ عالی مقام پانی کو
ترس گیا شہِ عالی مقام کو پانی

جہاں ترستے ہوں سب تین دن کے فاقے سے
وہاں نہ صبح کو پانی ، نہ شام کو پانی

نہیں فرات کی لہروں کا بس ، کہ خیمے تک
بڑھیں اور اٹھ کے پلا دیں امام کو پانی

بساطِ ارض و سما کیوں الٹ نہیں جاتی
حسین تشنہ دہن ، فوجِ شام کو پانی

کمالِ بے ادبی تھی جو بڑھ کے چھو لیتا
قسیمِ بادۂ کوثر کے جام کو پانی

محشر بدایونی

Marfat.com

یہ ہجومِ دشمناں، سبطِ پیمبر کے لئے
کتنی تلواریں نکل آئی ہیں اک سر کے لئے

سربلندی ہے سرِ سبطِ پیمبر کے لئے
دو جہاں کی وسعتیں ہیں، لاشِ بے سر کے لئے

سب کہاں سمجھے کہ کیا تھے واقعاتِ کربلا
آنکھ بھی تو لازمی ہوتی ہے منظر کے لئے

تا ابد زندہ رہے گا مامتا کا شاہکار
کوئی بھی آغوش ہو، تڑپے گی اصغر کے لئے

جانبِ عباس، موجیں بڑھ رہی تھیں اس طرح
جیسے مصروفِ سفر دریا، سمندر کے لئے

ظلم سے کہہ دو کہ بس میں ہو تو وہ بعدِ فرات
بھیج دے اب کوئی لشکر حوضِ کوثر کے لئے

زیرِ خنجر دو جہاں کی گردنوں کی آبرو
کتنا مشکل مرحلہ ہے آج خنجر کے لئے

معراج فیض آبادی

Marfat.com

ضمیمہ

کتاب پرنٹنگ کے مراحل میں داخل ہو رہی تھی کہ محبّ محترم
جناب پروفیسر فیض رسول فیضان صاحب
نے اپنا کلام عطا فرمایا۔ اس وقت تک کتاب ترتیب دی جا چکی تھی

"ناچار اس راہ پڑا جانا"

Marfat.com

"جگر گوشۂ بتول"

انوار کا نزول "جگر گوشۂ بتول"
انعام کا حصول "جگر گوشۂ بتول"

مدحِ حسین ابنِ علی کا ہے انتخاب
کیفِ دلِ ملول "جگر گوشۂ بتول"

باغِ جناں کی بادِ خنک حُبِّ پنجتن
شاخِ ادب کا پھول "جگر گوشۂ بتول"

نذرانۂ عقیدتِ آلِ رسول ہے
گلدستۂ قبول "جگر گوشۂ بتول"

دونوں وجود لازم و ملزوم ہیں بہم
جان و دلِ رسول "جگر گوشۂ بتول"

مجھ خستہ کا بھی اپنے فقیرانِ راہ میں
کر لیں کبھی شمول "جگر گوشۂ بتول"

فیضان سعیٔ عارف جاوید خوب ہے
خوشنودیٔ بتول "جگر گوشۂ بتول"

Marfat.com

اشقیا کے نرغے میں یوں حسین تھا تنہا
خار زار میں جیسے گل کھلا ہوا تنہا

گردشِ فلک بتلا وہ تجھے لگا کیسا
ناوکوں کی بارش میں پیکرِ وفا تنہا

یا نبی کے کاندھے پر بولتا چہکتا تھا
یا زمینِ کربل پر تھا وہ بے نوا تنہا

جو قیام فرما تھا پیشِ حق ، شبِ عاشور
اگلی دوپہر کو تھا سجدے میں پڑا تنہا

سورج اس کے پاؤں کو جھک کے بوسہ دیتا تھا
خاک وخوں میں لتھڑا تھا جب وہ مہ لقا تنہا

استعارۂ روشن ٹھہرا حق شناسی کا
تج کے شان و شوکت کو حُر جو ہوگیا تنہا

Marfat.com

حسین ابنِ علی ماہِ مطلعِ ارشاد
حق آشنا و شہادت مآب و رحمت زاد

حسین مشہدِ تسلیم کا جلال و جمال
چمن طراز و صبا مژدہ و بہار ایجاد

حسین حریت آموز و زندگی افروز
امامِ عصر ، سفیرِ بقا ، امیرِ معاد

وہ جس کے غم سے عبارت بہارِ فکر و نظر
وہ برگِ صبر ، وہ بارِ رضا ، وہ نخلِ مراد

وہ جس نے فکر کو بخشی عمل کی جولانی
وہ جس سے عزم کی دنیا ہے آج تک آباد

وہ جس کی یاد ہے روحِ جہاد و جانِ ثبات
وہ جس کے ذکر سے وابستہ ذہن و دل کی کشاد

اساسِ ہدیۂ تائبؔ ہے گفتۂ غالب
"حسین ابنِ علی آبروئے دانش و داد"

حفیظ تائب

Marfat.com

حکایتِ غمِ ہستی تمام کہتا ہوں
میں دل کی بات بفیضِ امام کہتا ہوں

عزیمت ان کی ہے آئینۂ ضمیر نما
انہیں سلام بصد احترام کہتا ہوں

ہے لازوال کچھ ایسا حسین کا کردار
اسے بہارِ بقائے دوام کہتا ہوں

عبادتِ شبِ آخر وہ پورِ حیدر کی
جسے وقارِ قعود و قیام کہتا ہوں

انہی کے در کو سمجھتا ہوں بابِ استقلال
انہیں کے گھر کو میں دارالسلام کہتا ہوں

یہ انتساب ہے سرمایۂ ثبات مرا
کہ خود کو آلِ نبی کا غلام کہتا ہوں

یہ حوصلہ بھی ہے تائبؔ ، عنایتِ شبیر
جو حرفِ حق میں سرِ بزمِ عام کہتا ہوں

Marfat.com

لرزے نہ عزم کا عَلَمُ خونِ حسین کی قسم
رختِ وفا رہے بہم خونِ حسین کی قسم

راہروانِ ملکِ حق! اس کے صراطِ پاک پر
جرم ہے لغزشِ قدم خونِ حسین کی قسم

زمزمۂ جہاد سے سینوں میں بجلیاں بھرو
توڑو مفاد کے صنم خونِ حسین کی قسم

ابھرے گا مہرِ حرّیت داعیٔ کاشمیر میں
کٹ کے رہے گی شامِ غم، خونِ حسین کی قسم

اہلِ حرم کے اشکِ غم لائیں گے رنگ ایک روز
خونِ حسین کی قسم، خونِ حسین کی قسم

Marfat.com

اہلِ کوفہ نے جو دھوکے سے بلائے ہوئے ہیں
بھوکے پیاسے ہیں مگر فوج پہ چھائے ہوئے ہیں

بند جن پر ہے کیا ظالموں نے آبِ فرات
سر، حضور اُن کے، سمندر بھی جھکائے ہوئے ہیں

جن پہ تیروں کی ہے برسات مسلسل جاری
دل میں وہ شیوۂ تسلیم بسائے ہوئے ہیں

جن کے لاشوں پہ یہ گھوڑوں کی مچی ہے بھگدڑ
پر فرشتوں نے تلے اِن کے بچھائے ہوئے ہیں

سرِ شبیر ہے قرآن سرا نیزے پر
یہی اوصاف خدائی کو لُبھائے ہوئے ہیں

گونج دربارِ یزیدی میں سُنو زینب کی!
ہوش دشمن کے، اُجڑ کر بھی، اُڑائے ہوئے ہیں

سرخرو کر گئے اسلام کو حیدر جائے
پاک زہرا نے سبق ایسے پڑھائے ہوئے ہیں

پنجتن کی یہ مودّت کا صلہ ہے فیضان!
مُجھ سے کونین کے غم آنکھ چرائے ہوئے ہیں

پروفیسر فیض رسول فیضان

Marfat.com

دنیا کو سر خوشی کا حوالہ پسند ہے
ہم کو غمِ حسین میں رونا پسند ہے

جس میں ہو ذکرِ خیر محمد کی آل کا
وہ گفتگو ، وہ بات ، وہ لہجہ پسند ہے

جس میں گُھلی ملی ہو مودّت کی چاشنی
وہ فکر ، وہ سخن ، وہ عقیدہ پسند ہے

وہ دین کی بقا کے لئے جاں لڑا گئے
کیوں ہم کو اپنی کھال بچانا پسند ہے

پڑھتے ہوئے نماز ، شہادت ہوئی نصیب
سجدہ سرِ حسین کو کتنا پسند ہے

دل قائلِ حسین ، عمل مائلِ یزید
اللہ کو یہ سوچ بڑی ناپسند ہے

ہو جاؤں کاش گر کے قدم بوس دفعتاً
پوچھیں وہ جبکہ : بول تجھے کیا پسند ہے ؟

فیضانؔ ! ایک فیصلہ کر ، دو رُخی کو چھوڑ
بیعت قبول ہے کہ اُجڑنا پسند ہے

Marfat.com

دیکھ کر نیزے پہ تیری حق بیانی یا حسین
ہے یزیدیت ابھی تک پانی پانی یا حسین

جب کہیں سیلاب آیا ہے تو یہ سمجھا ہوں میں
ڈھونڈتا پھرتا ہے اب بھی تجھ کو پانی یا حسین

پتھروں کا بھی کلیجہ سن کے ہوجاتا ہے موم
تیرے اکبر، تیرے اصغر کی کہانی یا حسین

رشکِ پیری کیوں نہ ہو تیرا شبابِ دلربا
دین پر قرباں ہوئی تیری جوانی یا حسین

ایک موتی سا جو پلکوں پر مری لرزیدہ ہے
یہ بھی ہے تیری مودّت کی نشانی یا حسین

یہ بھی تیرے ہی لبِ قرآں سرا کا فیض ہے
ورنہ کیا میں، کیا مری یہ مدح خوانی یا حسین

تیری خدمت میں کرے فیضانؔ کیا نذرانہ پیش
تو سراپا ہے بقا، میں عبدِ فانی، یا حسین

پروفیسر فیض رسا فیضان

Marfat.com

سرِ کربل عجب منظر دکھایا ابنِ حیدر نے
جو کچھ بھی پاس تھا، دیں پر لٹایا ابنِ حیدر نے

فرشتوں اور حوروں کا کلیجہ پھٹ گیا غم سے
علی اکبر کا جب لاشہ اُٹھایا ابنِ حیدر نے

زمین و آسماں کا ذرّہ ذرّہ ہوگیا پُرنم
علی اصغر کو جب سینے لگایا ابنِ حیدر نے

مٹی یکلخت دشتِ نینوا کی تشنگی ساری
لہو جب اپنے بچوں کا پلایا ابنِ حیدر نے

یزیدی فوج کا سب کرّ و فر نابود کر ڈالا
کچھ ایسی شان سے پرچم اٹھایا ابنِ حیدر نے

ادا حق ہوگیا گویا تلاوت اور قرأت کا
جو قرآں نوکِ نیزہ پر سنایا ابنِ حیدر نے

لڑے فیضانؔ! آنکھیں ڈال کر ظالم کی آنکھوں میں
ہر اک مظلوم کا رتبہ بڑھایا ابنِ حیدر نے

پروفیسر فیض رسول فیضان

Marfat.com

منزلِ قلبِ حزیں ، آب و ہوائے کربلا
مرہمِ زخمِ جگر ، خاکِ شفائے کربلا

ہوگیا یکبار خیمہ زن حسینی کارواں
آلِ اطہر کو پسند آئی فضائے کربلا

اس کی تپتی ریت پر توڑا علی اکبر نے دم
تا ابد کیونکر نہ اب آنسو بہائے کربلا

اے حسین ابنِ علی! تیری شہادت کے طفیل
کیا زمیں، کیا آسماں، سب ہیں فدائے کربلا

روح تنہا کب سسکتی ہے نجف کے واسطے
چشمِ نم بھی خون روتی ہے برائے کربلا

امّتِ مرحوم کے حالِ زبوں پر رحم کر
اے خدائے پنجتن! اے کبریائے کربلا

کس طرح فیضانؔ اس پر سے ہٹے دنیا کی آنکھ
فاطمہ کا لال ہے زینت فزائے کربلا

پروفیسر فیض رسول فیضان

Marfat.com

مومن وُہی ہے دل سے جو اُس کا غلام ہے
میرا حُسین سب شُہدا کا امام ہے

نیزے پہ سر، زباں پہ خدا کا کلام ہے
منزل یہ کون سی ہے، یہ کیسا مقام ہے

اُف توبہ ! ابنِ ساقیٔ کوثر پہ یہ ستم
لبریز اپنے خُون سے ہی اُس کا جام ہے

حیران ہے زمیں تو پریشان آسماں
بے مثل سجدہ ہے تو انوکھا قیام ہے

چشمِ فلک کو تابِ نظارہ نہیں رہی
اُجڑا ہُوا ہے قافلہ، بازارِ شام ہے

دشنام بن کے ہانپ رہی ہے یزیدیت
مولا حسین کا ابدی انتقام ہے

پاسِ وفا جو کر سکے، وہ ایک بھی نہیں
دعویٰ گروں کا چاروں طرف اژدہام ہے

جنت کے نوجوانوں کا سردار کون ہے ؟
فیضان ! وہ نواسۂ خیرالانام ہے

پروفیسر فیض رسول فیضان

Marfat.com

یادداشت

Marfat.com

فاضل انیق (علامہ) محمد عارف جاوید نقشبندی کی تالیف لطیف مسمّیٰ بہ ''جگر گوشہ بتول''
نظر نواز ہوئی، زہے خوب!

؎ ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند

مولف نے گزرے واقعات کو وفورِ عقیدت کے ساتھ صفحہ قرطاس پر بکھیر کر، ان پر اپنے جذبات صادقہ کی مہر ثبت کر کے پہلے سے معلوم شدہ باتوں کے گلدستہ کو ایسے دلنشیں، دلکش اور فنکارانہ انداز میں پیش کیا ہے جس کی عطر بیزیاں، اہل محبت کے مشام جاں کو تادیر معطر کرتی رہیں گی۔

زیرِ نظر مجموعہ ''جگر گوشہ بتول'' میں غم کے گہرے پردوں کے باوجود کائنات کے جمال کی ایک خوبصورت تصویر مل جاتی ہے۔ اس کتاب میں ذوق سلیم رکھنے والی طبیعتوں اور منصف مزاج قارئین کے لئے ایسے ذائقے موجود ہیں جن سے تادیر روحانی آسودگی کے فائدوں کا ذائقہ محسوس ہوتا رہے گا۔

فرزند رسول عربی، جوانان جنت کے سردار امام حسینؓ عالی مقام کی بارگاہ میں اتنے سارے شعراء کے نذرانہ ہائے عقیدت کو کتابی صورت میں پیش کر کے مولف محترم نے حب امام حسینؓ کا جو اچھوتا کارنامہ سرانجام دیا ہے کم از کم میری نظر سے آج تک ایسا نذرانہ خلوص نہیں گزرا۔

زیرِ نظر کتاب ''جگر گوشہ بتول'' بڑا رنگین، دلآویز اور لطیف مجموعہ کلام ہے، قارئین جب جب ان اشعار کی تسبیح رانی کرتے رہیں گے، شجاعت ابن حیدر کو داد دے کر سر دھنتے رہیں گے۔

علامہ محمد رب نواز خاں اجمیری

علم و عرفان پبلشرز

الحمد مارکیٹ، 40- اُردو بازار، لاہور۔
فون 37352332 37232336 فیکس 37223584
www.ilmoirfanpublishers.com
E-mail: ilmoirfanpublishers@hotmail.com